فارسی در پاکستان

مقالات سمینار فارسی

لاهور ۱—۷ تیر ۱۳۴۹ == ۲۲-۲۸ جون ۱۹۶۰

گردآورنده : دکتر سید محمد اکرم

مهر ۱۳۵۰ خورشیدی == اکتبر ۱۹۷۱ میلادی

پیش گفتار

در سیر تاریخی ملل مشرق زمین کمتر دو ملتی را میتوان یافت که مانند دو ملت ایران و پاکستان دارای چنین اشتراک فرهنگی و ادبی باشند . شواهد و مدارک تاریخی نشان میدهد که روابط نزدیک و شاید وحدت فرهنگی و انسانی بین این دو ملت از دوران باستان برقرار بوده است . مثلاً در زمان کوروش کبیر بنیانگذار شاهنشاهی ایران مرزی که خط فاصل بین ایران و پاکستان کنونی باشد وجود نداشته است .

در دوران بعد از اسلام نیز خطهٔ پاکستان دین مبین اسلام را همراه با فرهنگ و ادب پارسی یکجا پذیرفت و مردمانش چنان عاشق و شیفتهٔ فرهنگ و ادب ایران زمین گشتند که نه تنها مشعلدار این میراث فرهنگی در شبه قاره شدند و آنرا در تمام شئون زندگی سیاسی و اجتماعی خود رخنه دادند بلکه در دوره‌های رکود فرهنگی و ادبی در ایران نیز بحفظ و حراست مبانی فرهنگی و ادبی ایران پرداختند .

متأسفانه در دو قرن گذشته نفوذ بیگانگان مظاهر فرهنگ و ادب فارسی را از زندگی سیاسی و جتماعی این سرزمین بزدود و در نتیجه زبان بیگانه‌شان جایگزین زبان فارسی که زبان رسمی و اداری به قاره بود گردید . اما از آنجا که هیچگاه نمیتوان چنین فرهنگ و ادب کهنی را از دل مردمان وشن ضمیر و با احساس برون ساخت میبینیم که نهال فرهنگ و زبان فارسی که در دلهای مردم این رزمین زنده بوده و هرگز خشک نشده بود دوباره جوانه زد و شکوفان شد و علامه اقبال را صحنهٔ زندگی فرهنگی و سیاسی پاکستان قرار داد . عشق و علاقه‌ای که این شاعر و فیلسوف بزرگ اسلام شعر و ادب فارسی و بطور کلی بمیراث فرهنگی ایران داشت دیگر افراد این سرزمین را متوجه این تیقت نمود که راه تجدید حیات ملی و فرهنگی خود احیاء و توسعهٔ ادبیات و فرهنگ فارسی در این شور است . بدین گونه دانشمندان و ادبای پاکستان در راه استقلال فرهنگی و ادبی خود به ترویج و نویق زبان فارسی توجه نمودند . در این راه به بررسی اقداماتی پرداختند که باید به اولیای امور پاکستان و نیز بمقامات کشور شاهنشاهی ایران که مهد تمدن و ادب فارسی است توصیه نمود تا جهٔ مطلوب بدست آید . چنین اندیشه‌هائی منجر به تشکیل ''سمینار بررسی مسائل و زبان و ادبیات

فارسی در پاکستان'' گردید . این سمینار که بوسیلهٔ انجمن دوستی ایران و پاکستان در لاهور باهمکاری سفارت شاهنشاهی و رایزنی فرهنگی ایران در پاکستان ترتیب یافته بود از تاریخ اول تیر ماه ۱۳۴۹ (۲۲ ژوئن ۱۹۷۰) با شرکت جمعی از اساتید دانشگاهها، ادباء، نویسندگان، روزنامه نگاران، رؤسای خانه های فرهنگی ایران در پاکستان و معلمین زبان فارسی در پاکستان در شهر تاریخی و فرهنگی لاهور تشکیل گردید و جلسات آن تا یکهفته با موفقیت ادامه داشت . شرکت کنندگان در سمینار سخنرانیها جامع و فاضلانه‌ای در اطراف فرهنگ و ادب فارسی ایراد کردند و مخصوصاً مسائل مربوط به تدریس و ترویج زبان فارسی در پاکستان را مورد بررسی قرار دادند . در پایان سمینار قطعنامه‌ای صادر شد که طی آن برای ترویج زبان فارسی در پاکستان پیشنهادهای مهم و ارزنده‌ای شده بود و شرکت کنندگان اجرای سریع آنها را خواستار شدند .

نتایج سمینار در اذهان و افکار فرهنگیان جنبش فوق‌العاده‌ای ایجاد کرد که آثار آن کاملاً محسوس گردید و امید میرود مقامات دو کشور پیشنهادات سمینار را با توجه خاص بررسی و برای اجرای آنها اقدام نمایند .

اینک که شهر تاریخی لاهور برای شرکت در جشنهای دو هزار و پانصدمین سال بنیانگذاری شاهنشاهی ایران با شور و شوق فراوان آماده میشود مجموعهٔ سخنرانیهای سمینار مزبور بدینوسیله در اختیار علاقمندان به فرهنگ و زبان فارسی قرار داده میشود . شایستهٔ یاد آوری است که متن چند سخنرانی تا به هنگام چاپ این مجموعه در دست نبود که البته در چاپ بعدی درج خواهد شد .

در پایان لازم میدانم از همه شخصیتهای علمی و فرهنگی که برای برگزاری سمینار از هیچگونه کمک و فداکاری دریغ نکرده و برای موفقیت آن شب و روز فعالیت نمودند سپاسگزاری و قدردانی نمایم .

مریم بهنام

فہرست مندرجات

هر گوشه و کنار ایران بدان سوی شدّ رحال میکردند .

خلاصه آنکه رواج اسلام و نفوذ فرهنگ اسلامی ایرانی در هند و توجه ملوک و امرای مسلمان بزبان فارسی و مسافرت رجال علم و ادب و سیاست و شعر و عرفان ایرانی بدربارهای آنان سبب شدکه زبان فارسی زبان رسمی ملت مسلمان شبه قاره گردید و رواج و رونق آن با قدرت حکومتهای اسلامی دربن سرزمین نسبت مستقیم پیدا کرد یعنی در ایام قدرت و عظمت اسلامی دامنهٔ رواج و نفوذ زبان فارسی باوج اعلی میرسید و هر وقت این حکومتها ضعیف میشد زبان فارسی نیز روبانحطاط میرفت و سرانجام پس از انقراض دولت اسلامی بابری زبان فارسی هم بکلی از رسمیت افتاد و زبان بیگانه جای آنرا گرفت .

اکنون که بخواست خداوند و همت مسلمانان پاکستان برهبری قائداعظم مرحوم محمد علی جناح و هدایت معنوی و روحانی حکیم‌الامه علامه فقید محمد اقبال شتات مسلمانان جمع آمده و دولت اسلامی بزرگ پاکستان بر اساس و مبانی سنن ملی اسلامی تأسیس شده است خوشوقتم که می‌بینم اهل علم و رجال سیاست بفکر استقلال ادبی خودهم برآمده و در صددند همانطور که آثار استعمار سیاسی را از ساحت کشور خود دور کردند آثار استعمار ادبی را نیز طرد کنند و با ترویج و احیای زبان فارسی میخواهند نه تنها مواریث ملی خود را احیاء کنند بلکه زبان اردو را نیز که زبانی اسلامی و فرعی از زبان فارسی است بیش از پیش غنی و از لغات اجنبی بی نیاز سازند .

آرزومندم به پیروی از سیاست حکیمانهٔ رهبران معظم اعلیحضرت همایون شاهنشاه آریامهر شاهنشاه ایران و حضرت ژنرال آقا محمد یحیی خان رئیس جمهوری پاکستان همانطور که در سایر شئون سیاسی و اقتصادی دو کشور هم‌آهنگی و وحدت نظر بوجود آمده است با احیاء زبان فارسی در پاکستان مناسبات معنوی موجود نیز بیش از پیش ترقی و توسعه پیدا کند و دو کشور بدستیاری یکدیگر بتوفیقاتی عظیم‌تر نائل آیند ـ همچنین آرزومندم شورای استادان زبان فارسی در هدفهای عالیهٔ خود کامیاب شوند و راههای تازه و عملی برای توسعه و ترویج زبان فارسی در پاکستان بیندیشند ـ یقین است در این راه نه تنها از توجهات و پشتیبانیهای دولت پاکستان برخوردار خواهند بود بلکه از همکاریهای وزارت فرهنگ و هنر ایران و بخش فرهنگی سفارت شاهنشاهی نیز استفاده خواهند نمود .

باعرض این چند کلمه افتتاح شورای استادان زبان فارسی را اعلام مینمایم .

جناب ڈاکٹر محمد حسین مشایخ فریدنی سفیر شاہنشاہ آریامہر

کی

تقریر کا اردو ترجمہ

خواتین و حضرات !

آج لاہور کے تاریخی اور خوبصورت شہر میں پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں اور بڑے بڑے کالجوں کے فارسی زبان کے استاد صاحبان ایک مجلس شوریٰ کی شکل میں اکٹھے ہوئے ہیں تاکہ تدریس زبان فارسی کی موجودہ کیفیت کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے کام کی مشکلات کے متعلق غور و فکر کریں اور اس عظیم اسلامی مملکت میں زبان فارسی کی ترویج و ترقی کے لیے ضروری اقدامات کریں - یہ اہم قدم ان دونوں برادر ، ہمسایہ اور ہم مذہب ملکوں یعنی ایران و پاکستان کے درمیان رشتوں کو اور زیادہ مضبوط کرنے کا سبب بھی ہے اور میری دلی خوشی کا باعث بھی ، اس وجہ سے کہ میں ایک اہم اور تاریخی مجلس شوریٰ کا افتتاح کرتے ہوئے اپنے دل میں ایک فخر محسوس کر رہا ہوں اور ان استادان گرامی کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس مقصد کے لیے تعاون فرماتے ہوئے پاکستان کے مختلف شہروں سے لاہور تشریف لانے کی زحمت اٹھائی -

سب جانتے ہیں کہ اسلام کی پاکیزہ شریعت ایران کے راستہ سے فارسی زبان و ثقافت کے ساتھ اس برصغیر میں پہنچی اور رواج پاتی چلی گئی اور اس وسیع سرزمین میں ایک مستقل اور نئی قوم کے وجود میں لانے کا سبب بنی جو ایک خاص زبان اور تہذیب کی حامل ہے اور آج کی مملکت جمہوریہ اسلامیہ پاکستان انہیں قدروں اور اصولوں پر استوار کی گئی ہے -

جب سے غزنویوں نے اس سرزمین میں قدم رکھا ، اس وقت سے لے کر سلطنت مغلیہ کے خاتمہ تک قریب قریب نو سو سال ہوتے ہیں - اس میں تقریباً تیس مسلمان خاندانوں کی حکومتیں جو سب کی سب فارسی زبان تھیں اور جن کے حکمران اکثر و بیشتر ایرانی نسل کے تھے ، اس برصغیر کے شمال و جنوب و مشرق و مغرب کے علاقوں پر حکومت کرتی رہی ہیں اور یہ سارے خاندان زبان فارسی کو رواج دینے والے اور اس کی سرپرستی کرنے والے تھے - جس جگہ بھی ان خاندانوں میں سے

هر گوشه و کنار ایران بدان سوی شدّ رحال میکردند .

خلاصه آنکه رواج اسلام و نفوذ فرهنگ اسلامی ایرانی در هند و توجه ملوک و امرای مسلمان بزبان فارسی و مسافرت رجال علم و ادب و سیاست و شعر و عرفان ایرانی بدربارهای آنان سبب شد که زبان فارسی زبان رسمی ملت مسلمان شبه قاره گردید و رواج و رونق آن با قدرت حکومتهای اسلامی درین سرزمین نسبت مستقیم پیدا کرد یعنی در ایام قدرت و عظمت اسلامی دامنهٔ رواج و نفوذ زبان فارسی باوج اعلیٰ میرسید و هر وقت این حکومتها ضعیف میشد زبان فارسی نیز روبانحطاط میرفت و سرانجام پس از انقراض دولت اسلامی بابری زبان فارسی هم بکلی از رسمیت افتاد و زبان بیگانه جای آنرا گرفت .

اکنون که بخواست خداوند و همت مسلمانان پاکستان برهبری قائداعظم مرحوم محمد علی جناح و هدایت معنوی و روحانی حکیم‌الامه علامه فقید محمد اقبال شتات مسلمانان جمع آمده و دولت اسلامی بزرگ پاکستان بر اساس و مبانی سنن ملی اسلامی تأسیس شده است خوشوقتم که می‌بینم اهل علم و رجال سیاست بفکر استقلال ادبی خودهم برآمده و در صددند همانطور که آثار استعمار سیاسی را از ساحت کشور خود دور کردند آثار استعمار ادبی را نیز طرد کنند و با ترویج و احیای زبان فارسی میخواهند نه تنها مواریث ملی خود را احیاء کنند بلکه زبان اردو را نیز که زبانی اسلامی و فرعی از زبان فارسی است بیش از پیش غنی و از لغات اجنبی بی نیاز سازند .

آرزومندم به پیروی از سیاست حکیمانهٔ رهبران معظم اعلیحضرت همایون شاهنشاه آریامهر شاهنشاه ایران و حضرت ژنرال آقا محمد یحیی خان رئیس جمهوری پاکستان همانطور که در سایر شئون سیاسی و اقتصادی دو کشور هم‌آهنگی و وحدت نظر بوجود آمده است با احیاء زبان فارسی در پاکستان مناسبات معنوی موجود نیز بیش از پیش ترقی و توسعه پیدا کند و دو کشور بدستیاری یکدیگر بتوفیقاتی عظیم تر نائل آیند - همچنین آرزومندم شورای استادان زبان فارسی در هدفهای عالیهٔ خود کامیاب شوند و راههای تازه و عملی برای توسعه و ترویج زبان فارسی در پاکستان بیندیشند - یقین است در این راه نه تنها از توجهات و پشتیبانیهای دولت پاکستان برخوردار خواهند بود بلکه از همکاریهای وزارت فرهنگ و هنر ایران و بخش فرهنگی سفارت شاهنشاهی نیز استفاده خواهند نمود .

باعرض این چند کلمه افتتاح شورای استادان زبان فارسی را اعلام مینمایم .

فارسی در پاکستان

مقالات سیمینار فارسی

لاهور ۱—۷ تیر ۱۳۴۹ == ۲۲-۲۸ جون ۱۹۷۰

گردآورنده : دکتر سید محمد اکرم

مهر ۱۳۵۰ خورشیدی == اکتبر ۱۹۷۱ میلادی

متن نطق

جناب آقای دکتر محمد حسین مشایخ فریدنی

سفیر شاهنشاه آریامهر در پاکستان

خانمها - آقایان

امروز استادان زبان فارسی دانشگاههای پاکستان در شهر تاریخی و زیبای لاهور گردهم آمده و شورائی تشکیل داده‌اند تا دربارهٔ وضع فعلی تدریس زبان فارسی و رفع مشکلات کار خویش بیندیشند و تصمیات لازم را برای توسعه و ترویج زبان فارسی درین کشور بزرگ اسلامی اتخاذ نمایند - این اقدام اساسی موجب مزید استحکام روابط دو کشور برادر و همسایه و همکیش ایران و پاکستان و نیز باعث مسرت قلبی اینجانب است - از اینکه چنین شورای مهم و تاریخی را افتتاح مینمایم درخود احساس افتخار میکنم و باستادان عالیقدری که اشتراک مساعی نموده از شهرهای مختلف پاکستان برای این منظور بلاهور آمده‌اند، از صمیم قلب تبریک میگویم .

همه میدانیم که شریعت مطهرهٔ اسلام از راه ایران و همراه با زبان و فرهنگ فارسی در شبه قارهٔ هند رواج یافت و درین سرزمین وسیع ملتی جداگانه و مستقل با زبان و تمدن خاص بوجود آورد که امروز دولت جمهوری معظم پاکستان بر اساس همان سنن وسوابق تشکیل گردیده است .

از تاریخی که غزنویان پای بسرزمین هند نهادند تا انقراض خاندان بابری که حدود نه قرن میشود قریب سی خاندان سلطنتی اسلامی که همه فارسی زبان و نژاد اکثر آنان ایرانی بود در نواحی مختلف شمالی و جنوبی و شرق و غرب هند سلطنت کردند و همه آنها مشوق و مروج زبان فارسی بودند - هرجا یکی ازین خانواده‌ها تشکیل حکومت میداد طبعاً زبان فارسی هم در آنجا رواج و نفوذ پیدا میکرد و زبان رسمی درباری و دولتی میشد و جمع کثیری از رجال و سرداران و شعراء و نویسندگان فارسی گرد آن مرکز جمع میآمدند ، فی‌المثل همین لاهور کمی پس از ورود غزنویان قبة‌الاسلام و مجتمع علماء و فقهای ایرانی شد و شعرائی مانند ابوعبدالله النکتی و ابوالفرج رونی و مسعود سعد سلمان در آن شهر اقامت نمودند و بسرودن شعر پارسی پرداختند - تاریخ هند مسلمان یا تاریخ پاکستان شاهد زنده ایست

که سلاطین بزرگ اسلامی همچون قطب‌الدین ایبک و شمس‌الدین التتمش و غیاث‌الدین بلبن و فیروز شاه و علاءالدین خلجی و خاندانهای تغلقی و لودی و ترق و ملوک دکن از قبیل بهمنی و عادل شاهی و نظام شاهی و عماد شاهی و قطب شاهی و برید شاهی وغیرهم تاچه حد برای استحکام مبانی حکومت اسلامی از همکاران و رجال سیف و قلم ایران استفاده کردند و تا چه پایه در نشر زبان فارسی کوشیدند ـ در حملهٔ چنگیز و تیمور و سایر فتنه‌ها که در ایران روی میداد پناهگاه رجال علم و ادب درگاه سلاطین مسلمان این سرزمین بود ـ سلسله‌های تصوف اسلامیٌ مانند چشتی و سهروردی و قادری و نقشبندی همه از سرزمین ایران ریشه گرفته و شاهکارهای ادبیات صوفیانه آنها در هند همه بزبان فارسی جلوه کرده است .

ظهیرالدین بابر مؤسس خاندان مغولی بابری مانند سایر سلاطین و امرای اسلامی که از ماوراء جبال هندوکش بهند آمدند زبان فارسی را که زبان مادری او بود بخوبی میدانست و شعر فارسی میسرود ـ جانشینان بزرگ او هم مثل همایون و اکبر و جهانگیر و شاهجهان و اورنگ زیب خود و زنان و فرزندان و امرای دربار آنان همه شاعر و شاعر دوست و ادب پرور و مشوق و مروج زبان و ادب فارسی بوده اند ـ وسعت نظر این سلاطین و صلات بیدریغی که بشعراء و ارباب علم و هنر میدادند یکی از اسباب عمدهٔ توجه این طبقات از ایران بسوی دربارهای اسلامی هند بود ، فی‌المثل جهانگیر حیاتی کاشی را و شاه جهان قدسی و کلیم و باقیا و سعیدارا در صله شعر بزر کشیدند ـ عبدالرحیم خان خانان سردار معروف جهانگیر یکصد هزار روپیه یکجا بطالب آملی صله داد ـ درین ایام هر شاعر و هنرمند و صنعت گر و فقیه و حکیم و خوش‌نویس ایرانی که آرزوی ثروت و مکتب میکرد بهند میآمد و اگر مانند محمد قلی سلیم طرشتی تهرانی اینقدر بدبین نبود که بگوید :

نیست در ایران زمین سامان تحصیل کمال تا نیاید سوی هندوستان حنا رنگین نشد

لااقل با ملا محمد سعیداشرف مازندرانی همنوا بود و میگفت :

در ایران نیست جز هند آرزوئی روزگاران را تمام روز باشد حسرت شب روزه‌داران را

و هرگاه مثل کلیم کاشی بایران میرفتند چشم حسرت برقفا داشتند .

بایران میرود نالان کلیم از شوق همراهان بپای دیگران همچون جرس طی کرده منزل را
زشوق هند زانسان چشم حسرت بر قفا دارم که رو هم گر براه آرم نمی‌بینم مقابل را

گویندگان ایرانی آن عصر که درکتابهای کهن خوانده بودند محمود غزنوی هزار مثقال در ترازوی شعراء مینهاد و یا ملکشاه اسبی به امیر معزی بخشید یا شاه شجاع وظیفه برای مصرف گل و نبیذ بحافظ میداد یا جامی صلاتی از ملوک دریافت میداشت ، در لاهور و آگره بچشم خویش میدیدند که شاعر بزر سنجیده میشود و دهانش پر از در و گوهر میگردد ـ باینجهت هند مسلمان را کعبهٔ آمال خود میدانستند و از

جناب ڈاکٹر محمد حسین مشایخ فریدنی سفیر شاہنشاہ آریامہر
کی
تقریر کا اردو ترجمہ

خواتین و حضرات !

آج لاہور کے تاریخی اور خوبصورت شہر میں پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں اور بڑے بڑے کالجوں کے فارسی زبان کے استاد صاحبان ایک مجلس شوریٰ کی شکل میں اکٹھے ہوئے ہیں تاکہ تدریس زبان فارسی کی موجودہ کیفیت کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے کام کی مشکلات کے متعلق غور و فکر کریں اور اس عظیم اسلامی مملکت میں زبان فارسی کی ترویج و ترقی کے لیے ضروری اقدامات کریں - یہ اہم قدم ان دونوں برادر ، ہمسایہ اور ہم مذہب ملکوں یعنی ایران و پاکستان کے درمیان رشتوں کو اور زیادہ مضبوط کرنے کا سبب بھی ہے اور میری دلی خوشی کا باعث بھی ، اس وجہ سے کہ میں ایک اہم اور تاریخی مجلس شوریٰ کا افتتاح کرتے ہوئے اپنے دل میں ایک فخر محسوس کر رہا ہوں اور ان استادان گرامی کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس مقصد کے لیے تعاون فرماتے ہوئے پاکستان کے مختلف شہروں سے لاہور تشریف لانے کی زحمت اٹھائی -

سب جانتے ہیں کہ اسلام کی پاکیزہ شریعت ایران کے راستہ سے فارسی زبان و ثقافت کے ساتھ اس برصغیر میں پہنچی اور رواج پاتی چلی گئی اور اس وسیع سرزمین میں ایک مستقل اور نئی قوم کے وجود میں لانے کا سبب بنی جو ایک خاص زبان اور تہذیب کی حامل ہے اور آج کی مملکت جمہوریہ اسلامیہ پاکستان انہیں قدروں اور اصولوں پر استوار کی گئی ہے -

جب سے غزنویوں نے اس سرزمین میں قدم رکھا ، اس وقت سے لے کر سلطنت مغلیہ کے خاتمہ تک قریب قریب نو سو سال ہوتے ہیں - اس میں تقریباً تیس مسلمان خاندانوں کی حکومتیں جو سب کی سب فارسی زبان تھیں اور جن کے حکمران اکثر و بیشتر ایرانی نسل کے تھے ، اس برصغیر کے شمال و جنوب و مشرق و مغرب کے علاقوں پر حکومت کرتی رہی ہیں اور یہ سارے خاندان زبان فارسی کو رواج دینے والے اور اس کی سرپرستی کرنے والے تھے - جس جگہ بھی ان خاندانوں میں سے

کوئی ایک خاندان حکومت کرتا تھا ، وہاں قدرتی طور پر فارسی زبان ہی رواج پاتی تھی اور دربار اور سرکار کی زبان بھی یہی بنتی تھی ۔ عالموں ، سرداروں ، شاعروں اور فارسی لکھنے والوں کا ایک مجمع وہاں لگ جاتا تھا ۔ مثال کے طور پر اسی لاہور کو لیں ، یہ شہر غزنویوں کے آنے کے بعد قبۃالاسلام اور ایرانی دانشوروں اور عالموں کا مرکز بنا ۔ ابو عبداللہ نکتی ، ابوالفرج رونی اور مسعود سعد سلمان اسی شہر میں مقیم تھے اور فارسی میں شاعری کرتے تھے ۔

مسلم ہندوستان یا پاکستان کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ بڑے بڑے مسلمان بادشاہوں نے جیسے قطب الدین ایبک ، شمس‌الدین التتمش ، غیاث الدین بلبن ، فیروز شاہ علاؤالدین خلجی اور تغلق ، لودھی اور شرقی خاندانوں کے بادشاہ اور دکن کے مسلمان بادشاہوں کے خاندان جیسے بہمنی ، عادل شاہی ، نظام شاہی ، عماد شاہی ، قطب شاہی اور برید شاہی وغیرہ ان سبھوں نے اسلامی حکومت کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لیے ایرانی دانشوروں ، سرداروں اور صاحبان سیف و قلم کی خدمات سے استفادہ کیا اور اسی طرح یہ لوگ زبان فارسی کی نشر و اشاعت کے لیے بڑی کوششیں کرتے رہے ۔

چنگیز اور تیمور کے حملوں اور دوسرے فتنوں کے دوران جو ایران میں رونما ہوتے رہے ، ایرانی عالموں اور ادیبوں کی پناہ گاہ دراصل اسی سرزمین کے باشاہوں کے دربار تھے۔ علاوہ ازیں اسلامی تصوف کے مختلف سلسلے جیسے چشتی ، سہروردی ، قادری اور نقشبندی یہ سب کے سب سرزمین ایران میں پروان چڑھے اور ان کے صوفیانہ ادب کے شاہکار اس برصغیر میں زبان فارسی میں نمودار ہوئے ۔

ظہیرالدین بابر بانی سلطنت مغلیہ بھی ، دوسرے تمام مسلمان بادشاہوں اور سرداروں کی طرح جو کوہ ہندوکش کے اس پار سے آئے تھے ، زبان فارسی کو جو کہ اس کی مادری زبان بھی تھی ، اچھی طرح جانتا تھا اور فارسی میں شعر کہتا تھا ۔ اس کے بڑے بڑے جانشین بھی مثلاً ہمایوں ، اکبر ، جہانگیر ، شاہجہاں ، اورنگ زیب ، ان کی خواتین ، شاہزادے شاہزادیاں اور درباری امراء ، شاعر ، شاعر دوست ، ادب نواز ، علم دوست اور زبان و ادب فارسی کو رواج دینے اور سرپرستی کرنے والے تھے ۔ ان بادشاہوں کی بے حساب انعام و اکرام کی بارشیں جو یہ ارباب علم و ہنر پر کرتے تھے ، درحقیقت ایک بہت بڑی وجہ منجملہ دیگر وجوہ کے تھی جس کے باعث یہ صاحبان کمال ایران سے مسلم ہندوستان کی طرف آئے تھے ۔ جیسا کہ جہانگیر نے حیاتی کاشی کو اور شاہجہان نے قدسی ، کلیم ، باقیا اور سعیدا کو شعروں کے انعام میں سونے میں تلوا دیا ۔ یہاں تک کہ عبدالرحیم خان خاناں نے جو کہ جہانگیر کا مشہور سردار تھا ، ایک لاکھ روپیہ ایک مرتبہ طالب آملی کو انعام دیا ۔ اس زمانہ میں ہر وہ شاعر ، ہنرمند ، صناع ، فقیہ ، طبیب اور خوشنویس جو ایران میں دولت و شہرت کا خواہشمند ہوتا تھا ، ہندوستان آجاتا تھا اور چاہے وہ محمد قلی سلیم طرشتی تہرانی کی طرح زیادہ بددل نہ بھی ہو جو یہ کہتا ہے ۔

نیست در ایران زمین سامان تحصیل کمال   تانیاید سوی ہندوستان حنا رنگین نشد

کم از کم ملا محمد سعید اشرف مازندرانی کا ہم خیال ضرور ہوتا تھا اور کہتا تھا :

در ایران نیست جز ہند آرزوی روزگاران را   تمام روز باشد حسرت شب روزه داران را

جس وقت بھی یہ لوگ ایران جاتے تھے ، کلیم کاشی کی طرح چشم حسرت سے مڑ مڑ کر اس سرزمین کہ دیکھتے جاتے تھے -

بایران میرود نالان کلیم از شوق ہمراہان   بپای دیگر ان ہمچون جرس طی کرده منزل را

زشوق ہند زانسان چشم حسرت برقفا دارم   کہ رو ہم گر براه آرم نمی بینم مقابل را

اس زمانے کے ایرانی شاعر ، جنھوں نے پرانی کتابوں میں یہ پڑھا تھا کہ محمود غزنوی شاعروں کی ترازو میں ہزار مثقال رکھتا تھا یا ملکشاه نے امیر معزی کو ایک گھوڑا بخش دیا یا شاہ شجاع حافظ کو وظیفہ خرچ کے واسطے دیا کرتا تھا یا جامی بادشاہوں سے انعامات وصول کرتا تھا ، وہ لاہور اور آگرے میں اپنی آنکھوں سے یہ خود دیکھتے تھے کہ شاعر کو سونے میں تولا جا رہا ہے اور اس کا منہ موتیوں اور جواہرات سے بھرا جا رہا ہے - اس وجہ سے مسلم ہندوستان کو یہ ایرانی شاعر اور دیگر باکمال افراد اپنی امیدوں کا مرکز سمجھتے تھے اور ایران کے ہر کونے سے اس طرف کوچ کرتے تھے -

خلاصہ یہ کہ اسلام کی ترویج اور ہندوستان میں ایرانی اسلامی ثقافت کے اثر و رسوخ اور مسلمان بادشاہوں اور امیروں کی زبان فارسی کی طرف توجہ اور صاحبان علم و ادب ، ایرانی سیاستدانوں ، شاعروں اور عارفوں کی ان درباروں میں پذیرائی اور آمد ، یہ سب امور باعث بنے کہ زبان فارسی برصغیر کی مسلم قوم کی رسمی زبان بن گئی اور اس زبان کے رواج اور فروغ اور مسلمان حکومتوں کی قوت و اقتدار کے عروج میں ایک خاص نسبت پیدا ہوگئی - یعنی مسلمان حکومتوں کی قدرت و عظمت کے زمانہ میں فارسی زبان کا رواج اور اثر اپنے نقطۂ کمال کو پہنچ گیا اور جب بھی یہ حکومتیں کمزور ہوتی تھیں ، زبان فارسی بھی زوال کی طرف رخ کرتی تھی اور آخرکار سلطنت مغلیہ کی اسلامی حکومت کے خاتمہ کے بعد فارسی زبان بھی پورے طور پر رسمیت سے خارج کر دی گئی اور ایک غیر زبان نے اس کی جگہ لے لی -

اب جب کہ خداوند عالم کی مہربانی اور برصغیر کے مسلمانوں کی کوشش سے قائداعظم محمد علی جناح مرحوم اور حکیم الامت علامہ محمد اقبال کی ظاہری اور معنوی رہبری میں بکھرے ہوئے مسلمان پھر جمع ہوئے ہیں اور اسلامی روایات کی بنیادوں اور اصولوں پر مملکت اسلامیہ پاکستان معرض وجود میں آئی ہے ، میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ صاحبان علم اور اہل سیاست اپنے ادب کی آزادی اور تجدید حیات کی خاطر غور و فکر کے لیے آمادہ ہوئے ہیں اور اس کوشش میں ہیں کہ جس طرح

خانم مریم بهنام
وابستهٔ فرهنگی سفارت شاهنشاهی ایران
و رئیس خانه‌های فرهنگی ایران در لاهور

بعض اوقات ایک آرزو خواہ وہ کتنی ہی صحیح کیوں نہ ہو ماحول کی بیگانگی یا اجنبیت کی وجہ سے دل ہی دل میں مچلتی رہتی ہے اور انسان اس کے اظہار کی جرأت نہ کرتا ہوا مہر برلب رہنا ہی مناسب تصور کرتا ہے ۔ البتہ اس کے تیور کسی حد تک اس آرزو کی غمازی ضرور کرتے ہیں ۔ پھر ایک وقت آ جاتا ہے جب انسان اپنے جذبے کے تحت مہر سکوت توڑ کر اپنے مقاصد عالیہ کا اظہار کر دیتا ہے ، اس وقت اسے پتہ چلتا ہے کہ اس کی یہ آرزو اکثر و بیشتر کی آرزو اور جو اس کا مقصد ہے وہی دوسروں کا مدعا ہے ۔

اس خطۂ پاک کی پاکیزہ فضا میں بہت دیر سے اس بات کو محسوس کیا جا رہا تھا کہ جو زبان صدیوں تک یہاں کی سرکاری ، فرہنگی ، علمی ، ادبی اور مادری زبان کی حیثیت سے رائج رہی ہو اور جس کے اثر و نفوذ نے اردو جیسی جامع اور کامل زبان کی تشکیل میں سب سے اہم کردار ادا کیا ہو اور جس میں اس سرزمین کی اکثر و بیشتر دینی ، تمدنی اور فکری قدریں محفوظ ہوں اور جس کے لاتعداد آثار سے یہاں کے کتاب خانے پر ہوں اور جہاں کا شاعر ملی اس زبان کو اپنی الہامی زبان قرار دیتا ہوا اپنا بیشتر پیغام حیات اسی زبان میں دے رہا ہو اور جس کے گنج بخش اور شکر گنج اپنی تعلیمات عالیہ کے معنوی خزانے اسی شیریں زبان میں منتقل کر رہے ہوں اور جسے یہاں کے ارباب ذوق زبان دل کے نام سے موسوم کرتے ہوں ، وہ آج اپنے ہی گہوارے میں بے اعتنائی کا شکار ہو رہی ہے اور روز بروز رو بہ انحطاط ہے ، جس کا نتیجہ محض زبان کا انحطاط نہیں بلکہ ان تمام دینی ، ادبی اور عرفانی قدروں کا انحطاط ہے جو اس زبان میں محفوظ ہیں ، کیوں کہ زبان تو محض ابلاغ مطالب اور اظہار مقاصد کا وسیلہ ہے اور بس ، للہذا مقصود صرف حفظ زبان نہیں بلکہ اسلامی ادب اور ملی ثقافت کی حفاظت ہے ، جس کے وجود میں لانے کے لیے لاکھوں افراد نے ماضی میں اپنی زندگیاں قربان کی ہیں ۔ ارباب نظر خوب جانتے ہیں کہ ایک درخت کے برگ و بر کی تازگی اس کی جڑوں کی آبیاری اور حفاظت پر مبنی ہے ۔

سیاسی استعمار کے آثار کو اپنے ملک کی حدود سے باہر نکال چکے ہیں ، اسی طرح ادبی استعمار کا بھی خاتمہ کر دیں اور زبان فارسی کی ترویج و تجدید حیات کرکے یہ چاہتے ہیں کہ نہ صرف اپنی موروثی قومی روایات کو نئی زندگی دیں بلکہ اُردو زبان کو بھی جو کہ اسلامی زبان ہے اور زبان فارسی کی ایک شاخ ہے ، پہلے سے زیادہ دولتمند کریں اور اس کو پرانے لفظوں سے بے نیاز کریں ۔

میں اس بات کی آرزو رکھتا ہوں کہ دونوں ملکوں کے عظیم رہنماؤں یعنی اعلیحضرت ہمایون شاہنشاہ آریا مہر شاہنشاہ ایران اور جناب جنرل آغا محمد یحییٰ خاں صدر جمہوریہٴ پاکستان کے دانشمندانہ تدبر کی پیروی کرتے ہوئے ، بالکل اسی طرح جس طرح کہ تمام سیاسی اور اقتصادی شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان ہم آہنگی اور یک جہتی وجود میں آئی ہے ، اسی طرح ثقافتی شعبہ میں زبان فارسی کی نشأۃ ثانیہ کے ساتھ وہ معنوی رشتے بھی پہلے سے زیادہ مضبوط اور استوار ہو جائیں جو مدت مدید سے قائم ہیں اور یہ دونوں ملک ایک دوسرے کی مدد اور تعاون باہمی سے نمایاں کامیابیوں پر فائز ہوں ۔

اسی طرح میں اس بات کا خواہشمند ہوں کہ استادان زبان فارسی کی یہ مجلس شوریٰ اپنے مقاصد عالیہ میں کامیاب ہو اور نئی قابل عمل راہیں پاکستان میں زبان فارسی کی توسیع و ترویج کے لیے زیر غور آئیں ۔ یقین ہے کہ اس راستے میں آپ نہ صرف حکومت پاکستان کی سرپرستی اور حمائت سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے بلکہ حکومت ایران کی وزارت فرہنگ و ہنر اور سفارت ایران کے شعبۂ فرہنگی کے تعاون سے بھی استفادہ فرمائیں گے ۔

اسی مختصر سی گفتگو کے ساتھ میں استادان زبان فارسی کی اس مجلس مذاکرہ کے افتتاح کا اعلان کرتا ہوں ۔

پرفسور دکتر نبی بخش قاضی

رئیس مؤسسهٔ السنهٔ و رئیس بخش فارسی

دانشگاه سند

جناب آقای رئیس دانشگاه پنجاب، دانشمندان محترم و استادان مکرم و خانمها و آقایان ـ

وظیفهٔ خود می‌دانم که پیش ازین که گذارشات وضعی راجع بزبان فارسی در پاکستان عموماً و در استان سند خصوصاً بحضور شما عرض کنم، تشکرات صمیمی بسفارت شاهنشاهی ایران در پاکستان و امتنان پرخلوص به انجمن دوستی ایران و پاکستان ابراز دارم که برای بنده موقعی پیدا کردند که این چند کلمه بحضورتان بعرض رسانم ـ

خانمها و آقایان ـ بنده از دانشگاه سند آمده ام و استان سند با مملکت و ملت بزرگ ایران بستگی سیاسی و روابط فرهنگی از زمانهٔ قدیم دارد ـ آن وقت همه پاکستان غربی بنام سند معروف بود ـ ایرانیان و عربها شبه قاره پاک و هند را سند و هند می نامیدند و زمین سند از کشمیر تا کچهه بود ـ در زمانهٔ هخامنشیان گندهارا بخش مشرق مملکت کوروش کبیر بود ـ داریوش هخامنشی در سال ۵۱۴ قبل مسیح یک خشتره‌پاون یا ساتراپ (Satrap) در وادی سند گماشت ـ در آن زمان وادی سند را ''هیندو'' نیز می‌خواندند ـ آقای پور داؤد می‌نویسد :

''این سر زمین را یعنی سند را ایرانیان باعتبار رود ، سند سیندو یا هیندو خوانده‌اند ـ داریوش دو بار در کتیبه‌های خود از ''هیندو'' نام می‌برد ـ یکبار در تخت جمشید و بار دیگر در نقش رستم ـ'' هرودت (Herodot) می‌گوید که در لشکر خشایارشا پسر داریوش که یونان رفت ، هندوان (سندوان) رخت پنبه در برداشته بودند و کمان آنان از نی بود و تیر آنان نیز از نی و با ناوک آهنین آراسته بود که آنرا خیزران می گویند ـ در دورهٔ بهرام ساسانی بگفتهٔ فردوسی در شاهنامه ، ده هزار ''لولی'' از طرف حکمران این سرزمین سند که شنگل نام داشت، بدربار شاهنشاهی ایران رفتند ـ بتحقیق جدید کلمه ''لولی'' متبادل کلمه ''اوری'' یا ''الروری'' است که برای اهالی الور، نزد شهر ''روری یا روهری'' حالیه بکار میرفت ـ شنگل نیز دختر خود به بهرام به زوجیت داد ـ کلمهٔ دیگر که از راه ایران بعربستان و یونان

بہرحال یہ دھیمی سی آواز آہستہ آہستہ تیز سے تیز تر ہوتی چلی گئی ، اور پھر کچھ دانشور اس بات پر مصر ہو گئے کہ بحکم لیس للانسان الاماسعیٰ کچھ ضرور کرنا چاہیے ۔ ہر در بستہ کی کوئی نہ کوئی کلید ہوتی ہے اور ہر مرض کا کوئی نہ کوئی علاج بھی ضرور ہوتا ہے ۔ چنانچہ اس امر کا جائزہ لینے کے لیے کہ جو کچھ ہم محسوس کر رہے ہیں اور دیکھ رہے ہیں آیا فی الواقع وہ ایسا ہے بھی یا نہیں ، اس سیمینار کی تشکیل کو لازمی سمجھا گیا ۔ اس سلسلے میں فارسی زبان و ادب کے اساتذہ کو پاکستان کی تمام دانشگاہوں اور بعض دیگر درسگاہوں سے شرکت کی دعوت دی گئی ، جس پر سب دانشوروں نے صمیم قلب سے لبیک کہا اور موضوع مذکورہ پر غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے اس شدید گرمی کے موسم میں مجاہدانہ روح اور والہانہ جذبے کے ساتھ تشریف لے آئے ، چنانچہ آج اس مقدس جہاد کے لیے مصمم ہو کر اور ایک پاکیزہ اور وجدانی نصب العین لے کر لاہور میں جمع ہوئے ہیں ۔ لاہور کو یہ فخر اس لیے بھی حاصل ہے کہ یہ شہر اپنی سابقہ ادبی و فرہنگی خدمات میں نسبتاً زیادہ قوی ہے ۔ مسعود سعد سلمان سے لے کر علامہ محمد اقبال تک ادیبوں ، شاعروں اور مفکروں کا مرکز بنا رہا ہے اور انشاء اللہ ہمیشہ بنا رہے گا ۔ مجھے آپ سب حضار گرامی کے جذبات کو محسوس کرتے ہوئے امید واثق ہے کہ آپ اپنی مشکل کا حل ضرور تلاش کر لیں گے اور اس در بستہ کی گمشدہ کلید یقیناً آپ کی مساعی جمیلہ اور خلوص کار کے نتیجے میں آپ کو مل جائے گی ۔ البتہ یہ اب ہمارے اساتذہ کا فریضہ ہے کہ وہ نبض کو اچھی طرح پہچانیں اور درک کریں کہ درد کہاں ہے اور کیوں ہے اور اس کا مداوا کس طرح ممکن ہے ۔

و ما علینا الا البلاغ

رفت ، کلمهٔ ''سندت'' است یعنی ''مال سند'' - این کلمه در ایران ''سنده'' و بعد ازان ''سندس'' شد که سه مرتبه در قرآن حکیم ذکر شد - این رخت که مال سند ''رقیق الدیباج'' بود (رجوع کنید به سیوطی : الاتقان فی علوم القرآن) ، بزبان یونانی سندن (Sindon) می نامند - هرودت ذکر این لباس در تاریخ خود آورده و در انجیل این کلمهٔ ''سندن'' چهار بار آمده که حضرت عیسیٰ را بسندن ملفوف کردند و در صندوق داشتند - قدیم ترین تذکره‌های شعرای فارسی ''لباب الالباب'' عوفی که در سال ۶۱۸ هجری قمری تألیف شد و بنام عین الملک فخرالدین الحسین الاشعری ، وزیر ناصرالدین قباچه معنون شد ، درین سرزمین در بکهر نوشته شد - قباچه در آنزمان در استان سند حکومت میکرد - بعد از آن زبان فارسی درین وادی سند چنان مقبول گشت و رواج یافت که زبان رسمی و فرهنگی این خطه تا آغاز حکومت انگلیسی ، زبان فارسی بود و تصانیف بسیار باین زبان ملت بزرگ ایران در تاریخ و مذهب و ادب نگاشته شد - در حدود یک هزار شاعر سندی بزبان فارسی شعر گفته‌اند که نامها و احوال زندگانی و انتخاب شعر ایشان در ''مقالات الشعرای'' علی شیر قانع تتوی و در ''تکمله مقالات الشعراء'' از ابراهیم خلیل تتوی مندرج است -

خانمها و آقایان - جای تأسف است که این زبان پر بها و شیرین از کلبهٔ ما چون ''یوسف گم گشته'' از بین رفته و دانشجویان ما در این زمان آن شغف و محبت قدیمی را نسبت بزبان فارسی ندارند - قبل از تأسیس پاکستان زبان فارسی در دبیرستانها زبان اجباری بود باین معنی که دانشجویان اختیار داشتند از دو زبان ، عربی و فارسی ، یکی را لازماً یاد بگیرند - فارسی که آسان بود اکثر دانشجویان فارسی را یاد می گرفتند چهار سال در دبیرستانها و دو سال در دانشکده‌ها درس فارسی میخواندند - بعد از آن برای ایشان سهل بود که برای درجه لیسانس فارسی را اختیار کنند - فعلاً اینطور نیست - در دبیرستانها زبان فارسی یکی از موضوعهای دیگر چون تاریخ و جغرافیا و ریاضی است که بزبان مادری میخوانند - بدیهی است که بزبان فارسی مایل نمی‌شوند - پیشنهاد بنده این است که اگر با اردو که یکی از زبانهای ملی ماست ، زبان فارسی را ملحق بکنیم و زبان اجباری چون اردو قرار دهیم ، لازماً دانشجویان زبان فارسی را یاد می‌گیرند - منظورم این است که نصف ورقه (Paper) اردو ، ورقه فارسی باشد - این پیشنهاد نه فقط برای زبان اردو مفید است بلکه زبانهای سندی و پشتو را تشویق می‌دهد - اگر دانشجویان در دبیرستانها فارسی یاد بگیرند طبعاً در دانشکده‌ها و در دانشگاهها تحصیلات فارسی را ادامه می‌دهند -

خانمها و آقایان - ما زبان فارسی را از حیث زبان و ادب می آموزیم - به نظر بنده این کافی نیست زیرا زبان یک وسیله است ، یک آله است برای دانستن فرهنگ ، برای تفاهم فکری و معنوی بین ملتها - زبان مقصود بالذات نیست ، مقصود بالعرض است و لیکن ما آنرا مقصود بالذات کرده‌ایم و تحصیل آنرا

کلمات محدود کرده‌ایم - میراث فرهنگی و مذهبی ما پاکستانیان بزبان فارسی زیاد است - ما را باید که تدریس زبان فارسی با تحصیل و تدریس کتابهای فارسی که از حیث فرهنگ اهمیت دارد مثلاً در تاریخ ، مذهب ، اخلاق ، فلسفه ، تصوف ، جغرافیا ، هنر ، سیاست ، علوم و فنون متوازن بکنیم و توجه خود بکلمات کم و بمیراث فرهنگی ایران و پاکستان زیاد بکنیم تا دانشجویان زبان فارسی را باصول اخلاق و معنویت نزدیک بیاریم و ایشان را بروح صحیح اسلامی و حسن تفاهم و بشر دوستی قائل و عامل کنیم - اگر این کار سرانجام دادیم ، زبان فارسی که چون یوسف گم کرده ایم ''باز آید بکنعان غم مخور'' و کلبهٔ احزان ما روزی گلستان می شود -

پیشنهاد سوم بنده این است که در دانش سرایهای عالی (Teachers Training Colleges) زبان فارسی را تشویق بکنیم و این زبان زنده و جدید تدریس بکنیم - برای این لازم است که استادان دبیرستانها و دانشگاهها را بایران بفرستیم که آنجا زبان فارسی را چون ایرانیان یاد بگیرند و باز آمده در دبیرستانها و دانشگاهها به تلفظ ایرانی زبان فارسی را تدریس بکنند -

امیدوارم که این چند کلمه که بحضور شما بعرض رساندم قابل التفات و توجهٔ خانمها و آقایان باشند - تشکر -

ڈاکٹر وحید قریشی
یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

مغربی پاکستان میں تدریس فارسی

مغربی پاکستان میں تدریس فارسی کا مسئلہ دیگر ممالک سے مختلف ہے۔ ایران میں فارسی کی تعلیم کا طریق کار اور تدوین نصاب کی صورت بالکل جداگانہ ہے کہ فارسی وہاں ایک زندہ اور بول چال کی زبان کی حیثیت سے موجود ہے۔ یورپ میں فارسی کی اہمیت یا تو مستشرقین کے طبقے کے لیے ہے یا پھر دفتر خارجہ کی لسانی ضروریات کے تابع ہے۔ ہر مغربی ملک کی اپنی زبان کے قواعد اور اس کے نتیجے میں فارسی زبان کی درس و تدریس میں پیدا شدہ مشکلات کے زیر اثر، روش تدریس اور نصابی کتب کی تشکیل ہوتی رہی ہے۔ گویا فارسی زبان کے مطالعے کی خارجی شکل و صورت کا تعین ہر ملک میں کسی مخصوص زبان کی تدریس کے مقاصد اور مادری زبان کی لسانی تشکیلات کے زیر اثر پیدا ہونے والے مسائل کے حل پر منحصر ہے۔ مغربی پاکستان میں فارسی زبان ایران کی طرح نہ تو دفتری اور کاروباری شعبہ ہائے زندگی میں ایک فعال عنصر کے طور پر دخیل ہے اور نہ اس کی حیثیت ایک ایسی زبان کی ہے جو گھریلو زندگی میں مستعمل ہو۔ اس لیے ایرانی طلباء کے لیے لکھی جانے والی درسی کتب اور روش تدریس سے متعلق جملہ مسائل کی نوعیت پاکستان سے مختلف ہے۔ لامحالہ یہاں نہ تو وہ درسی کتابیں مفید ہو سکتیں ہیں جو ایرانی طلباء کی ضروریات کے مطابق لکھی گئیں اور جن کے اکثر اسباق ہماری درسی کتابوں میں شامل ہیں اور نہ زبان و بیان کے وہ سانچے کام دے سکتے ہیں جن سے ایک ایرانی طالب علم غیر محسوس طور پر واقف ہے۔ وہ فارسی زبان کی مادری حیثیت کی وجہ سے بعض ایسے مسائل سے دوچار ہی نہیں ہوتا جن سے ایک پاکستانی کو گزرنا پڑتا ہے۔ ایران میں فارسی کی تدریس کا مقصد ادبی اور سماجی ضروریات کے تابع ہے۔ بول چال اور عام کاروباری ضرورت وہاں کبھی درس و تدریس میں بامقصد عنصر نہیں بنتی۔ نیز ایک ایرانی اوّل فارسی زبان ہی سے متعارف ہوتا ہے اور باقی زبانیں وہ اسی مادری زبان کے حوالے سے سیکھتا ہے۔

(۱)

مغربی پاکستان میں فارسی کی تدریس چھٹی جماعت سے شروع ہوتی ہے اور یہاں فارسی زبان سیکھنے کا عمل اردو اور بعض حالتوں میں انگریزی کے بعد آتا ہے ۔ مغربی پاکستان کا ایک عام طالب علم فارسی کو اردو کے حوالے سے جانتا پہچانتا ہے ۔ ظاہر ہے یہاں فارسی کی تدریس کا جو نظام وضع کیا جائے گا اس میں اردو زبان کی اس حیثیت کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے ۔ اردو اور فارسی کی لسانی مشابہت ، اردو اور فارسی کے سانچوں کے بعض اختلافات، محاورے اور روزمرہ کا فرق ، مشترک الفاظ کے مفاہیم و مطالب کا اختلاف اور اس سے پیدا ہونے والے سماجی رویوں کا ادراک لازماً ضروری ہوگا ۔ جو نصاب تعلیم اس اختلاف و اشتراک کی مختلف صورتوں کو سامنے نہیں رکھتا اس سے کسی فائدے کا امکان نہیں ۔ ہماری موجودہ درسی کتب کی بنیادی خامی یہی ہے کہ ان میں ایسے ذخیرۂ الفاظ کی بھرمار ہے جو ایک ایرانی طالب علم کے لیے مروج ذخیرۂ الفاظ ہے لیکن مغربی پاکستان کے طالب علم کے لیے عجیب و غریب اور بعض صورتوں میں شدید جذباتی رد عمل کا سبب ہے ؛ مثلاً ہمارا طالب علم محبت اور تعارف کے الفاظ جس سیاق و سباق میں استعمال کرنے کا عادی ہے اس کا جذباتی رویہ نئی صورت حال میں مضحکہ خیز حد تک شدید رد عمل کا سبب بنتا ہے ۔

نصاب کے مدون کا فرض ہے کہ الفاظ کی نئی دلالتوں کے لیے طالب علم کو پہلے سے تیار کرے اور اپنے آپ کو محض ان لفظوں کے استعمال تک محدود نہ کر دے بلکہ الفاظ کا ایرانی مفہوم خود سیاق عبارت سے متعین ہونا چاہیے ۔ ایسی حالت میں جملوں کی صورت محض اس طرح نہیں رہے گی کہ :

من فارسی محبت می کنم

یا

آقا شما چرا تعارف می کنید

جملوں کی یہ در و بست ان مخصوص الفاظ کے نئے مفہوم کو متعین کرنے میں کوئی مدد نہیں دیتی اور جملے پڑھنے والے کے لیے پرانے ذہنی سیاق و سباق کے حوالے سے مضحک شکل اختیار کرتے ہیں ۔ ظاہر ہے جملہ بنانے والا ان الفاظ کے بارے میں یہ فرض کرکے چلا ہے کہ طالب علم ان کے مخصوص معنی پہلے سے جانتا ہے یا یہ کہ لغت اس کی مدد کر دے گی ۔ حالانکہ یہاں جملے ایسے ہونے چاہیں جن سے الفاظ کا وہ مخصوص مطلب خود بخود واضح ہو جس کی ترسیل مقصود تھی ۔ اس صورت حال سے نپٹنے کے لیے ضروری ہے کہ :

(الف) اس ذخیرۂ الفاظ کا شمار کیا جائے جو اردو اور فارسی میں مشترک ہے ۔ اور اسے نصابی کتب میں بنیادی ذخیرۂ الفاظ کے طور پر برتا جائے ۔

(ب) اردو کے لسانی سانچوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے تدریسی مسائل کا جائزہ لے کر درسی

کتب میں اسباق کی درجہ بندی کا عمل معرض وجود میں لایا جائے ۔

یہ دوسرا مسئلہ تفصیل طلب ہے ۔ لیکن یہاں ایک آدھ مثال سے وضاحت کی جاتی ہے ۔ اردو میں جمع بناتے ہوئے عدد اور معدود دونوں میں تغیر ہوتا ہے ؛ مثلاً دو گھوڑے ، تین آدمی ؛ لیکن فارسی میں جمع کی حالت میں عدد کے ساتھ معدود میں تبدیلی نہیں آتی ۔ فارسی میں دو اسپ ہا نہیں بلکہ دو اسپ ہوگا ۔ سہ مردان نہیں سہ مرد ہوگا ۔ ظاہر ہے کہ نصاب کی تدوین میں وہ مسائل پہلے آئیں گے جو اس لسانی فرق سے وقوع پذیر ہوتے ہیں ۔

بعض مقامات پر فارسی کی تدریس میں طالب علم کی اردو سے واقفیت سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ، مثلاً فارسی میں مضارع بنانے کا قاعدہ مقرر اور متعین نہیں ، پہلوی میں تھا لیکن لسانی تغیرات نے صورت بدل دی ہے ۔ مغربی پاکستان کے طالب علم کو قدیم طریقے کے مطابق مضارع کے لیے چارٹ یاد کرانے کا رواج عام ہے جس سے فارسی سیکھنے والا طالب علم بعض اوقات خائف ہو کر فارسی سے دلچسپی چھوڑ دیتا ہے ۔ خود ایران میں بھی یہ مشکل مضارع کے باب موجود ہے ۔ اس کا حل ڈاکٹر عبدالعظیم قریب ، ملک الشعراء بہار اور بعض دوسرے اساتذہ نے یہ نکالا کہ ایرانی بچہ ابتدا سے دو حرفی الفاظ جانتا ہے وہ امر اور نہی سے علم کا آغاز کرتا ہے ۔ اب قاعدہ یہ قرار پایا کہ طالب علم کے سابقہ علم پر بھروسہ کیا جائے اور فعل امر کے آخر میں اضافہ کرکے مضارع کی مشق کرائی جائے ۔ رو کا مضارع رو + د = رود ، کن کا مضارع کن + د = کند ۔ ظاہر ہے مغربی پاکستان کے طالب علم کے لیے یہ قاعدہ مفید نہیں ہو سکتا ۔ اردو کے وسیلے سے مضارع سازی کا عمل دو چار لفظوں کو چھوڑ کر اس قاعدے کا پابند کیا جا سکتا ہے کہ اردو میں ''ش'' پر ختم ہونے والے فارسی اسم مصدر کثیر تعداد میں رائج ہیں ۔ اسم مصدر کی ''ش'' حذف کرکے اس کی جگہ ''د'' لگانے سے مضارع کے چارٹ کا بہت بڑا حصہ ذہن نشین کرایا جا سکتا ہے ۔ ''سازش'' سے سازد ، ''لغزش'' سے لغزد ، ''نازش'' سے نازد وغیرہ وغیرہ ۔

ان ہر دو مقاصد کے حصول کے لیے ایک ادارے کا قیام اشد ضروری ہے ۔ جہاں اردو ، فارسی کے مشترک ذخیرے کی الفاظ شماری جدید سائنٹیفک طریقوں سے کی جائے اور اردو فارسی کے لسانی سانچوں کا جائزہ لے کر ان کی مدد سے جدید کتب نصاب تیار ہوں ۔ اب تک جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں تکرار الفاظ کا طریق بھی کسی خاص قاعدے کا پابند نہیں ، نیز الفاظ کی جماعت وار درجہ بندی بھی نہیں کی گئی ۔ طالب علم کے لیے آسان سے مشکل کی طرف رجوع کا تدریجی طریقہ سامنے نہیں رکھا گیا ۔ میرا خیال ہے کہ فارسی زبان سے طلبہ کی برگشتگی اور غفلت کے جہاں کئی دوسرے سماجی ، تدریسی اور انتظامی اسباب ہیں وہاں درجہ بندی کے اصول سے روگردانی نے بھی زبان کی مقبولیت پر خاصا اثر ڈالا ہے ۔ حیرت اس وقت زیادہ ہوتی ہے جب گلستان کی ایک ہی حکایت ہمیں چھٹی کی کتاب میں ، آٹھویں میں ،

دسویں میں اور پھر ایف ۔ اے اور بی ۔ اے تک میں ملتی ہے ۔ اس طرح ابتدائی درجے کی کتابوں میں رومی اور عطار کے فلسفیانہ افکار کا اندراج بھی تدریجی الفاظ شناسی اور طالب علم کی ذہنی سطح کے اساسی اصول کے خلاف ہے ۔

(۲)

مغربی پاکستان میں فارسی زبان کی تعلیم کی شرح فیصد گذشتہ چند برس میں خاصی گر گئی ہے ۔ اس کے جہاں کئی سماجی اور سیاسی اسباب ہیں وہاں ایک سبب یہ بھی ہے کہ مضامین کی درجہ بندی میں پہلے فارسی ، عربی کی حیثیت ایسی تھی کہ کالجوں کی سطح پر آرٹس کے ہر طالب علم کو ایک نہ ایک زبان لینی پڑتی تھی ۔ ایف ۔ اے میں چار مضمون کے گروہ میں فارسی شامل تھی ، نئے نصاب میں سولہ مضامین سے طالب علم کو ایک مضمون منتخب کرنا ہوتا ہے ۔ اب اس گروہ میں زبانیں ہی نہیں معاشرتی علوم بھی شریک ہیں ۔ چنانچہ وہ طالب علم جو پہلے چار مضامین میں تقسیم ہوتے تھے اب سولہ مضمونوں میں بٹ جاتے ہیں ۔ پاکستان میں تعلیم کی عام توسیع اور کالجوں کی کثرت سے تعداد میں جو غیرمعمولی اضافہ دکھائی دیتا ہے تو یہ فارسی سے خاص نہیں ، دوسرے مضامین میں بھی امتحان دینے والوں کی تعداد بڑھ گئی ہے ، لیکن مختلف کالجوں میں دیگر مضامین کے مقابلے میں فارسی کا تناسب غیر معمولی طور پر کم ہوا ہے ۔ انتظامی سطح پر اس کا کوئی معقول حل تلاش کرنا ضروری ہے ۔

(۳)

مغربی پاکستان میں فارسی کی تدریس کا مسئلہ ان دوسرے ممالک میں فارسی کی تدریس سے مختلف ہے ۔ جہاں فارسی زبان بطور بول چال کی زبان رائج ہے ۔ انگلستان کو لیجیے وہاں فارسی زبان کے مطالعے کی جو روایت ہے وہ کتابی اور نصابی ہے ۔ طبقۂ مستشرقین کی بنیادی ضرورتوں کے لیے فارسی کی تعلیم کا انتظام بعض مراکز میں موجود ہے جہاں کلاسیکی فارسی کے مطالعے کا معقول انتظام ہے ۔ دفتر خارجہ کی ضرورت علمی ، ادبی اور کتابی فارسی کی بجائے تکلمی فارسی اور کاروباری ذخیرۂ الفاظ کی تعلیم کی متقاضی ہے ۔ لندن سکول آف اوریئنٹل اینڈ افریکن سٹڈیز کی مساعی کا اصلی رخ اسی سیاسی ضرورت کے تحت متعین ہوتا ہے ۔ پھر بعض دوسرے مضامین کے محققوں کی ضرورتوں کے لیے چند ماہ کے ڈپلوما کورس بھی رائج ہیں ۔ جس سے زبان کا Working Knowledge حاصل ہو جاتا ہے ۔
مغربی پاکستان میں ہم فارسی کیوں پڑھتے ہیں ؟ — اس کا فیصلہ کیے بغیر کوئی نصاب بھی خاطر خواہ نتائج پیدا نہیں کر سکتا ۔ اس وقت جو نظام تعلیم رائج ہے اس کے مطابق فارسی کی تعلیم کا مقصد طالب علم کے کردار کی تشکیل ، قدیم ورثہ سے واقفیت اور زبان فارسی کو بطور جدید اور زندہ زبان پڑھنا پڑھانا ہے ۔ کردار کی تشکیل کے لیے جو اسباق کتابوں میں درج ہیں ان کا زیادہ تر تعلق ان اخلاق تعلیمات

سے ہے جنہیں مغربی ادباء Christian Morality کے نام سے یاد کرتے ہیں - لیکن جب معاشرے میں افتراق و اختلال کی کیفیت ہو اور انسان کے عمل اور اصولوں کے درمیان فاصلے بڑھ جائیں تو نہ کوئی اخلاق تعلیم کا ذکر مفید ہوتا ہے اور نہ اخلاق تعلیم کا زندگی پر کوئی اثر ظاہر ہوتا ہے - ایسے میں دیگر سیاسی ، سماجی ، مذہبی عوامل کی بجائے صرف تعلیم سے یہ توقع وابستہ کرنا کہ کتابوں میں اخلاقیات کی تعلیم سے معاشرے کی حالت سدھر جائے گی حقایق کی صحیح تعبیر نہیں ہے - معاشرے کی اصلاح کے لیے حلقۂ تعلیم سے باہر بعض دوسرے عوامل اور خود معاشرے کے پورے ڈھانچے پر نظرثانی کی ضرورت ہے - اس لیے ان اخلاق اسباق سے اگر ہمارے معاشرے کی حالت نہیں بدلی تو پھر یہ سمجھ لینا ضروری ہوگا کہ ہم اپنے نظام تعلیم کی مدد سے مختلف مقاصد کی باہمی وحدت قائم کرنے میں ناکام رہے ہیں - فارسی کی تعلیم دواخت مقاصد کا شکار ہے ؛ ایک طرف تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا طالب علم ماضی کے بیش قیمت علمی و ادبی سرمایے سے بھی واقف ہو اور دوسری طرف ہمارے سر پر فارسی بطور ایک زندہ اور بول چال کی زبان کے پڑھانے کا سودا سوار ہے - اس کے لیے ذرا دیر کے لیے مغربی پاکستان میں دوسری زبانوں کی تدریس پر بھی نگاہ ڈالنی ہوگی - انگریزی کو ہم ایک زندہ زبان کے طور پر بھی پڑھ رہے ہیں اور اس کا قدیم علمی و ادبی سرمایہ بھی ہماری دسترس میں ہے - فارسی کو سکولوں اور کالجوں میں انگریزی جیسا مقام نہیں دیا جا سکتا تاہم اس گھاٹے کے باوجود تدریس فارسی کے لیے کسی اصول کی پابندی تو ضروری ہوگی - ہم انگریزی ابتدائی درجوں میں بطور زندہ زبان پڑھاتے ہیں اور تدریجی طریقے پر ایم - اے تک آتے آتے جدید سے رخ قدیم کی طرف آ جاتا ہے - اور ایم - اے - کی سطح پر انگریزی کا قدیم ادبی سرمایہ ہمارے لیے موضوع خاص ہو جاتا ہے - فارسی کا حال یہ ہے کہ اس کا آغاز ہم قدیم و جدید کے ملغوبے سے کرتے ہیں اور طالب علم ایم - اے تک نہ قدیم فارسی پر حاوی ہوتا ہے نہ جدید پر ، وہ دونوں کے درمیان معلق ہو کر رہ جاتا ہے - فارسی کی تدریس میں دو مقاصد کو یکجا طور پر برتا گیا ہے کہ طالب علم بیک وقت اپنے ماضی کے سرمایے سے بھی آشنا ہو اور جدید زبان بھی سیکھ جائے - لیکن دونوں مقاصد میں باہمی ہم آہنگی مفقود ہے - سوال دونوں کو بیک وقت حاصل کرنے کا نہیں، سوال تو ان مقاصد کے تقدم و تاخیر کا ہے - آیا پہلے طالب علم کو قدیم علمی سرمایے سے روشناس کر کے رفتہ رفتہ جدید کی طرف لایا جائے یا جدید زبان پہلے سکھائی جائے اور آخری جماعتوں میں اسے قدیم ادبی سرمائے سے آشنا کیا جائے - یہاں ہم اس مسئلے سے دوچار ہوتے ہیں کہ مغربی پاکستان میں فارسی کی تدریس کا مقصد کیا ہے؟ پاک و ہند کے قدیم سرمایے سے واقفیت یا جدید دور کی تکلمی فارسی میں مہارت یا ایران کی دور حاضر کی ادبی فارسی سے آگاہی؟ آخر ہم فارسی پڑھیں تو کس لیے ؟ اگر قدیم فارسی کا مطالعہ اور ماضی کے علمی سرمایے سے آگاہی سے اپنی شناخت مقصود ہے تو پھر کلاسیکی فارسی سے آغاز کرنا ہوگا - اگر فارسی کا مطالعہ بطور زندہ اور بول چال کی زبان کے کرنا ہے

تو آغاز جدید ادب سے ہوگا - یہاں فیصلہ دو ٹوک کرنا پڑے گا - سب حلقہہائے فکر کو خوش کرنے کے عمل سے فارسی کی نصابی کتابوں میں جو ملغوبہ تیار کیا گیا تھا وہ ناکام ہو چکا ہے -

اب دونوں نقطہ ہائے نظر میں مفاہمت کا موقع نہیں - دونوں کو ایک ساتھ چلانا تعلیمی لحاظ سے غلط ہی نہیں خطرناک بھی ہے اور اس سے فارسی زبان کو برصغیر میں گذشتہ چند برس میں شدید نقصان پہنچا ہے - اس کی تلافی شاید بہت جلد ممکن بھی نہیں -

(۴)

تعلیمی سوال کے ساتھ کچھ کاروباری سوال بھی منسلک ہیں - بی - اے ، ایم - اے تک فارسی پڑھنے کے بعد آگے اس کی کھپت کہاں کہاں ہے ؟ کتنے طالب علم فارسی پڑھ کے ایران جاتے ہیں ؟ میرا خیال ہے کہ ایک فیصد سے بھی کم - تجارتی لحاظ سے ہمارے روابط ایران سے کس قدر ہیں اور ان میں فارسی کی ضرورت کس قدر محسوس ہوتی ہے ؟ یہاں بھی بین الاقوامی زبانیں کام چلاتی ہیں - کتنے طالب علم ایم - اے کرنے کے بعد کالجوں میں استاد بنتے ہیں ؟ اس کی شرح بھی دو فیصد سے زیادہ نہیں - ابتدائی درجوں سے لے کر بی - اے تک کالجوں میں فارسی پڑھنے والوں کی تعداد روز بروز کم ہو رہی ہے - ابتدائی درجوں میں ہم نے قدیم کے ساتھ جدید کا پیوند لگا رکھا ہے - سکولوں میں پڑھانے والے استاد جدید فارسی سے آشنا نہیں - ان کے لیے ملک‌گیر سطح پر کسی ریفریشر کورس کا انتظام بھی نہیں ہے اس لیے جدید فارسی کے مطالعے کے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوتے - اس کی کچھ نہ کچھ ذمہ داری اساتذہ کی عدم تربیت پر بھی ہے لیکن فارسی کے زوال کا سبب کچھ اور بھی ہے - جدید فارسی کاروباری زندگی ، مجلسی زندگی اور تمدنی روابط میں کہاں تک طالب علم کے کام آتی ہے ؟ کیا ایک فیصد طالب علموں کی اس ضرورت کے لیے کہ انہیں بالآخر ایران جانا ہے ہمیں یہ حق حاصل ہے کہ ہم ننانوے فیصد طلباء کو ایک ایسے طریق کار کا پابند بنا دیں جس کا کوئی عملی نتیجہ نہیں نکلتا ؟ یہ سوال سوچنے اور غور کرنے کے ہیں - قدیم ادبی سرمایے اور تہذیبی اور تمدنی افکار کی بازیافت کی بات تو قدیم فارسی سے متعلق ہے اس کا فائدہ تو کسی نہ کسی سطح پر طالب علم خود بھی محسوس کر سکتا ہے - لیکن جدید زبان کی ابتدائی درجوں میں تعلیم کا مادی حاصل کیا ہے ؟ اس سوال کے بعد یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ میں جدید زبان کا مخالف نہیں - جدید فارسی زبان ہمیں ضرور سیکھنی چاہیے - ایران کے جدید ادبی سرمایے سے آگہی بھی ضروری ہے اور یہ ملی و ثقافتی مفاد کے لیے اہم ہے لیکن کیا جدید زبان کو سکھانے کے لیے سکولوں اور کالجوں سے آغاز کرنا اشد ضروری ہے یا پھر الگ کوئی ادارہ قائم کر کے اس کا انتظام ہو سکتا ہے کہ جن اصحاب کو فارسی بطور زندہ زبان سیکھنی ہیں وہ سیکھ لیں ، باقی لوگ جو اعلیٰ تعلیم کے لیے ایران جا سکتے ہیں نہ انہیں ایرانیوں سے زیادہ سابقہ پڑتا ہے نہ وہ اپنے گھروں میں فارسی بولتے ہیں نہ ان کے تجارتی مفادات فارسی سے وابستہ

ہیں انہیں ہم کیوں ابتدائی درجوں میں ایک ایسی ذمہ داری سونپنا چاہتے ہیں جس سے آگے چل کر وہ کوئی کام نہ لے سکیں گے ؟ میرا خیال یہ ہے کہ فارسی کی تدریس کا عمل قدیم سے رفتہ رفتہ جدید کی طرف آنا چاہیے ۔ ایسے میں ایم ۔ اے میں جدید کا پلہ بھاری بھی ہو تو یہ بہت مناسب ہوگا ۔ یا پھر ایم ۔ اے کو تخصیص کی منزل جان کر آپ قدیم ہی تک محدود رکھنا چاہتے ہیں تو پھر کاروباری اور تکلمی فارسی ، جدید ادبی فارسی ، جدید ادبی اسالیب کے لیے الگ تدریسی مدرسے قائم کیجیے یا پھر یونیورسٹیوں میں ڈپلوما کلاسیں جاری کیجیے ۔ جسے ضرورت ہوگی وہ اس میں داخلہ لے کر جدید فارسی کی سند لے لے گا ۔ پی ایچ ۔ ڈی کرنے والوں کو دوسرے ممالک میں جس طرح بعض زبانوں سے واقفیت پیدا کرنے کے لیے ڈپلومے کا انتظام ہوا کرتا ہے یہاں بھی اسی طریقے کو جاری کیا جا سکتا ہے ۔ کالجوں کے استادوں کے لیے یہ ضروری قرار دیا جا سکتا ہے کہ وہ جدیدفارسی کا ڈپلوما ضرور حاصل کریں جب انہیں ملازمت دی جائے ۔ اس سے کالج کی منزل میں جدید فارسی کے فروغ کی صورت ہو سکتی ہے لیکن سکولوں سے اس توقع کو وابستہ کر لینا کسی طرح بھی موزوں نہیں ۔

(۵)

قدیم و جدید کا یہ فرق جو یہاں پیش کیا گیا ہے اسے بعض لوگ تسلیم نہیں کرتے ۔ زبان کا ارتقا ایک تدریجی عمل ہے ۔ فارسی پاک و ہند میں آغاز میں بول چال کی زبان تھی پھر وہ کتابی زبان ہو کر رہ گئی ۔ یہاں ایرانی اثرات کے مقابلے میں ماوراء النہر کے اثرات زیادہ غالب رہے ۔ چنانچہ ہند و پاکستان میں فارسی کا لب و لہجہ ، تلفظ اور ذخیرۂ الفاظ ہی نہیں بلکہ اظہار و بیان کے پیرائے بھی ایران سے الگ رہے ۔ تیموری خاندان کے زوال پر ہمارا ایرن سے ناطہ کٹ گیا ۔ انگریزوں کے تسلط کے بعد خود فارسی کو یہاں سے دیس نکالا ملنے لگا ۔ زبان کے تدریجی ارتقاء نے ایران میں فارسی کو کچھ سے کچھ کر دیا ۔ اب جدید فارسی تہرانی لہجے اور جدید ادبی زبان کے ساتھ ہمارے سامنے ہے ۔ پاک و ہند اور ایران میں فارسی کی نشو و نما الگ سیاسی اور سماجی حالات کے تحت ہوئی ۔ زبان کے فطری عمل سے انکار نہیں ، زندہ زبان بدلتی رہتی ہے ۔ ایران کی جدید فارسی پاکستان کے فضلاء و ادباء کے لیے کوئی دوسری زبان کی حیثیت نہیں رکھتی اس لحاظ سے قدیم و جدید کی تقسیم فروعی نظر آتی ہے لیکن اسے تدریس کے پس منظر میں رکھ کر دیکھنا ضروری ہے ۔ ایک عالم جو زبان کے مختلف مدارج سے واقف ہے وہ فارسی کی اس بدلی ہوئی صورت کو فطری عمل کے طور پر قبول کرتا ہے ۔ اس کے سامنے زبان کے سارے مرحلے ہوتے ہیں لیکن ابتدائی درجے کے طالب علم پر تدریجی عمل کی منزلیں اجاگر نہیں ۔

زبان کے اس روپ میں جس کی مدد سے طالب علم اردو زبان اور قدیم فارسی کے مزاج تک پہنچا ہے اور جدید فارسی کے روپ میں جو ایران میں نشو و نما پا کر ملا ہے فرق دیکھ کر اسے خاصی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ایک مبتدی کو الفاظ کی بناوٹ، تہذیبی حوالوں اور پاک و ہند کے

مشترک ثقافتی سرمایے کی بازیافت تک لے جانے میں ناکام رہتی ہیں ۔ یہ صورت صرف سکولوں ہی میں نہیں کالجوں میں بھی درپیش رہتی ہے ۔ کالجوں کے اساتذہ کے لیے بھی اکثر جدید فارسی کی فضا اور لب و لہجہ غیر مانوس ہوتا ہے ۔ ایسی حالت میں طالب علم کا مضمون سے اجتناب یقینی سا ہو جاتا ہے ۔ اساتذہ کی جدید لسانی تربیت اور ایرانی زندگی کے نئے کوائف سے آگاہی کا کوئی مؤثر ذریعہ موجود نہیں، نتیجہ یہ ہے کہ اوپر کے تعلیمی درجوں میں بھی فارسیِ کی تدریس بطور زندہ زبان موجودہ حالت میں تسلی بخش نہیں ہے ۔ ضرورت ہے کہ قدیم و جدید کے اس نفسیاتی بُعد کو دور کرنے کے لیے اعلیٰ درجوں کے اساتذہ کی تربیت اور تعلیم کا کوئی معقول نظام وضع کیا جائے ۔

مشترک ثقافتی سرمایے کی بازیافت تک لے جانے میں ناکام رہتی ہیں ۔ یہ صورت صرف سکولوں ہی میں نہیں کالجوں میں بھی درپیش رہتی ہے ۔ کالجوں کے اساتذہ کے لیے بھی اکثر جدید فارسی کی فضا اور لب و لہجہ غیر مانوس ہوتا ہے ۔ ایسی حالت میں طالب علم کا مضمون سے اجتناب یقینی سا ہو جاتا ہے ۔ اساتذہ کی جدید لسانی تربیت اور ایرانی زندگی کے نئے کوائف سے آگاہی کا کوئی مؤثر ذریعہ موجود نہیں، نتیجہ یہ ہے کہ اوپر کے تعلیمی درجوں میں بھی فارسی کی تدریس بطور زندہ زبان موجودہ حالت میں تسلی بخش نہیں ہے ۔ ضرورت ہے کہ قدیم و جدید کے اس نفسیاتی بعد کو دور کرنے کے لیے اعلیٰ درجوں کے اساتذہ کی تربیت اور تعلیم کا کوئی معقول نظام وضع کیا جائے ۔

ڈاکٹر عبدالشکور احسن - نشان سپاس (ایران)
یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور
جنرل سیکرٹری ، انجمن دوستی ایران و پاکستان ، لاہور
جنرل سیکرٹری ، سیمینار فارسی

فارسی — سرمایۂ فرہنگی ما

فارسی ہماری ایک عظیم روایت ہے - اس کی زبان و ادب سے ہمارا رشتہ تقریباً ایک ہزار سال پرانا ہے - جہاں ہم ایران کے ادب عالیہ کے ذریعے زندگی کے عمیق اسرار، لطیف عرفانی حقایق ، بلند اخلاق تصورات اور جذبات انسانی کی گوناگوں نزاکتوں اور لطافتوں سے آشنا ہوئے ہیں وہاں ہم نے پہلے دن ہی سے فارسی ادب کے گنج گرانمایہ میں بساط بھر اضافہ کرنے کی کوشش کی ہے - فارسی کا رچا ہوا مذاق پیدا کرنے کے بعد ایک زمانہ ایسا بھی آیا ہے کہ ہم نے اس کی وضع و اسلوب کو اپنے ذوق کی تسکین کے لیے نئے سانچوں میں ڈھالا ہے جس نے برصغیر کی فارسی زبان و ادب کو ایک منفرد حیثیت بخشی ہے - اس سرزمین میں یہاں کے اہل علم و ہنر نے اس ضمن میں جو خدمات انجام دی ہیں ان کی قدر و قیمت کا ذکر دور حاضر کے ایک ممتاز ایرانی دانشور مرحوم استاد بہمنیار کی زبان میں ملاحظہ ہو :

> و رفتہ رفتہ پاکستان بعد از ایران مہد و مرکز زبان و ادبیات فارسی شد ، و حتی زمانی ہم در این زمینہ بر ایران مقدم و رواج شعر و ادب فارسی در آن کشور بیش از کشور ایران گردید ، و در چنین زمان بود کہ مردمان آن کشور زبان فارسی بمشابہ زبان بومی تلقی کردند ، و در محاورات روزانہ بہ سہلی و آسانی زبان بومی بکار بردند ، و فضلا و علمای آن کشور بر جمع و تدوین لغات و کنایات و مصطلحات و امثال و حکم فارسی ہمت گماشتند ، و در تہذیب و ترتیب قواعد صرف و نحو و بیان و عروض و قافیہ و دیگر علوم لفظیۂ فارسی جد و جہدی کہ نظیرش حتی در خود ایران ہم دیدہ نمیشد مبذول داشتند[1]۔

اس مقالے میں برصغیر پاک و ہند میں فارسی زبان و ادب کی نشو و نما یا مختلف علوم و فنون

۱- فیروز الدین رازی ، فرہنگ نامۂ جدید فارسی ، لاہور ، ۱۹۵۲ء ، مقدمہ ، ص ـ

کی ترقی کے ذکر کی گنجائش نہیں ہے - البتہ اس پر ایک سرسری نظر ڈالنے کے بعد خود مقامی فارسی کی انفرادیت پر کچھ عرض کرنے کی جسارت کی جائے گی -

پاکستان میں فارسی زبان کے آغاز کی اولین داستان ہمیں اصطخری (م ۳۴۶/۹۵۷) کے ہاں ملتی ہے جس نے مکرانی کے علاوہ فارسی کو مکران کی متداول زبان قرار دیا ہے[1]- یہ بیان اس تاریخی حقیقت کا بین ثبوت ہے کہ فارسی دری جو دراصل مشرق ایران بالخصوص خراسان کی زبان تھی عہد سلاجقہ میں مغرب ایران میں پہنچنے سے پہلے پاکستان کی حدود میں پھل پھول رہی تھی - سرزمین پاکستان میں فارسی ادب کا آغاز رابعہ بنت کعب کی زمزمہ سنجیوں سے ہوتا ہے - وہ فارسی کی پہلی شاعرہ ہے اور اس کا وطن پاکستان ہے - عوفی نے اسے قزدار سے نسبت دی ہے[2]- وہ ایک عرب سردار کی بیٹی تھی ، حسن و جمال میں لاثانی ہونے کے باعث زین عرب کہلاتی تھی[3] اور شعر و ادب میں شہرۂ آفاق تھی - قزدار جسے قدیم عرب اور ایرانی مورخین اور جغرافیہ دانوں نے قصدار اور قضدار کے نام سے بھی یاد کیا ہے وہی قدیم بستی ہے جو آج خضدار کے نام سے مشہور ہے اور ۱۹۶۱ع سے قلات ڈویژن کا صدر مقام ہے- ابن خرداذ بہ (تیسری/نویں صدی) نے قزدار کو سندھ کے شہروں میں شمار کیا ہے[4] جو بقول صاحب حدود العالم مشرق میں دریائے مہران ، جنوب میں وسیع سمندر ، مغرب میں کرمان اور شمال میں خراسان کی حدود تک پھیلتا چلا گیا ہے[5]- بلاذری نے (۲۷۹/۸۹۲) سندھ کی فتح کے سلسلے میں قزدار کو یہاں کا ایک شہر قرار دیا ہے[6]- اصطخری نے قزدار کو توران کا صدر مقام قرار دیا ہے اور ملتان سے اس کا فاصلہ بیس منزل بتایا ہے[7]- توران اور کیزکانان قلات کے پرانے نام ہیں[8]- ابن حوقل (م بعد از ۳۶۷/۹۷۷) نے قزدار کو سندھ کا جزو قرار دیا ہے[9]- المقدسی (م ۳۸۰/۹۹۰) نے بھی اسے سندھ کا ایک شہر اور توران کا صدر مقام بتایا ہے[10]- سمعانی (م ۵۶۲/۱۱۶۷) نے قزدار کو واضح طور پر ہندوستان کا ایک حصہ قرار دیا ہے[11]- یاقوت حموی (۵۷۴/۱۱۷۹-۶۲۶/۱۲۲۹) بھی نام اور مقام کے بارے میں سمعانی کا ہمنوا ہے[12]- قزدار کی تاریخ بہت قدیم اور نشیب و فراز سے

۱- المسالک و الممالک ، قاہرہ ، ۱۹۶۱ء ، ص ۱۷۰ - ۱۷۲ -
۲- لباب الالباب ، باہتمام ای - جی - براؤن ، لندن—لیڈن ، ۱۹۰۳ء ، جلد دوم ، ص ۶۱ -
۳- فرید الدین عطار : الہی نامہ ، باہتمام فواد روحانی ، تہران ، ۱۳۳۹ - ھ ش ، ص ۲۶۹ -
۴- المسالک و الممالک ، لیڈن ، ۱۳۰۶ھ ، ص ۵۶ -
۵- بہ تصحیح سید جلال الدین تہرانی ، تہران ، ۱۳۵۲ھ ، ص ۴۷ -
۶- فتوح البلدان ، بہ تصحیح رضوان محمد رضوان ، قاہرہ ، ۱۳۵۰ھ ، ص ۴۲۲ -
۷- المسالک و الممالک ، ص ۱۷۱ -
۸- انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ، لندن - لیڈن ، ۱۹۱۳ء ، جلد دوم ، حصہ دوم ، ص ۶۷۸ -
۹- صورت الارض ، لیڈن ، ۱۹۳۲ء ، جلد دوم ، ص ۳۲۴ -
۱۰- احسن التقاسیم ، بیروت ، ص ۴۷۸ -
۱۱- کتاب الانساب بہ تصحیح ڈی - ایس - مارگولیث ، لیڈن - لندن ، ۱۹۱۲ء ، ص ۴۵۱ -
۱۲- معجم البلدان ، قاہرہ ، ۱۳۲۴ھ ، جلد چہارم ، ص ۳۵۳ -

پر ہے ، بہرحال تمام قدیم و جدید منابع اس حقیقت کی گواہی دیتے ہیں کہ قزدار خضدار ہی کا پرانا نام ہے اور بقول ٹی ۔ ڈبلیو ۔ ہیگ یہ لفظ اب بھی خضدار میں رائج ہے[۱]۔

پاکستان کی پہلی فارسی شاعرہ رابعہ بنت کعب القزداری کے بعد فارسی زبان و ادب کی درخشاں روایات کا باقاعدہ آغاز یہاں غزنوی دور سے ہوتا ہے ۔ اس دور میں لاہور میں شعر و ادب کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ عوفی کو ایک پورا باب غزنوی دور کے شعراء کی نذر کرنا پڑا ہے۔ مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی اس آسمان شاعری کے سب سے روشن ستارے ہیں جو فارسی شاعری کے مسلم الثبوت اساتذہ میں سے ہیں ۔ خود انوری ابوالفرج رونی سے متاثر ہے اور اپنے ایک قصیدہ میں ممدوح کے خیل اقبال کو رونی کے اشعار کی متانت سے تشبیہ دیتا ہے :

در متانت خیل اقبالت چو شعر بوالفرج   در عذوبت مشرب عیشت چو نظم فرخی

اس دور میں علی بن عثمان الجلابی الهجویری معروف بہ داتا گنج بخش نے اپنی معرکۃ الارا کتاب کشف المحجوب لاہور ہی میں تحریر فرمائی ۔ یہ تصوف پر فارسی نثر میں پہلی مبسوط کتاب ہے ۔ کلیلہ و دمنہ کا مشہور مترجم ابوالمعالی نصراللہ بن عبدالحمید جس کا اسلوب تحریر فارسی کی رنگین نثر کے اولین اور بہترین نمونوں میں سے ہے لاہور کے غزنوی فرمانروا خسرو ملک کے دربار سے متعلق تھا ۔ ان ادبی اور علمی سرگرمیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ چھٹی صدی ہجری کے اواخر تک لاہور اور ملتان کے گلی کوچوں میں فارسی کے مدارس قائم ہو چکے تھے جن میں لاہور کے مدرسہ خانقاہ ابونصر کو بین الاقوامی شہرت حاصل تھی[۲]۔

شہاب الدین غوری کی فتوحات اور خاندان غلامان کے قیام کے بعد فارسی اکناف و اطراف ہند میں پھیلنا شروع ہوئی ۔ سلاطین ہند نے فارسی کو درباری اور سرکاری زبان بنایا ۔ اس زمانے میں فارسی نے ایران اور وسط ایشیا میں ثقافتی زبان کی حیثیت اختیار کر لی تھی۔ جغرافیائی حدود اس بین الاقوامی اسلامی ثقافت کے راستے میں حائل نہیں ہو سکتی تھیں ۔ چنانچہ یہ زبان دنیا کے اس وسیع و عریض خطے کے افکار کا ذریعۂ اظہار اور تہذیبی روایات کی علمبردار بنی اور ان تمام ملکوں کے درمیان فکری ، ثقافتی اور معنوی یگانگت کا مظہر قرار پائی ۔ برصغیر کے مسلمانوں نے اور مغلیہ دور میں فارسی کی روز افزوں مقبولیت کے زیر اثر غیر مسلموں نے بھی فارسی کو تمام علوم و فنون کے اظہار کا ذریعہ بنایا ۔ چنانچہ یہاں ایک ایسے ادب کی نشو و نما ہوئی جو مذہبی علوم سے لے کر تصوف و عرفان ، فلسفہ و حکمت ، اخلاق ، تاریخ ، ادب ، ریاضی ، موسیقی ، تذکرہ نگاری ، لغت نویسی اور شعر و سخن کی دولت سے مالا مال ہے ۔ ان کتابوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے ، اور ان میں ایک کثیر تعداد

۱۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ، ایضاً ، ص ۱۱۵۹ - ۱۱۶۰ ۔

۲۔ تذکرہ سلاطین آل غزنین (مخطوطہ) ورق ۳۷ ۔

ایسی تصانیف کی ہے جو اب تک زیور طباعت سے آراستہ نہیں ہوئیں۔ یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ فارسی کے اس ثروت مند ادب کے بغیر برصغیر پاکستان و ہند کی ہزار سالہ تاریخ کو سمجھنا اور یہاں کی فکری ، روحانی اور علمی تحریکوں کا جائزہ لینا ممکن نہیں ۔ اس زبان کو جاننا نہ صرف سیاسی ، تاریخی اور خارجی حقایق سے واقف ہونے اور کاروان تمدن کی رفتار کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے بلکہ اس کے ادب کا مطالعہ معنوی اور فکری زندگی کو سنوارنے اور شخصیت کو تربیت دینے کے لیے بھی انتہائی لازمی ہے ۔ اس ادب کے فروغ میں جہاں اہل فکر و نظر اور ارباب علم و فن نے مسلسل حصہ لیا وہاں اس برصغیر کے مسلمان حکمرانوں نے بھی علمی سرپرستی کی ایک بے نظیر روایت قائم کی ۔ ان کے دربار اہل علم و فضل کا ملجا و ماوا تھے ۔ جب ایران پر تاتاریوں کا قہر ٹوٹا تو سلطان قباچہ والی سندھ اور سلطان شمس الدین التتمش نے ایرانی فضلا کو پناہ دی اور ان کی سرپرستی کی ۔ عوفی نے لباب الالباب جو آج فارسی شعراء کا قدیم ترین تذکرہ ہے ۱۲۲۱/۶۱۸ میں سندھ ہی میں مرتب کیا ۔ منہاج سراج نے التتمش کو 'سلطان عالم پرور' کے نام سے یاد کیا ہے ۔ محمد تغلق علم و فضل میں یکتائے روزگار تھا اور بقول فرشتہ 'شعر فارسی بغایت نیکو گفتی'[1]۔ سکندر لودھی شعراء کا سرپرست اور خود شاعر تھا ۔ بقول بدایونی :

سکندر با شاعران نسشت و برخاست بسیار داشت و خود ہم صاحب طبع بود[2]۔

علم و ادب کی سرپرستی کی یہ روایت مغلیہ دور میں انتہا کو پہنچی ۔ بابر شعر کہتا تھا ۔ ہمایوں نے فتح قندھار کے موقع پر ایک مثنوی لکھی ۔ کامران اور بیرم خان صاحب دیوان تھے ۔ گلبدن بیگم نے ہمایون نامہ لکھا ۔ اکبر شعر کی اصلاح کی صلاحیت رکھتا تھا ۔ جہانگیر اور اس کی ملکہ نورجہاں فی البدیہہ شعر کہنے پر قدرت رکھتے تھے ۔ شاہجہان نے ایک قصیدہ سن کر سات دفعہ قدسی کا منہ جواہرات سے بھروایا اور ابو طالب کلیم کو ایک دفعہ روپے میں تلوایا ۔ اورنگ زیب شعر کا ذوق رکھتا تھا ۔ دارا شکوہ صاحب دیوان شاعر اور متعدد کتابوں کا مصنف تھا ۔ زیب النساء شعر کہتی تھی ۔ اس دور کے اکثر صوبائی اور علاقائی حکمران اور ارباب اختیار شعر و ادب کے سرپرست تھے چنانچہ اہل علم و فن بالخصوص شاعر بے اختیار ایران سے کھنچ کھنچ کر یہاں چلے آئے ۔ اس سرزمین کو ایرانی شاعر خوابوں کی سرزمین سمجھتا تھا اور یہاں آنے کی آرزو اس کے دل میں یوں چٹکیاں لیتی تھی کہ وہ محبوب کی جنون آمیز محبت کو بھی اس دیار میں پہنچنے کی شدید آرزو سے تشبیہ دیتا تھا ۔ بقول صائب :

همچو عزم سفر هند که در هر دل هست رقص سودای تو در هیچ سری نیست که نیست

۱- جلد اول ، ۱۸۳۲/۱۲۴۷ ، ص ۲۳۷ -

۲- منتخب التواریخ بہ تصحیح ولیم ناسولیس و منشی احمد علی ، کلکتہ ، ۱۸۶۵ء ، جلد اول ، ص ۳۲۳ -

اس دور میں شعراء کا جو قافلہ یہاں پہنچا ان میں نظیری ، عرفی ، ظہوری ، طالب آملی ، ابو طالب کلیم ، صائب ، قدسی اور شیخ علی حزیں سرفہرست ہیں ۔

یہاں فارسی زبان کی مقبولیت اور عمومیت کا یہ عالم تھا کہ اسلامی حکومت کے دور انحطاط میں جب مرہٹوں نے سر اٹھایا تو انہوں نے بھی فارسی کو دفتری زبان بنایا ۔ پنجاب میں سکھوں کے دور حکومت میں بھی فارسی کو اقتدار حاصل رہا ۔ جب ایسٹ انڈیا کمپنی نے طاقت حاصل کی تو اس نے بھی اپنے مخصوص سیاسی اور تجارتی مقاصد کی تکمیل کے لیے فارسی کا مطالعہ ضروری سمجھا چنانچہ لارڈ وارن ہیسٹنگز نے اس مقصد کے لیے کلکتہ میں ایک سکول قائم کیا اور جب اس سے خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوئے تو لارڈ ولزلی نے کمپنی کو ایک کالج کی ضرورت کا احساس دلایا اور ۱۸۰۰ء میں کلکتہ ہی میں ملازمین کو فارسی اور دوسری مقامی زبانیں پڑھانے کے لیے فورٹ ولیم کالج قائم ہوا ۔ فارسی ادب نے برصغیر میں دور انحطاط میں بھی غالب ایسا عظیم شاعر پیدا کیا اور فارسی روایات کی توانائی اور دور رس اثرات کا یہ عالم تھا کہ بیسویں صدی میں جب یہ سیاسی اہمیت سے یکسر محروم ہو چکی تھی اس نے حکیم الامت علامہ اقبال کو پیدا کیا جنھوں نے اپنے حیات افروز پیغام کے لیے مسلمانوں کی اس تہذیبی زبان کو اردو پر ترجیح دی ۔

جب فارسی شاعری اس سرزمین کی تہذیبی زندگی کا جزو بن گئی تو آہستہ آہستہ یہاں کے مقامی ذوق میں ڈھلنا شروع ہوئی یہاں تک کہ شعراء نے ایک نیا اسلوب شعر وضع کیا جو سبک ہندی کے نام سے مشہور ہے ۔ اسے تین سو سال تک فروغ رہا ۔ طبائع کے باریک اور لطیف فرق نے اسلوب فکر اور طرز احساس کے نئے راستے سجھائے اور خیال آرائی اور نکتہ سنجی نے اظہار کی نئی راہیں تراشیں ۔ یہاں کی روایت نے اتنی توانائی حاصل کر لی تھی کہ خود ایرانی شعراء بھی صدیوں تک اس روش سے متاثر رہے ۔

برصغیر میں فارسی زبان کا ارتقا خود ہمارے مزاج اور ذوق کے تابع رہا اور اس میں ایک ایسا مقامی رنگ آ گیا جو اسے ایرانی فارسی سے منفرد کرتا ہے ۔ یہاں کے ادیب اور شاعر کلاسیکی فارسی کے کامل احترام کے باوجود اپنے مخصوص ماحول میں نئے محاورات و اصطلاحات کی تخلیق یا مقامی الفاظ کے استعمال کو نہ روک سکے ۔ یہ اختراع یہاں کی مخصوص تہذیبی فضا ، نظم و نسق ، ذوق جمالیات اور صوتی رجحانات کی آئینہ دار تھی ۔ یوں تو مقامی الفاظ کا استعمال غزنوی دور ہی سے شروع ہو گیا تھا ۔ مثلاً فرخی نے ایک شعر میں چھپر کھٹ کا لفظ یوں استعمال کیا تھا :

خلافت جدا کرد چیپالیان را　　ز کتھای زرین و شاہانہ زیور[1]

۱- دیوان فرخی سیستانی ، بکوشش محمد دبیرسیاقی ، تہران ، ۱۳۲۵ھ ش ، ص ۸۳ ۔

یا مسعود سعد سلمان نے ''مارا مار'' کو یوں ادا کیا تھا :

چو رعد وار بغرید کوس محمودی　　برآمد از پس دیوار حصن مارا مار[1]

مگر سلاطین دہلی کے زمانے میں مقامی الفاظ کو یورش کا زیادہ موقع ملا ۔ امیر خسرو کی نظم و نثر میں اس کے نمونے ملاحظہ ہوں :

و از درون ہندوان مار مار فریاد میکردند[2] :

یا

ای دہلی و ای بتان سادہ　　پگ بستہ و ریشہ کج نہادہ[3]

منہاج سراج نے طبقات ناصری میں کئی مقامی الفاظ استعمال کیے ہیں ۔ مثلاً

و بہار بہ لغت ہندوی مدرسہ باشد[4]

و او را بہ لغت ہندی سمندر گویند[5]

شمس سراج عفیف کے ہاں مقامی الفاظ کا استعمال زیادہ بے تکلفی سے ہونے لگا ہے مثلاً

کہاران با ڈولہا ایستادہ میشدندی[6]

چنانچہ سنگ ہای جانبین از پلۂ منجنیق طرفین بیکدیگر در ہوا دھکہ میخوردند[7]

اس دور میں یہاں کے مقامی ماحول میں خالص نئے فارسی الفاظ وضع ہونے لگے تھے ۔ امیر خسرو نے دو پھولوں کے ناموں 'کوزہ' اور 'صد برگ' کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس رجحان کی شہادت دی ہے :

اگرچہ پارسی نامند اینہا　　ولی در ہند زادند از زمینہا

گر این گل در دیار پارسی زاد　　چرا زو نیست درگفتار شان یاد[8]

برصغیر میں جو فرہنگیں مرتب ہوئیں ، اور یہ بات قابل ذکر ہے کہ فارسی فرہنگوں کی کثیر تعداد برصغیر ہی میں مرتب ہوئی ،ان میں بہت سے مقامی الفاظ موجود ہیں ۔ مثال کے طور پر ابتدائی فرہنگوں میں سے بحرالفضائل میں ایسے الفاظ کی تعداد ڈھائی سو کے قریب ہے اور ادات الفضلاء میں ان کی تعداد تین سو سے بھی بڑھ گئی ہے ۔ اس رجحان کی عکاسی مختلف کتب میں ہوتی ہے ۔

١- دیوان مسعود سلمان ، بہ تصحیح رشید یاسمی ، تہران ، ١٣٣٩ھ ش ، ص ٣٦٣ -
٢- خزائن الفتوح ، بہ تصحیح معین الحق ، علی گڑھ ، ١٩٢٨ء ، ص ٨٧ -
٣- قران السعدین ، بہ تصحیح محمد اسماعیل ، علی گڑھ ، ١٩١٨ء ، ص ٣٦ -
۴- بتصحیح عبدالحئی حبیبی ، کوئٹہ ، ١٩۴٩ء ، ص ۴٩٧ -
۵- ایضاً ، ص ١٠۵ -
٦- تاریخ فیروز شاہی ، ایشیاٹک سوسائٹی ، بنگال ایڈیشن ، کلکتہ ، ١٨٩٠ء ، ص ١٣٦ -
٧- ایضاً ، ص ١٨٨ -
٨- قران السعدین ، ص ١٣٠ -

بابر نامہ میں بیسوں مقامی الفاظ آئے ہیں۔ آئین اکبری میں ابوالفضل نے بھی بعض دیہی اشیاء، ہتھیاروں، پھلوں، ترکاریوں، کھانوں، کپڑوں اور پودوں کے نام اور شکار کی مقامی اصطلاحات استعمال کی ہیں۔ توزک جہانگیری میں بھی یہ رجحان موجود ہے اور اس میں ڈیڑھ سو سے اوپر پھولوں، درختوں اور پرندوں کے مقامی الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ شاعری میں بھی مقامی الفاظ نے رخنہ اندازی کی ہے۔ عرفی نے قصیدۂ کشمیر میں ’جھکڑ‘ کا لفظ استعمال کیا ہے:

در چاشت کہ از شبنم گل گرد فشان است آن باد کہ در ہند گر آید ’جکر‘ آید[۱]

ظہوری نے ’’تعریف پان‘‘ کے ضمن میں ’’اگال‘‘ کا لفظ استعمال کیا ہے:

شود چہرۂ زرد خورشید آل دهندش اگر نازنیان ’’اگال‘‘[۲]

طالب آملی اور ابو طالب کلیم کے اشعار میں بھی مقامی الفاظ ملتے ہیں۔ اورنگ زیب عالمگیر کے رقعات میں جو انشا پردازی کا اعلی نمونہ ہیں مقامی الفاظ کی دلچسپ تراکیب مثلاً ’ڈالی انبہ‘ اور ’کھچڑی بریانی‘ نظر آتی ہیں[۳]۔

مقامی الفاظ کے ساتھ ساتھ یہاں فارسی الفاظ بھی وضع ہونا شروع ہوئے۔ التتمش نے آم کے لیے ’نغزک‘ کا لفظ وضع کیا[۴]۔ اسی زمانے میں خرگاہ کے لیے ’خرمگاہ‘ کی شاعرانہ ترکیب وضع کی گئی[۵]۔ مقامی پھولوں کے لیے ’کوزہ‘ اور ’صد برگ‘ کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے۔ اکبر نے گیلاس کا نام بدل کر ’شاہ آلو‘ رکھ دیا[۶]۔ کناس کی بجائے ’خاکروب‘ کا لفظ وضع کیا۔ ابو الفضل لفظ ’خاکروب‘ کے ضمن میں لکھتا ہے:

خاکروب: در هند کناس را حلال خور نامندی‌گیتی خداوند بدین نام روشناس گرداند[۷]

اسی طرح اکبر نے پاجامے کے لیے ’یار پیراہن‘ اور صدری کے لیے ’تن زیب‘ اختیار کیا[۸]۔ جہانگیر نے ’خون کشیدن‘ یعنی فسد کھلوانے کی بجائے ’سبک شدن‘ تجویز کیا ہے[۹]۔ اس نے ایک کشمیری پھل اشکن کو فارسی لفظ ’خوشکن‘ میں بدل دیا۔ یہ اختراعات برصغیر پاکستان و ہند کی اسلامی تہذیب و معاشرت

۱۔ قصائد عرفی، لکھنئو، ۱۳۶۳ھ، ص ۸۸۔
۲۔ ساقی نامہ ظہوری، مطبع مصطفائی، لکھنئو، ۱۲۶۳ھ، ص ۵۸۔
۳۔ رقعات عالمگیری، مطبع حاجی محمد حسین، ص ۷۵۔
۴۔ فوائد الفواد، ملفوظات سلطان المشائخ محمد نظام الدین، تالیف حسن سجزی، نول کشور ایڈیشن، لکھنئو، ۱۹۰۸/۱۳۲۶، ص ۲۱۲۔
۵۔ ایضاً، ص ۲۳۶۔
۶۔ توزک جہانگیری، نول کشور ایڈیشن، لکھنئو، ص ۵۶۔
۷۔ آئین اکبری، لکھنئو، ۱۸۶۹ء، جلد اول، ص ۱۶۹۔
۸۔ ایضاً، ص ۱۱۵۔
۹۔ توزک جہانگیری، ص ۱۱۱۔

میں فارسی زبان کی مقبولیت اور اس کے گہرے اثر کا بین ثبوت ہیں ۔ یہاں کے درباروں میں بہت سی نئی فارسی اصطلاحات وضع ہوئیں جو برصغیر کے اطراف و اکناف میں پھیل گئیں ۔ آج پاکستان اور ہندوستان کی مختلف زبانوں اور بولیوں میں فارسی کے ایسے الفاظ موجود ہیں جن کے مقامی مفہوم سے خود اہل ایران ناواقف ہیں ۔ مثلاً ایران میں کوئی فوج کے دستے کو 'رسالہ' نہیں کہتا ۔ 'خوشدامن' کے لفظ سے کوئی واقف نہیں ۔ 'برشگال' کا لفظ ایران میں مستعمل نہیں اور ملک الشعراء بہار نے اسے ہندی کا لفظ قرار دیا ہے ۔ 'غسل خانہ' بھی یہاں کی ایجاد ہے ۔ لفظ 'سالگرہ' کی علی اصغر حکمت نے تعریف کی ہے اور اسے خالص یہاں کا لفظ بتایا ہے ۔ فارسی کے ایسے بے شمار الفاظ گنوائے جا سکتے ہیں جو ایران میں رائج نہیں ۔ مثال کے طور پر 'برآمدہ' ، 'سفید پوش' ، 'رشتہ دار' ، 'زمیندار' ، 'رواداری' ، 'آبنای' وغیرہ وغیرہ ۔ یہ تمام اضافے اس حقیقت کی دلیل ہیں کہ یہاں کے معاشرے نے فارسی کو ایک نیا رنگ دیا اور فارسی زبان کی توسیع میں نمایاں کردار ادا کیا ۔

آج ایران پہنچ کر ہم پر یہ دلچسپ حقیقت کھلتی ہے کہ ہم بعض لحاظ سے اہل ایران کی نسبت فارسی سے زیادہ قریب ہیں ۔ بہت سے فارسی الفاظ ایسے ہیں جن کے بجائے خود ایران میں آج بھی بول چال کی زبان میں عربی کے کلمات زیادہ مستعمل ہیں حالانکہ ہم اردو اور مقامی زبانوں میں اب بھی اصلی فارسی الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔ مثلاً ایران میں عام طور سے بیمار کی بجائے مریض ، گفتگو کی بجائے صحبت ، کامیاب کی بجائے موفق ، سرشام کی جگہ غروب ، روشنی کی جگہ نور ، دوبارہ کے بجائے مجدداً ، بت کے بجائے مجسمہ ، درخواست کی بجائے تقاضا ، باشندہ کی بجائے ساکن ، براہ راست کی بجائے مستقیماً استعمال ہوتے ہیں اور یہ محض چند مثالیں ہیں ورنہ اس قسم کے بیسوں الفاظ پیش کیے جا سکتے ہیں ۔

ان حقائق کی روشنی میں یہ حقیقت آسانی سے سمجھ میں آ سکتی ہے کہ فارسی ہمارے معاشرے کا جزو بن چکی ہے ۔ اس سے بڑھ کر فارسی کی اہمیت اور کیا ہوگی کہ اردو زبان اس برصغیر میں جن دو مختلف تہذیبوں کی آمیزش سے وجود میں آئی ان میں فارسی زبان برتر تہذیب کا مظہر تھی ۔ چنانچہ ہماری قومی زبان کے اجزائے ترکیبی میں فارسی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے اور ہم فارسی کے بغیر ادبی یا علمی اردو زبان کا تصور بھی نہیں کر سکتے ۔ ہماری زبان کا حسن اور اس کی شیرینی اور گھلاوٹ بڑی حد تک فارسی کی مرہون منت ہے اور اردو میں عربی کے الفاظ کا استعمال بھی فارسی ہی کے راستے ممکن ہوا ہے ۔ فارسی کا اثر اردو تک ہی محدود نہیں بلکہ پاکستان بالخصوص مغربی پاکستان کی تمام زبانوں پر اس کا گہرا اثر موجود ہے ۔ فارسی زبان کس طرح ہمارے عقائد و تصورات پر چھائی ہوئی ہے اس کا تجزیہ بعض الفاظ کی مثال سے واضح ہوگا ۔ خدا ، پیغمبر ، نماز ، روزہ ، بہشت ، دوزخ سب فارسی ہیں اور عقائد کی حدود سے باہر قدم رکھیے تو محسوس ہوگا کہ ہماری زمین و آسمان ، ہمارے روز و شب ، ہمارے ماہ و سال ، ہماری گفتار و کردار ، ہمارے دل و جان ، ہمارے بچہ و جوان ، ہمارے مزدور و

کاشتکار ، ہمارا رنج و خوشی سب فارسی ہیں ۔ فارسی کے محاورات آج بھی ہماری مجلسی زندگی کا جزو ہیں ۔ اس قسم کے محاورات سے کون واقف نہ ہوگا کہ کند ہمجنس با ہمجنس پرواز ، گربہ باید کشتن روز اول ، سلام روستائی بیغرض نیست ، قطرہ قطرہ میشود دریا ، چاہ کن را چاہ درپیش ، اول خویش بعد درویش ، من آنم کہ من دانم ، خرعیسی اگر بہ مکہ رود چو بیاید ہنوز خر باشد ، مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید ، ہر کہ آمد عمارت نو ساخت ، دل را بدل راہ است وغیرہ وغیرہ ۔ یہ درست ہے کہ ہمارے مقامی اور ایرانی محاورے میں فرق آگیا ہے ۔ لیکن اسی میں تو ہماری فارسی کی منفرد شخصیت جھلکتی ہے جس کی پرورش ہم نے اپنے ذوق اور تخیل کی بنیاد پر کی ہے ۔

یہ درست ہے کہ پاکستانی اور ایرانی تلفظ میں فرق ہے ۔ لیکن تلفظ کا فرق دو ملکوں کو چھوڑیے کیا ایک ہی ملک کی زبان میں نہیں ہوتا ؟ بقول پروفیسر ڈینیل جونز مانچسٹر اور ایکسٹر کے فارغ التحصیل افراد کے درمیان تلفظ کا اختلاف موجود ہے اور ان دونوں کا تلفظ لندن اور ایڈنبرا کے تعلیم یافتہ طبقے سے مختلف ہے ۔ فرانسیسی اور جرمن زبانوں پر بھی یہی حقیقت صادق آتی ہے ۔ فرانس میں پیرس اور مارسیلز اور جرمنی میں برلن اور ڈریسڈن کے تلفظ میں فرق ہے[1] ۔ خود ایران ہی میں آج بھی مختلف علاقوں کے تلفظ میں فرق موجود ہے ۔ اس کے علاوہ یہ ایک حقیقت ہے کہ ایران کی بعض قدیم اصوات جو امتداد زمانہ سے خود ایران میں مٹ چکی ہیں ہمارے یہاں موجود ہیں ۔ ان میں یای مجہول ، واو مجہول اور نون غنہ شامل ہیں ۔

ہمارے بعض فارسی الفاظ کے معنی اور انہیں الفاظ کے جدید ایرانی مفہوم کے درمیان فرق ہے ۔ یہ بھی کوئی اچھنبے کی بات نہیں بلکہ ایک اہم لسانی حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے ۔ چونکہ فارسی ہماری بول چال کی زبان نہیں ہے اس کی کلاسیکی وضع محفوظ رہی ہے ۔ ایران میں ایک زندہ زبان کی حیثیت سے اس کے الفاظ و معانی تغیر و تبدل سے دوچار ہوتے رہے ہیں ۔ یہ عمل ہر زندہ زبان میں دکھائی دیتا ہے ۔

تلفظ ، محاورے اور معنی کے فرق نے یہاں کی فارسی کو ایک منفرد لغوی اور صوتی حیثیت بخش دی ۔ مقامی الفاظ کی رخنہ اندازی اور فارسی اصطلاحات و تراکیب پر مقامی رنگ نے اس انفرادیت کو اور جلا بخشی اور یہ زبان اس برصغیر کے اسلامی معاشرے کی آئینہ دار بن گئی ۔ اس کی اسلامی روح کا اندازہ تو اس سے ہوتا ہے کہ انیسویں صدی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان جو مسائل وجہ نزاع بنے ان میں ایک فارسی رسم الخط تھا اور اس رسم الخط کے خلاف ہندو ذہن نے جب نفرت کا اظہار کیا تو سرسید نے یہ تاریخی پیش گوئی کی تھی کہ اب دونوں قوموں کا ساتھ رہنا ممکن نظر نہیں آتا ۔ گویا تقسیم کا احساس جن محرکات کی بنا پر ہوا وہ علیحدہ تہذیبوں کا وجود تھا اور ان میں سے ایک تہذیب کا

1. Daniel Jones, *An Outline of English Phonetics*, Cambridge, 1950, p. 11.

مظہر فارسی رسم الخط تھا ۔ اس لحاظ سے پاکستان کی تشکیل میں فارسی کا بھی ہاتھ تھا جسے یہاں کی غیر مسلم اکثریت نے ہماری تہذیبی قدروں کی علامت سمجھا ۔

فارسی یقینی طور پر ہماری ثقافت کی روح ہے ۔ زبان اور ثقافت کا یہ رشتہ اتنا گہرا ہے کہ اسے ایک دوسرے سے جدا کرنا ممکن نہیں بلکہ اسے مزید مستحکم کرنے کی ضرورت ہے ۔ فارسی نے ہماری اخلاق اور جمالیاتی اقدار کو ہمیشہ جلا بخشی ہے ۔ اس کے وسیع اور ثروت مند ادب نے ہماری فکری اور معنوی صلاحیتوں کو توانائی اور تسکین عطا کی ہے ۔ وہ ہمارے لیے فکر آفرین ہی نہیں حسن آفرین ثابت ہوا ہے ۔ اس نے ہمارے لیے نشاط روح کا سامان بہم پہنچایا ہے اور ہمارے تخیلات میں رنگ بھرا ہے ۔ اس کے عمیق افکار و معانی ہمارے لیے قدم قدم پر مشعل راہ بنے ہیں ۔ فارسی ہماری عظیم روایت ہے، کوئی زندہ قوم اپنی عظیم روایات سے غافل نہیں ہوتی ۔ یہ صحیح ہے کہ آج طبیعی اور معاشرتی علوم کے تقاضوں نے ہمارے نظام تدریس میں ادب کی راہیں محدود کر دی ہیں لیکن فارسی ہمارے لیے محض ادب نہیں ہے ۔ اس میں فلسفہ و اخلاق اور عرفانیات و حقایق کے وہ گراں بہا خزینے پنہاں ہیں کہ ان سے اپنا رشتہ منقطع کرنے سے ہماری جڑیں اپنی تہذیب سے کٹتی ہیں ۔ یہ ہمارا گراں بہا سرمایہ ہے اور اس کا تحفظ ہمارا فرض ہے ۔

پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی

صدر شعبۂ اردو پنجاب یونیورسٹی ،
پرنسپل یونیورسٹی اوریئنٹل کالج ، لاہور

اردو ادب کی ترویج میں فارسی کی اہمیت

برعظیم ہند و پاکستان کی ثقافتی زندگی کے نشیب و فراز کی کہانی در حقیقت فارسی زبان کے نشیب و فراز کی کہانی ہے - تقریباً ایک ہزار سال تک اس سرزمین پر فارسی کا پرچم لہراتا رہا ہے اور اس نے نہ صرف کشور تہذیب و ثقافت بلکہ دلوں کے اقلیم پر بھی حکمرانی کی ہے - شاہان وقت آتے اور جاتے رہے ہیں - ان کی ہیبت و جبروت سے یہ زمین زیر و زبر ہوتی رہی ہے - ان کی قسمتوں کے ستارے طلوع ہو کر غروب اور غروب ہو کر طلوع ہوتے رہے ہیں لیکن فارسی زبان اور ادب کے آفتاب اور ماہتاب اس سرزمین پر کبھی گہنائے نہیں - بلکہ تہذیب و ثقافت اور زبان و ادب کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ ان کا اقبال روز افزوں رہا ہے -

غزنوی اور غوری کے زمانے سے فارسی زبان نے اس سرزمین پر اپنے اقتدار کا پرچم لہرایا اور اپنی حکومت کا سکہ چلایا اور خلجیوں ، تغلقوں ، لودھیوں ، سوریوں اور مغلوں کے دور آخر تک یہ زبان تخت سلطنت پر جلوہ افروز رہی اور کوئی اس کی حکمرانی کو ہلانے اور اس کے اقتدار کو متزلزل کرنے کا خواب بھی نہ دیکھ سکا -

یوں تو فارسی زبان اور ادب نے اس سرزمین پر مغلوں سے قبل بھی ترقی کی منزلیں طے کی ہیں لیکن اس میں شبہ نہیں کہ اس سرزمین پر مغلوں کا دور حکومت اس زبان و ادب کے شباب کا زمانہ ہے - اس زمانے میں فارسی کے ایسے ایسے شاعر اور نثر نگار یہاں پیدا ہوئے جنہوں نے اپنی علمی اور تخلیقی کاوشوں سے نہ صرف برعظیم ہند و پاکستان اور ایران بلکہ جہان سے اپنا لوہا منوا لیا اور جو اب اپنی بیش بہا ادبی و شعری تخلیقات کی وجہ سے رہتی دنیا تک فارسی ادب کی روایت کے افق پر آفتاب اور ماہتاب بن کر جگمگاتے رہیں گے -

یہ صورت حال اس حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ فارسی زبان صرف حکومت ہی کی زبان نہیں رہی ، اس نے سرکاری اور علمی سطح ہی پر کارہائے نمایاں انجام نہیں دیئے ، بلکہ دلوں میں بھی اپنی جگہ بنائی اور اس سرزمین کے رہنے والے اس کی زلف گرہ گیر کے ایسے اسیر ہوئے کہ اس کے بغیر ان کی زندگی نامکمل بلکہ بے معنی نظر آنے لگی ۔ مغلوں کے دور آخر یعنی اورنگ زیب عالمگیرؒ کے وقت تک یہی صورت حال رہی ۔ اس کے بعد محمد شاہی دور میں اس صورت حال میں تھوڑا سا فرق ضرور پیدا ہوا کیونکہ اس زمانے میں فارسی زبان کے ساتھ اردو زبان نے بھی ایک مستقل صورت اختیار کر لی اور اس میں نہ صرف بات کرنے بلکہ شعر و ادب کو تخلیق کرنے کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا ۔ لیکن فارسی کا اثر اس زمانے میں بھی کم نہیں ہوا ۔ وہ اس زمانے میں بھی سرکاری اور علمی زبان رہی اور اردو ادب و شعر کی تخلیق کے ساتھ ساتھ فارسی ادب و شعر کی تخلیق کا سلسلہ بھی جاری رہا ۔ فارسی کے شاعر اور ادیب اس زمانے میں بھی پیدا ہوتے رہے اور نہ صرف یہ بلکہ اردو کے شاعروں نے اردو کے ساتھ فارسی میں بھی اعلیٰ درجے کی شاعری کی ۔ انہوں نے صرف اردو ہی کے دیوان مرتب نہیں کیے ، فارسی کے دیوان بھی مرتب کیے ۔ چنانچہ میرزا مظہر جان جاناںؒ ، خواجہ میر دردؒ ، میرزا رفیع سودا ، میر تقی میر اور آگے چل کر مصحفی ، میر حسن ، غالب ، مومن ، شیفتہ ، آزردہ اور ظفر کا فارسی کلام باقاعدہ دواوین و کلیات کی صورت میں ملتا ہے ۔ ان میں سے بعض کے فارسی دیوان چھپ کر شائع بھی ہو چکے ہیں لیکن بعضوں کے دیوان ابھی شائع نہیں ہوئے وہ قلمی نسخوں کی صورت میں محفوظ ہیں ۔ ان شعراء نے نہ صرف یہ کہ فارسی زبان میں شاعری کی بلکہ جب بھی شعراء کے تذکرے لکھے یا ادبی و شعری معاملات پر قلم اٹھایا تو جو کچھ لکھا وہ فارسی میں لکھا ۔ چنانچہ میر کے تذکرے نکات الشعراء سے لے کر شیفتہ کے گلشن بے خار تک کوئی تذکرہ اردو میں نہیں لکھا گیا ۔ میر کا نکات الشعراء ، قدرت اللہ قاسم کا مجموعۂ نغز ، فتح علی حسینی گردیزی کا تذکرہ ریختۂ گویاں ، قائم کا مخزن نکات ، میر حسن کا تذکرۂ شعرائے اردو ، مصحفی کا تذکرۂ ہندی گویاں ، ریاض الفصحا اور عقد ثریا ، آزردہ کا تذکرہ شعرائے اردو اور شیفتہ کا گلشن بے خار ــــ سب فارسی میں لکھے گئے ہیں ــــ اور فارسی بھی ایسی جس کو پڑھ کر منہ میں شہد و شکر گھلتے اور کانوں میں نغمے گونجتے ہیں ۔ اور تذکروں ہی پر کیا موقوف ہے میر نے اپنی آپ بیتی ، ذکر میر اور اپنی کہانیوں کی عجیب و غریب کتاب فیض میر ، مصحفی نے اپنی سوانح مجمع الفوائد ، خواجہ میر دردؒ نے تصوف کے موضوع پر اپنے رسالے نالۂ درد ، آہ سرد ، تصویر درد ، حرمت غنا وغیرہ ، مرزا مظہر جان جاناںؒ اور مومن اور شیفتہ نے اپنے خطوط فارسی ہی میں لکھے ہیں ۔ اس میں کسی قسم کی شعوری کوشش یا تصنع اور بناوٹ کو دخل نہیں تھا ۔ اس زمانے میں وسیلۂ اظہار ہی یہی زبان تھی ۔ افراد کے اندر ایک ایسی کیفیت تھی کہ جب وہ کوئی اظہار کرنا چاہتے تھے تو وہ

اظہار فارسی میں ہوتا تھا ۔ گویا فارسی افراد کے مزاجوں میں داخل تھی ۔ دلوں میں اس کا بسیرا تھا اور تہذیب و ثقافت نے اس کو افراد کی شخصیتوں کا لازمی جز بنا دیا تھا ۔

اس صورت حال کے اثرات اردو زبان پر بہت گہرے ہوئے اور اس کی ترویج میں فارسی نے نمایاں کردار ادا کیا ، اور اس پر گہرے نقوش چھوڑے ۔ اردو زبان کی ساخت ، اس میں شبہ نہیں کہ ہندی ہے ، لیکن یہ صورت صرف افعال میں ظاہر ہوتی ہے ۔ جہاں تک اس زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ کا تعلق ہے ، وہ ۸۰ ، ۸۵ فی صد فارسی کے الفاظ ہیں ۔ اس لیے فارسی کی پوری نضا اس زبان میں موجود ہے اور یہ فضا صرف فارسی الفاظ کے استعمال ہی سے پیدا نہیں ہوئی ہے ، اس میں تو اس تہذیب کا ثقافت کا ہاتھ ہے جس نے فارسی کو پیدا کیا تھا ۔ اور یہ سب کچھ کسی کی شعوری کوشش سے نہیں ہوا ۔ یہ تو ایک تاریخی ضرورت تھی ۔ ہمارے بعض لکھنے والوں نے ، خاص طور پر مولانا محمد حسین آزاد نے ، کئی جگہ اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ اردو کو ہندی معاشرے اور ماحول کے سانچے میں ڈھلنا چاہیے تھا ۔ لیکن اس برعظیم کی سیاسی ، معاشرتی اور تہذیبی تاریخ کو سامنے رکھا جائے تو اس خیال کی کوئی حقیقت باقی نہیں رہتی ۔ جو قوم فارسی کو اپنی تہذیب و ثقافت کا محور بنا کر اس سرزمین پر فاتح کی حیثیت سے آئی اور اس کے زیر اثر جو لسانی اور تہذیبی رجحانات پیدا ہوئے ، ان میں فارسی زبان اور کلچر کے رنگ و آہنگ کا پیدا ہونا لازمی تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ اردو زبان اور ادب کے ہر دور میں فارسی کے اس رنگ و آہنگ کو معیار تصور کیا گیا ہے اور جب بھی اس میں کوئی نئی لسانی تحریک چلی ہے ، اور جب بھی کوئی نیا ادبی اور شعری رجحان پیدا ہوا ہے ، تو اس کی تہ میں فارسی کو سطح پر لانے اور کسی نہ کسی طرح اس سے استفادہ کرنے کے خیالات ضرور رونما ہوئے ہیں ـــــ اور اس میں شبہ نہیں کہ اردو زبان اور ادب کے ہر رجحان اور ہر تحریک نے مختلف زاویوں سے یہ استفادہ فارسی سے کیا ہے ۔

اردو شاعری کی تاریخ میں دکن کا دور ایک ایسا دور ہے جس میں ہندی اور بھاشا کے اثرات خاصے نمایاں نظر آتے ہیں ۔ محمد قلی قطب شاہ سے لے کر کم و بیش ولی کے زمانے تک دکن کی اردو شاعری میں ہندی کا یہ اثر نمایاں رہا ہے ۔ اس کے نتیجے میں ولی سے قبل دکن کی سرزمین پر غزل کی صنف نے ترقی نہیں کی ہے ۔ وہاں تو صرف مثنویوں کا رواج رہا ہے اور جس زبان میں یہ مثنویاں لکھی گئی ہیں اس میں مقامی اور ہندی فضا کے اثرات نمایاں ہیں ۔ ولی کے زمانے میں اس صورت حال میں تبدیلی ہوئی ۔ شعرائے اردو کے مختلف تذکروں میں یہ لکھا ہے کہ جب محمد شاہی عہد میں ولی دکن اور گجرات سے دلی پہنچے اور اپنی ایسی غزلیں جس میں ہندی روایت کے اثرات نمایاں تھے ، مختلف محفلوں میں سنائیں ، تو اس زمانے کے ایک صوفی بزرگ شیخ سعد اللہ گلشن؀ نے انہیں فارسی سے استفادہ کی طرف توجہ دلائی اور کہا کہ ”این ہمہ مضامین فارسی کہ بیکار افتادہ اند در ریختہ خود بہ کار ببر از تو کہ محاسبہ

خواہد گرفت ''—— یعنی یہ بے شمار فارسی کے مضامین جو بیکار پڑے ہوئے ہیں تو اپنی شاعری میں ان کو کیوں استعمال نہیں کرتا - تجھ سے ان کا کون حساب لے گا —— تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ ولی پر شاہ گلشنؒ کی اس نصیحت کا گہرا اثر ہوا اور انہوں نے اس پر عمل کیا - چنانچہ اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ ان کی غزلوں کے ایک بڑے حصّے میں فارسی کے اثرات نمایاں نظر آتے ہیں اور مجموعی طور پر اسی لیے ان میں رنگینی ، رعنائی اور رچاؤ کی وہ خصوصیات دکھائی دیتی ہیں جو فارسی زبان اور ادب کے ساتھ مخصوص ہیں -

یہ ایک حقیقت ہے کہ اردو زبان کی تاریخ اصلاح زبان کی مختلف تحریکات و رجحانات کی تاریخ ہے - اس زبان میں ڈھائی سو سال کی تاریخ میں جتنی تحریکیں بھی چلی ہیں، اور ان کے نتیجے میں یہ زبان جتنے بھی نئے رجحانات سے آشنا ہوئی ہے ، ان سب میں فارسی زبان کے اثرات نمایاں نظر آتے ہیں - فارسی نے اس زبان کے لیے شمع راہ کا کام کیا ہے اور اس کی روشنی میں اس نے اپنے سفر کی بے شمار ارتقائی منزلیں طے کی ہیں - دکن میں ولی کی شاعری اس کی ایک اچھی مثال ہے - اس نے فارسی کا سہارا لے کر اردو زبان اور صنف غزل کو ایک نئی زندگی بخشی - اور پھر ولی کی اس کوشش نے اس کو ایک تحریک بنا دیا - اس کے بعد شمالی ہندوستان میں شاہ حاتم اور شاہ مبارک آبرو نے فارسی کا سہارا لے کر اردو زبان کو حتی الامکان نکھارنے کی کوشش کی - پھر آگے چل کر میر ، سودا اور دردؒ نے فارسی کے اثر سے اس کی دنیا ہی بدل دی اور اس طرح انہوں نے اپنے عہد کو اردو شاعری کا عہد زریں بنا دیا —— لیکن فارسی زبان اور ادب کے اثرات کا شباب تو غالب ، مومن ، شیفتہ ، ذوق اور ظفر کے عہد میں نظر آتا ہے - اس زمانے میں اردو شاعری میں بہ اعتبار مضامین جو وسعتیں پیدا ہوئی ہیں اور جمالیاتی اظہار میں جو رنگینی اور رعنائی رونما ہوئی ہے ، اس میں فارسی زبان اور اس کی شاعری کے اثرات پوری طرح نمایاں نظر آتے ہیں اور انہیں اثرات کا یہ نتیجہ ہے کہ اس زمانے کی شاعری میں گل و گلزار سے مسکراتے اور جھاڑ فانوس سے جگمگاتے نظر آتے ہیں - غالب اور مومن کی شاعری اس صورت حال کی صحیح ترجمانی اور عکاسی کرتی ہے -

بیسویں صدی میں اس رجحان کی سب سے اچھی مثال علامہ اقبالؒ کی شاعری ہے - غالب اور مومن کی طرح علامہ اقبال نے بھی فارسی کی روایت سے اکتساب نور کیا ہے اور اپنی شاعری میں فنی اور جمالیاتی اعتبار سے رنگ و نور کے ایسے دریا بہائے ہیں کہ اس میں مجموعی طور پر ایک چراغاں کی سی فضا پیدا ہوگئی ہے - علامہ اقبالؒ کی فکر بلند اردو میں فارسی کے توسط سے صحیح ابلاغ اور جمالیاتی اظہار سے آشنا ہوئی - بلکہ کبھی کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ ان کی فکر کے تیز دھارے نے اردو کی حد بندیوں کو توڑ دیا ہے اور وہ فارسی کے عظیم ظرف میں سما گئی ہے - چنانچہ ان کی فکری اور فلسفیانہ شاعری کا خاصا بڑا حصہ فارسی میں ہے اور یہ فارسی کی عظمت اور اہمیت

کی دلیل ہے۔ علامہ اقبالؒ کے ساتھ ساتھ شاعری میں رومانی تحریک کے علمبرداروں جوش ملیح آبادی، حفیظ جالندھری، اختر شیرانی، روش صدیقی اور ساغر نظامی وغیرہ نے بھی فارسی کی روایت سے اپنی شاعری کو رنگین اور پرکار بنا کر اس میں دل موہ لینے والی کیفیت پیدا کی ہے اور نثر میں رومانی تحریک کے علمبردار شبلی، مہدی‌افادی، ابوالکلام آزاد، سجاد انصاری، نیاز فتح پوری، رشید احمد صدیقی، لطیف الدین احمد بھی اپنی اپنی نثری تحریروں میں فارسی کے اثر سے رنگینی، رچاؤ اور پرکاری کو پیدا کرکے ایک نئے اسلوب کا سنگ بنیاد رکھنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔

فارسی کی اس ساحری کا اثر آج بھی ہمارے آس پاس اور گرد و پیش مختلف زاویوں سے اپنی جھلک دکھا رہا ہے۔ اردو کی نئی شاعری اگرچہ اپنے بے شمار عوامل اور محرکات کی وجہ سے آج ایک خواب پریشان بن کر رہ گئی ہے لیکن اس کے باوجود اس نئی شاعری کے اہم علمبرداروں کے یہاں فارسی کی وہ روایت اپنے شباب پر نظر آتی ہے جس کو غالب، مومن، اقبالؒ اور جوش نے انتہائی بلندیوں سے ہمکنار کر دیا ہے اور یہی سبب ہے کہ ان کے یہاں شاعری کا وہی رچا ہوا اسلوب دامن دل کو اپنی طرف کھینچتا ہے، جس کی روایت تو اردو شاعری میں بہت پرانی ہے، لیکن جس نے انیسویں صدی میں اپنے آپ کو انتہائی بلندیوں سے ہمکنار کیا ہے۔ فیض، راشد، مجاز اور ان کے بعض ہم‌عصروں کی شاعری اس کی صحیح آئینہ‌دار ہے۔ ناول اور افسانے میں اس رجحان کے علمبردار علی عباس حسینی، کرشن چندر اور عصمت چغتائی ہیں اور تنقید میں ان کی نمائندگی پروفیسر رشید احمد صدیقی، آل احمد سرور، پروفیسر سید احتشام حسین اور پروفیسر سید وقار عظیم کی تحریریں ہیں جو صرف اپنے موضوع ہی کے اعتبار سے اہمیت نہیں رکھتیں، اسلوب اور انداز بیان کے لحاظ سے بھی اہمیت رکھتی ہیں اور مجموعی طور پر ان کا اثر یہ ہوتا ہے کہ وہ پڑھنے والے پر سرخوشی کا ایک بادل بن کر چھا جاتی ہیں۔

فارسی کی ساحری یوں تو آج بھی جاری ہے اور ہمارے جدید سے جدید لکھنے والے فارسی سے اپنی تخلیقات میں دل موہ لینے والی رنگینی اور پرکاری پیدا کرنے میں پیش پیش ہیں لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ادھر کچھ عرصے سے ہمارا ادب ایک عجیب طرح کے انتشار سے دوچار ہے۔ اس کے بہت سے اسباب ہو سکتے ہیں لیکن بنیادی سبب تجربے کے جوش میں روایت سے بغاوت کا رجحان ہے۔ زندگی کے بحران نے نئی نسل میں بڑی حد تک اقدار دشمنی کے خیالات پیدا کر دیئے ہیں اور وہ کسی حد تک زندگی کی دوڑ میں ماضی سے منحرف اور روایت سے باغی ہوگئی ہے۔ مغرب کے بعض منفی رجحانات نے نئی نسل کی اس کیفیت کو کچھ اور بھی شدید کر دیا ہے۔ بعض نظریاتی اور علاقائی تعصبات کے ہاتھوں روایت کی بنیادیں متزلزل ہوگئی ہیں لیکن یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ قوموں کی زندگی میں ایسے دور بھی آتے ہیں لیکن جلد ہی وہ اپنے آپ کو اس سے باہر

نکال لیتی ہیں اور روایت کی پاسداری کا احساس ان کے عمل میں زندگی کا تازہ اور رخشاں لہو دوڑا کر اس کو صحت مندی اور جولانی سے ہمکنار کرتا ہے -

اردو زبان اور ادب کی ترویج میں فارسی شعراء کی روایت نے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں ان کو مشعل راہ بنایا جائے تو اس کے سفر کی یہ منزل دشوار بھی آسان ہو سکتی ہے !

ڈاکٹر محمد صدیق خاں شبلی
استاد فارسی ، میونسپل کالج ، لائل پور

اردو کی تشکیل میں فارسی کا حصه

ایران کے مشہور عالم استاد سعید نفیسی مرحوم نے اردو اور فارسی کو بعض وجوہ کی بنا پر دنیا کی قریب ترین زبانیں قرار دیا ہے ۔ ایک شاعر نے اردو کو دختر زیبای فارسی کہا ہے ۔ اردو اور فارسی کی قرابت کے پیش نظر اسے فارسی کی شاخ بھی کہا ہے ۔ لسانیاتی اعتبار سے یہ تمام اقوال درست ہوں یا نہ ہوں پھر بھی یہ اردو اور فارسی کے رشتے کی اہمیت پر ضرور روشنی ڈالتے ہیں ۔ یہ درست ہے کہ اردو زبان اپنے مزاج اور بناوٹ کے لحاظ سے ایک ہند آریائی زبان ہے لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اردو نے اپنی نشو و نما کے بہت مرحلے فارسی کے زیر سایہ طے کیے ہیں ۔ اردو کی تشکیل میں فارسی نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے اگر فارسی زبان ہندوستان میں نہ آتی تو پھر بھی ایک نئی زبان عالم وجود میں آجاتی لیکن وہ زبان موجودہ اردو سے یقیناً مختلف ہوتی ۔ ہندوستان میں فارسی زبان کا آنا اردو کے ارتقا کے سلسلے میں بڑی اہمیت رکھتا ہے ۔

برصغیر میں فارسی کی آمد کے بارے میں بھی مختلف نظریات پیش کیے گئے ہیں ۔ آنجہانی پنڈت برجموہن کیفی دتاتریہ نے بعض ہندی تحریروں میں استعمال شدہ فارسی الفاظ سے یہ ثابت کیا ہے کہ فارسی ہندوستان میں مسلمانوں کی فتح دہلی سے پہلے موجود تھی لیکن ان تحریروں کے زمانہ کا صحیح تعین ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے ۔ اس لیے کیفی کا یہ نظریہ درست نہیں ہے ۔ تاریخ ادبیات ایران کے مصنف دکتر رضا زادہ شفق نے ہندوستان میں فارسی کی ترویج کے سلسلے میں مسلمانوں کے ساتھ پارسیوں کا نام بھی لیا ہے جو دوسری اور تیسری صدی ہجری میں ایران سے ہجرت کرکے ہندوستان چلے آئے تھے ۔ مگر ان لوگوں کی تھوڑی سی تعداد فارسی کی ترویج میں مؤثر نہیں ہو سکتی تھی بلکہ وہ بہت جلد اپنی زبان بھلا بیٹھے اور انھوں نے گجراتی زبان کو اپنا لیا ۔ دراصل برصغیر میں فارسی سب سے پہلے سندھ اور بلوچستان میں آئی کیونکہ یہ علاقہ ایرانی سرحد سے

متصل ہے اور اسلام سے پہلے بھی سیاسی اور ثقافتی اعتبار سے ایران کے زیر اثر رہا ہے - محمد بن قاسم کے حملۂ سندھ کے بعد سندھ میں ایرانی اثرات اور بھی زیادہ ہوگئے - عرب مؤرخین اور جغرافیہ دانوں مثلاً ابن خردادبہ (مسالک الممالک) ، مسعودی (مروج الذہب) ، ابن حوقل (صورۃ الارض) ، مقدسی (احسن التقاسیم)، اصطخری (المسالک و الممالک)، شریف ادریسی (نزہۃ المشتاق) کے بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ فارسی زبان ملتان اور مکران میں غزنویوں کی ہندوستان میں آمد سے پہلے سمجھی جاتی تھی - لیکن اس زمانے میں یہ فارسی ملتان تک ہی محدود رہی - ہندوستان میں فارسی کو لے جانے اور پھیلانے کا اصل کارنامہ غزنویوں ہی نے انجام دیا -

لاہور کو یہ شرف حاصل ہے کہ وہ غزنویوں کی بدولت برصغیر میں فارسی زبان و ادب کا پہلا بڑا مرکز بنا جس میں مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی جیسے عظیم شعراء پیدا ہوئے - سلاطین دہلی کے زمانے میں فارسی دلی ، دکن اور بنگال تک پہنچ گئی - دہلی کے علاوہ صوبے کا ہر صدر مقام فارسی شعر و ادب کا مرکز بن گیا - اس دور اور اس کے بعد کے فارسی نویسوں نے اپنی نظم و نثر میں ہندوستانی زبانوں کے الفاظ بڑی بے تکلفی سے استعمال کیے ہیں - حافظ محمود شیرانی مرحوم نے بڑی کاوش کے ساتھ طبقات ناصری ، تاریخ فیروز شاہی مؤلفہ شمس سراج عفیف ، سیرالاولیا اور مفرح القلوب کی نثر اور مسعود سعد سلمان اور امیر خسرو کی شاعری سے ہندوستانی الفاظ بے تکلفی سے استعمال کیے ہیں اسی طرح ہندوستانی زبانوں میں لکھی جانے والی نگارشات میں فارسی الفاظ بھی مل جاتے ہیں - فارسی کے دوسری زبانوں کے ساتھ اختلاط کا سب سے زیادہ فائدہ اردو کو پہنچا - فارسی کی وجہ سے اس کو ارتقاء کی منزلیں طے کرنے میں زیادہ وقت نہ لگا اور اردو فارسی کے زیر سایہ بہت جلد ایک ادبی زبان بن گئی -

سرزمین پاک و ہند میں فارسی کی آمد سے متعلق ایک نکتے پر توجہ دینا بے حد ضروری ہے - وہ یہ کہ برصغیر میں فارسی ، ایران کے فارسی مراکز ، خراسان و فارس سے نہیں آئی بلکہ یہ فارسی ماوراءالنہر سے افغانستان ہوتی ہوئی ہندوستان آئی ہے - تورانی فارسی اپنے مخصوص تلفظ اور مخصوص الفاظ کی وجہ سے ایرانی فارسی سے مختلف ہے اور خسرو نے غرۃ الکمال کے دیباچہ میں بڑی صراحت سے لکھا ہے کہ ہندوستان کی فارسی کا تعلق خراسان کی بجائے ماوراء النہر سے ہے - اس کی تائید دوسرے محققین نے بھی کی ہے - ہندوستان کی فارسی پر ایرانی اثرات مغلیہ دور میں شروع ہوئے اس سے پہلے ہندوستانی فارسی میں غالب عنصر تورانی فارسی ہی کا رہا اور تورانی فارسی کی بہت سی خصوصیات اردو میں مستقل ہوگئیں - ان خصوصیات کی بنا پر اردو کا تعلق افغانستان اور تاجکستان کی فارسی سے بھی قائم ہو جاتا ہے -

فارسی آٹھ سو سال تک ہندوستان کی درباری اور علمی زبان رہی ہے - مسلمان فاتحین اور صوفیا

نے اسے ہندوستان کے گوشے گوشے میں پہنچا دیا - اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوستان کی زبانوں میں شاید ہی کوئی زبان ایسی ہو جس نے فارسی کے ذخیرۂ الفاظ سے فائدہ نہ اٹھایا ہو - چونکہ شمالی ہند میں جہاں اردو ارتقاء پذیر تھی، مسلمانوں کا عمل دخل زیادہ رہا ہے - اس لیے اردو نے اسی نسبت سے فارسی کا اثر زیادہ قبول کیا ہے - یہ بات بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ فارسی نے اردو زبان کی ساخت پر زیادہ اثر نہیں ڈالا ، البتہ اردو نے فارسی الفاظ کو بڑی فراخدلی کے ساتھ قبول کیا ہے - عام طور پر ایک زبان دوسری زبان سے اسماء و صفات مستعار لیتی ہے لیکن اردو نے فارسی سے حروف ، افعال اور متعلقات فعل تک لے لیے ہیں - علاوہ ازیں اردو میں جتنے عربی و ترکی الفاظ استعمال ہوتے ہیں وہ بھی فارسی ہی کے ذریعے اردو میں آئے ہیں ، عربی کا شاید ہی کوئی لفظ ہوگا جو اردو نے براہ‌راست عربی سے لیا اور وہ فارسی میں مستعمل نہ ہو - عربی الفاظ میں پہلے ایرانیوں نے کچھ تصرفات کیے - اردو نے ان الفاظ کو فارسی سے تصرفات کے بعد ہی قبول کیا ہے ، بلکہ عربی الفاظ میں اسی طرح کے کچھ مزید تصرفات بھی کیے ہیں - اس لحاظ سے فارسی اور اردو میں استعمال ہونے والے عربی الفاظ کا مطالعہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ دو آریائی زبانوں نے ایک سامی زبان کو ایک ہی انداز سے قبول کیا ہے - اسی طرح اردو نے ترکی زبان سے براہ راست شاید ہی کوئی لفظ لیا ہے - ترکی الفاظ اردو میں اس تلفظ اور معنی کے ساتھ آئے ہیں جن میں وہ فارسی میں مستعمل ہیں - ہندوستان کے کئی حکمران خاندان مثلاً غزنوی ، غلاماں ، خلجی اور تغلق ترکی النسل تھے - مغلیہ خاندان ترکی سے گہری دلچسپی رکھتے تھے - بابر ترکی زبان کا ادیب و شاعر تھا - جہانگیر اور شاہجہان بھی ترکی بولتے تھے - اس کے باوجود اردو میں ترکی کے تقریباً وہی الفاظ داخل ہوئے جو فارسی کے راستے آئے -

اردو نے فارسی سے صرف الفاظ ہی نہیں لیے بلکہ لفظ سازی میں بھی فارسی سے بہت زیادہ مدد لی ہے - لفظ سازی میں آریائی زبانوں کا ایک مشترک اصول سابقوں اور لاحقوں کا استعمال ہے یعنی نیا لفظ بنانے کے لیے لفظ کے شروع یا آخر میں ایک جز بڑھا دیا جاتا ہے - فارسی سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے اردو میں بہت زیادہ الفاظ بنائے گئے ہیں اور بنائے جا سکتے ہیں - اردو نے فارسی کے سابقوں اور لاحقوں سے ہی فائدہ نہیں اٹھایا بلکہ بہت سے فارسی الفاظ جو فارسی میں کبھی بطور سابقہ یا لاحقہ استعمال نہیں ہوئے ، اردو میں ان سے بہت زیادہ الفاظ بنائے گئے ہیں کہ ان پر خود اہل ایران کو حیرت ہوتی ہے - آپ کو یہ جان کر تعجب ہوگا کہ ہمدردی اور رواداری کے اردو لفظ آج بھی ایرانیوں کے لیے باعث رشک ہیں - وہاں ایکسپریس یا میل ٹرین کو سریع السیر کہتے ہیں - اس بھاری بھرکم ترکیب کے مقابلے میں ہماری گاڑیوں کے نام مثلاً تیز گام ، تیز رو کتنے ہلکے پھلکے اور خالص فارسی کا رنگ لیے ہوئے ہیں -

ایران کے علمی حلقوں میں اب یہ تحریک زور پکڑتی جا رہی ہے کہ فارسی کی ثقالت دور

کرنے کے لیے اردو سے استفادہ کیا جائے۔ کسی ایک زبان کے الفاظ کسی دوسری زبان میں استعمال ہونا لسانیاتی نقطۂ نظر سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے، لیکن لفظ سازی میں کسی دوسری زبانوں کے اصولوں کا اپنا لینا بہت اہم ہے - میرے خیال میں فارسی کا اردو کی تشکیل میں سب سے بڑا حصہ یہی ہے -

اردو میں سے فارسی الفاظ کا اخراج شاید آسان ہو مگر ان فارسی سابقوں اور لاحقوں کا نکال دینا ممکن نہیں - ہندی زبان کی مثال ہمارے سامنے ہے - اس مصنوعی زبان سے فارسی الفاظ تو نکال دیے گئے لیکن فارسی سابقے لاحقے اب بھی استعمال ہو رہے ہیں -

اردو نے فارسی سے بہت کچھ لیا ہے، لیکن ہر مستقل زبان دوسری زبان کے عنصر کو اپنے مزاج کے مطابق قبول کرتی ہے - اردو میں فارسی و عربی الفاظ کا ایک بہت بڑا سرمایہ موجود ہے، لیکن بہت سے الفاظ کو اردو نے صوتیات کے مطابق ڈھال لیا ہے - بعض لفظوں میں حروف کم یا زیادہ کیے ہیں - کچھ لفظوں کے معنی بھی تبدیل کر دیے (اگرچہ اردو نے اپنے ارتقاء کے بہت سے مرحلے فارسی کے زیر اثر طے کیے ہیں لیکن یہ خصوصیات بتاتی ہیں کہ وہ ایک مستقل زبان ہے اور اپنے اصول و قواعد رکھتی ہے)

اگرچہ فارسی نے اردو کی ساخت پر زیادہ اثر نہیں ڈالا پھر بھی اردو نحو میں فارسی کے کچھ اثرات ضرور نظر آتے ہیں - اردو جملہ میں فاعل ، مفعول اور متعلقات فعل کی جو ترتیب پائی جاتی ہے وہی ترتیب فارسی جملے میں بھی موجود ہے - گریرسن کا خیال ہے کہ جملے کی یہ ترتیب اردو ، ہندی میں زمانۂ قدیم سے موجود ہے لیکن ڈاکٹر شوکت سبزواری نے انشاء اللہ خاں کی دریائے لطافت کے حوالے سے یہ ثابت کیا ہے کہ اردو جملے کی یہ ترتیب فارسی جملے کی تقلید ہی میں اس طرح ہوئی ہے - فارسی جملوں کی بعض بناوٹیں بھی اردو میں منتقل ہوئی ہیں -

اس کے علاوہ قدیم اردو میں اگر موصوف جمع ہوتا تو اس کے ساتھ صفت بھی جمع ہی لائی جاتی تھی، مثلاً بھلیاں باتاں ، کالیاں راتاں - مولانا محمد حسین آزاد کے بقول اب ہم فارسی کے زیر اثر صفت کو واحد لاتے ہیں بھلی باتیں اور کالی راتیں کہنا درست ہے -

ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی
صدر شعبۂ اردو و فارسی ، ڈھاکہ یونیورسٹی

تفصیل نہ پوچھ ، ہیں اشارے کافی

الہ آباد کے ایک دانشور نے ، جو فلسفی نہ بھی ہو ، صوفی اور حکیم یقیناً تھا اور جسے بدقسمتی سے اب تک محض ایک ظریف اور طنزنگار کی حیثیت سے سمجھا اور پیش کیا گیا ہے ، آج سے نصف صدی پہلے یہ کہہ کر :

ہمیں گھیرے ہوئے ہیں ہر طرف اصلاح کی موجیں
مگر یہ حس نہیں ہے ڈوبتے ہیں یا ابھرتے ہیں
مرا یہ شعر اکبر ایک دفتر ہے معانی کا
کوئی سمجھے نہ سمجھے ہم تو سب کچھ کہہ گذرتے ہیں

جس خطرے سے ہمیں آگاہ کرنے کی پرخلوص کوشش کی تھی ، وہ آج نہ صرف ہمارے سروں پر منڈلا رہا ہے بلکہ ہماری تہذیب ، ثقافت اور روایات کے حق میں پیام موت بن چکا ہے - پھر بھی نہ جانے کیوں ہماری آنکھیں نہیں کھلتیں ، ہوش نہیں آتا -

اصلاح ، آزادی اور ترقی کے نام پر اب تک جو کچھ ہوا ہے اور ہو رہا ہے ، اس کی برکتیں اس کے سوا اور کیا ہیں کہ بقول اکبر ، غزالی و رومی اور حافظ و سعدی سے ہم نے نجات حاصل کر لی اور سپنسر و مل نے فرزندی میں نہ سہی ، سرپرستی میں ہمیں قبول کر لیا :

غزالی و رومی کی بھلا کون سنے گا محفل میں چھڑا نغمۂ اسپنسر و مل ہے

یہ سودا بھی مہنگا نہ تھا ، اگر ہم ابھر سکتے - لیکن قیامت یہ ہے کہ سر سے پانی اونچا ہوتا جا رہا ہے ، ڈوب رہے ہیں ، ڈوبتے جا رہے ہیں ، پھر بھی زبان اس سودے کے حق میں ''نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز'' کا کلمہ پڑھتے نہیں تھکتی -

فارسی کی تعلیم ، تدریس ، ترویج ، ترقی اور اشاعت کی باتیں تو بعد کی باتیں ہیں ، فی‌الوقت اس کے تحفظ اور بقا کا سوال اہم ہے اور اسی پر ہماری ساری توجہ صرف ہونی چاہیے ، کیونکہ اسی سوال کا

جواب پاکستان خصوصاً مشرق پاکستان میں فارسی کی قسمت کا فیصلہ کر سکتا ہے -

اس صحبت کا تقاضا تو یہ تھا کہ یہاں اس وقت ، اس ایوان میں ، کوئی بصیرت افروز ، علمی اور تحقیقی مقالہ پیش کیا جاتا لیکن اس خیال کے پیش نظر کہ فرزانوں میں کم از کم ایک دیوانہ تو ہو جو عقل و مصلحت کے تقاضوں کو پس پشت ڈال کر نئی روشنی کو تاریکی کہنے کی جرأت کر سکے ، محض اس بات پر اکتفا کی گئی ہے کہ ان احساسات اور تأثرات کو ، آب و رنگ کے بغیر ، جوں کے توں آپ کے سامنے پیش کر دوں ، جنہوں نے آگ سی لگا رکھی ہے اور جو جامعہٗ ڈھاکہ کے شعبہٗ اردو و فارسی کی اکیس سالہ خدمت کی طویل مدت میں ، تجربے میں آئے -

وقت کی سب سے بڑی ضرورت کہہ لیجیے یا یہ کہ فارسی کو زندہ رکھنے اور ترقی کی منزلوں سے روشناس کرانے کے لیے ضروری ہے کہ برصغیر میں اس کے زوال کے اسباب کا جائزہ لے کر پہلے ان کے تدارک کی فکر کی جائے -

فارسی کے زوال اور انحطاط کی ابتداء ۱۸۵۷ع کے بعد نہیں ، بلکہ ۱۸۰۰ع سے ہوتی ہے - یہ داستان طربیہ نہیں جگر خراش المیہ ہے، جو تقریباً ایک سو ستر سال کی مدت میں اب ''نقطہٗ عروج'' پر پہنچی ہے - اس کا اختتام کب ہوگا، کیا ہوگا ، کیسا ہونا چاہیے، یہی ہم سب کے سوچنے ، سمجھنے اور غور کرنے کی بات ہے -

اس داستان کو اگر ایک ڈرامہ فرض کر لیں تو اسٹیج اس کا فورٹ ولیم کالج ہوگا - کردار کوئی غیر نہیں اپنے ہی نظر آئیں گے - ہدایت کار میر امّن کے صاحبان ذیشان اور پرامپٹر جان گلکرسٹ ، جنہوں نے اپنی فراست سے زبان کی سادگی ، صفائی ، روانی ، عام فہمی اور بے تکلفی کے سبز باغ دکھا کر ، ہمیں اور ہماری زبان کو اپنے ذہنی ، تہذیبی اور ثقافتی ورثہ سے دست بردار ہونے پر آمادہ کر لیا - اس آمادگی کا نتیجہ جو نکلنا چاہیے تھا ، نکلا ، یعنی ادبی یا فارسی آمیز اردو کے بجائے بقول میر امّن ''ٹھیٹھ ہندوستانی گفتگو میں'' تصنیف و تالیف اور ترجموں کا کام شروع ہوگیا - میر امّن کے الفاظ یہ ہیں :

''خداوند نعمت ، صاحب مروت ، نجیبوں کے قدردان ، جان گلکرسٹ صاحب نے ، ہمیشہ اقبال ان کا زندہ رہے ، از راہ مہربانی ، لطف سے فرمایا کہ اس قصے کو ٹھیٹھ ہندوستانی گفتگو میں جو ہندو مسلمان عورت مرد ، لڑکے بالے، خاص و عام آپس میں بولتے چالتے ہیں ، ترجمہ کرو -''

نجیبوں کی قدردانی ، مصلحت سے کب خالی ہو سکتی تھی - کیوں ہوتی - ''لڑاؤ اور حکومت کرو'' کی پالیسی سے کون واقف نہیں - دنیا جانتی ہے کہ اس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوا - جو ہدف بنا ، جاں بحق ہوئے بغیر نہ رہ سکا - لیکن اس پر نظر کسی کی بھی نہ پڑ سکی کہ فرنگی دانشمندوں نے اس منتر کو جس پر سب سے زیادہ کامیابی کے ساتھ آزمایا وہ برصغیر کی سب سے زیادہ مقبول زبان

اردو یا ہندوستانی تھی ۔ کیا فورٹ ولیم کالج وہ پہلا ادارہ نہیں جہاں بڑے سوچے سمجھے طریقہ پر ''اردو ہندی قصہ کی بنیاد رکھی گئی اور ایک ہی زبان کو جو فارسی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی ، فارسی اور ہندی دو رسم الخطوں میں لکھنے کی فہمائش کو پھر اس شرط کے ساتھ کہ مسلمان مصنفین فارسی رسم الخط میں لکھیں اور ہندو دیوناگری میں ، کیا نیک نیتی پر محمول کیا جا سکتا ہے ؟

جو حربہ اردو نثر کو شدھ بنانے یا یوں کہہ لیجیے کہ فارسی کی گرفت سے آزاد کرانے کے لیے فورٹ ولیم کالج ، کلکتے میں استعمال کیا گیا تھا ، اسی کو تہتر برس گذر جانے کے بعد پنجاب کی سرزمین پر کرنل ہالرائڈ نے بڑی کامیابی کے ساتھ اردو شاعری پر آزمایا ۔ داستان اردو کا مؤلف لکھتا ہے :

''آزاد کی تحریک اور کرنل ہالرائڈ کی تائید سے جدید شاعری کا دور شروع ہوا ، یعنی ایک بزم ادب ، انجمن پنجاب کے نام سے قائم ہوئی جس میں بجائے طرحی غزلوں کے مختلف موضوعات ، قومی و اخلاق اور مناظر و حقائق پر نظمیں پڑھی جاتی تھیں''۔

اس تحریک کو آزاد کی تحریک قرار دینا خوش خیالی ہے ۔ روایت اس دعویٰ کو تسلیم نہیں کرتی ۔ حاکم کی موجودگی میں محکوم و مجبور کا محرک ہونا ''سمجھ میں آنے والی بات نہیں''۔

پنجاب کی مذکورہ انجمن میں حالی اور آزاد اور کلکتہ کے فورٹ ولیم کالج میں میر امّن اور ان کے رفقائے کار کی نظریں ''دانے'' پر پڑیں ۔ ''اس دام'' کو نہ دیکھ سکیں جو دانہ ڈالنے سے پہلے بڑی ہنرمندی سے بچھا دیا گیا تھا ۔

اس موقع پر نہ جانے کیوں اکبر کا ایک شعر یاد آ گیا ۔ آپ بھی سن لیجیے :

نطرت کی یہ سازش دیکھ ذرا ، الزام نہ دے پھنس جانے پر
یہ سوچ بڑی طائر کی نظر کیوں دام سے پہلے دانے پر

جدید نظم اور جدید نثر کے علمبرداروں نے نتائج سے بے پروا ہو کر محض جدت پسندی کی دھن میں ، قدیم نثر و نظم پر طعن کے تیروں کی بوچھاڑ کر دی ۔ نثر کو تکلف ، تصنع اور سجع و قوافی کو اپنانے اور نظم کو ملکی مناظر ، مظاہر اور آب و ہوا کو ٹھکرانے کے طعنہ ہائے دل خراش دینے لگا ۔ سادگی صفائی اور مناظر و مظاہر کے نام پر ، عربی تو عربی ، فارسی اور اس اردو کے درمیان بھی مغائرت کی خلیج حائل کر دی گئی ، جو فارسی کی آغوش میں پلی ، بڑھی اور پروان چڑھی تھی اور جس نے فارسی ہی کے پروں سے پرواز کرنا سیکھا تھا ۔

مغرب دوستی ، نیچرگری یا مادہ پرستی کے اس ابتدائی دور میں الہ آباد کا ایک بوڑھا ہی ایسا نظر آتا ہے جس نے نحوست کی ان چھائی ہوئی بدلیوں کو دیکھ کر نہ صرف اندازہ لگا لیا تھا ، بلکہ پیشین گوئی بھی کر دی تھی کہ بارش ہوگی ، زور شور کی ہوگی اور اتنی ہوگی کہ سیلاب

آ جائے گا اور اس میں اپنا سب کچھ بہہ جائے گا ۔ بجلیاں چمکیں گی اور چمک کر ہی نہ رہ جائیں گی ، گریں گی، گرتی رہیں گی اور اس وقت تک دم نہ لیں گی جب تک کہ آشیانے کا ایک ایک تنکہ شعلہ بن کر راکھ نہ ہو جائے ۔ آج کون کہہ سکتا ہے کہ اکبر کے یہ خدشات اور مشورے صحیح نہ تھے :

جو میری ہستی تھی مٹ چکی ہے نہ عقل میری نہ جان میری
ارادہ ان کا ، دماغ میرا ، خیال ان کا ، زبان میری

انہیں کے مطلب کی کہہ رہا ہوں ، زبان میری ہے بات انکی
انہیں کی محفل سنوارتا ہوں چراغ میرا ہے، رات انکی

فقط مرا ہاتھ چل رہا ہے ، انہیں کا مطلب نکل رہا ہے
انہیں کا مضمون ، انہیں کا کاغذ ، قلم انہیں کا ، دوات انکی

اور کیا ان کا یہ مشورہ غلط تھا :

ہشیار رہ کے پڑھنا اس جال میں نہ پھسنا   یورپ نے یہ کہا ہے یورپ نے وہ کہا ہے

اس موقع پر اکبر کے تین شعر اور سن لیجیے ۔ شاید پسند آئیں :

یہ بات تو کھری ہے ہرگز نہ ہوگی کھوٹی   عربی میں نظم ملت ، بی ۔ اے میں صرف روٹی
لیکن جناب لیڈر ، سن کر یہ بات بولے   بندھوائیں گے یہ حضرت اس قوم کو لنگوٹی
اس بات کو خدا ہی بس خوب جانتا ہے   کس کی نظر ہے غائر ، کس کی نظر ہے موٹی

"روٹی کی دھن" آزمائی جا چکی ، بہت آزما چکے ، نتیجہ کچھ نہ نکلا ، حالت بد سے بدتر ہے ۔ کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ "نظم ملت" کی طرف توجہ دی جائے ۔

ہم آج جن فتنوں سے دوچار ہیں ، ان میں سب سے بڑا فتنہ "صوبہ پرستی" ہے جو "وطن پرستی" سے بھی زیادہ زہریلا ہے ۔ علامہ اقبال کا یہ شعر کسے یاد نہ ہوگا :

بتان رنگ و خوں کو چھوڑ کر ملت میں گم ہو جا   نہ ایرانی رہے باقی نہ تورانی نہ افغانی

لیکن مقدر کو کیا کہیے ۔ ان کی یہ بات جو ہماری تقدیر بدل سکتی تھی ، اچھی لگنے کے بجائے بری لگی ۔ اتنی بری کہ ہم ضد میں دو ہاتھ اور آگے بڑھ گئے اور صوبہ پرستی پر اتر آئے ۔ صوبہ پرستی نے زبان پرستی کی راہ دکھائی ۔ اس راہ نے جی بھر کر ہمیں گمراہ کیا ۔ ہم دیکھتے ہی دیکھتے ایسے تنگ نظر اور متعصب بن گئے کہ "اپنے" ہی میں اپنوں کی زبانیں بھی کانٹا بن کر دل میں کھٹکنے لگیں ۔ یہ کھٹ رنگ لائی ، دشمن بنی اور دشمنی نے بالاخر بہنوں کو سوکنیں بنا ڈالا ۔

اردو کی یہ سب سے بڑی خوش قسمتی ہے کہ اس کا اپنا کوئی صوبہ نہیں ۔ اس خصوصیت کی بنا پر اگر وہ "ہر ملک ملک ماست" کا دعویٰ کر بیٹھے تو کس کے منہ میں دانت ہے جو اسے جھٹلا سکے ۔

''نظم ملت'' یا دوسرے لفظوں میں ، ملت کی شیرازہ بندی کے لیے ضروری ہے کہ ہم اللہ کا نام لے کر الٹے قدموں پر اسی جگہ پر واپس آنے کی جان توڑ کوشش کریں ، جہاں سے ہمیں ۱۸۰۰ ع میں ''تہذیب اور ترق'' کے نام پر راہ سے بے راہ یا گمراہ کر دیا گیا تھا -

پاکستان کو آج اقتصادی امداد سے کہیں زیادہ اخلاق اور روحانی مدد کی ضرورت ہے - یہ مدد ہمیں ملٹن و شیکسپیر سے نہیں رومی اور غزالی سے ، اسپنسر و مل سے نہیں حافظ و سعدی ہی سے مل سکتی ہے جس کو مانگنے کی بھی ضرورت نہیں - یہ تو ہماری میراث ہے - میراث جسے ہم بھول گئے ، بھلا بیٹھے -

پرفسور دکتر احمد علی پناهی
استاد اعزامی ایران در دانشگاه پنجاب، لاهور

سابقهٔ تاریخی زبان فارسی در پاکستان

دانشمندان گرامی، خانمها و آقایان !

برای بنده موجب کمال افتخار و تشکر است که امروز در محضر دانشمندان و بزرگان علم و ادب فارسی چند دقیقه‌ای در بارهٔ سابقهٔ تاریخی زبان فارسی در پاکستان بیاناتی اظهار نمایم -

کوشانها اقوامی بودند که در قرون بسیار قدیم و قبل از اسلام در درهٔ فرغانه زندگانی میکردند، بعدها این قوم از کوههای هندوکش گذشته و از طریق تخارستان و خراسان قدیم بدرهٔ خیبر راه یافته و در سرزمین پاکستان مستقر شدند. حفریات و کاوشهائی که اخیراً در نواحی نوار مرزی پاکستان و افغانستان و نواحی شمالی آن بعمل آمده و کتیبه‌هائی که کشف شده مؤید این نظریه است که شاید این قوم اولین دسته از مردمانی باشند که زبان و فرهنگ و تمدن ایرانی را در پاکستان آورده‌اند، البته این نظر مستلزم آنستکه کتیبه‌ها کاملاً خوانده شود و باستان شناسان تحقیق و تتبع کامل در این امر بعمل آورند. اما بعد از اسلام همانطورکه مسبوقید کشور برادر و دوست ما پاکستان بر اساس فرهنگ و آئین اسلامی که ازطریق ایران باین سرزمین راه یافته پی ریزی شده است. همراه باآئین مقدس اسلام فرهنگ و زبان فارسی و معارف و تمدن ایرانی در شبه قاره رواج و گسترش یافت و دراین سرزمین ملتی بوجود آورد که دارای فکر و عقیدت و مذهب و تمدن مستقلی گردید و ببرکت تعالیم اسلامی و تمدن ایرانی بر سایر بومیان برتری یافتند و حکومت بیشتر نواحی آباد را در دست گرفتند. اسلام سنگ اول بنیاد پاکستان و زیر بنای استوار و محکم این کشور عظیم که بزرگترین کشور اسلامی است می‌باشد. بزرگترین و عمیق‌ترین تحول و انقلابی که در تاریخ شبه قاره پدید آمد و از لحاظ وسعت دامنه و قوت تأثیر و دوام و ثبات همپایه و نظیری ندارد بوسیلهٔ اسلام صورت گرفته است. آئین مقدس اسلام در سال ٤٤ هجری وسیلهٔ مهلب بن ابی صفره سردار معروف اموی از راه خراسان و افغانستان و درهٔ خیبر تا پیشاور پیشرفت.

در سال ۹۳ هجری از راه مکران و دریای عمان بوسیلهٔ محمد بن قاسم بن حاکم ابی عقیل پسرعم حجاج بسند راه یافت. گرچه سند و مولتان اسماً تا چندی یکی از آستانهای تابع خلفاء بشمار میرفت لیکن واقعاً حکومتی در آنجا وجود نداشت و تنها این شهرها پناهگاه آوارگان و یاغیان عرب و متمردین بود و در حقیقت اسمی از اسلام در این سرزمینها بود بدون آنکه وجود آن تأثیری در بهبود زندگی مردم داشته باشد. آئین مقدس اسلام درحقیقت وقتی مبداء تحول در زندگی مردمان این سرزمین گشت که همراه با تمدن و فرهنگ و همدوش با زبان و آداب و علوم و هنرهای ایرانی در این خطه نفوذ کرد. نفوذ زبان فارسی با فتوحات مسلمین و مهاجرت پارسیان در قرون اولیهٔ اسلام و فتوحات سلطان محمود در این دیار شروع گردید و با سلطنت غزنویان و غوریان انتشار یافت و بعدها با تأسیس سلطنت مغول به اوج ترقی رسید. حملات سبکتگین و سلطان محمود غزنوی از سال ۳۶۹ هجری ببعد دامنهٔ نفوذ اسلام را در شبه قاره نامحدود کرد و از آنجاها بکشورهای جنوب شرق آسیا نیز رسوخ نمود و بدون احتیاج بلشکرکشی و جنگ و خونریزی تمام آن نواحی را فرا گرفت. کوشش مجاهدین مسلمان در شبه قاره تاریخ را بنفع بشریت تغییر داد بطوریکه امروز بیش از دویست ملیون مسلمان در شبه قاره هند و پاکستان وجود دارند. بلافاصله پس ازاینکه آئین اسلام در شبه قاره جایگزین شد کاروانهائی از علماء و شعراء و نویسندگان و فقهاء و حکماء و اطباء و منجمین و صوفیان و سایر اربابان دانش و هنر ایرانی باین سرزمینها روی آوردند و بومیان را دین و دانش آموختند و نهال کوچکی که آن روز نشاندند امروز ببرکت تعالیم مقدس اسلام درختی تنومند و استوار گردیده است. بر اثر پرتو اسلام ملیونها مردم این سرزمین دست از عقائد قدیم خود برداشتند و مسلمان شدند و فرهنگ و آداب و رسوم و تمدن اسلامی ایرانی را قبول نمودند.

باین طریق سطح زندگی در این خطه بالا رفت و دروازه‌های شبه قاره بروی دنیای متمدن گشوده شد، آنگاه زبان فارسی درسراسر این زمینها راه یافت و تمامی السنهٔ محلی را زیر نفوذ خود قرارداد و خطهٔ شبه قاره میدان تازه‌ای برای نمایش ذوق و هنر و نبوغ ایرانی گردید. علماء و دانشمندان ایرانی بنوبه شروع بآموختن السنه‌های محلی نموده و با فراگرفتن آن زبانها کتب سودمندی در زمینه‌های مختلف علمی و ادبی تألیف نمودند و بدینطریق دروازه‌های شبه قاره را بروی دنیای متمدن آنروز گشودند. ارتباط ایرانیان با مردمان شبه قاره گرچه در آغاز بصورت جنگها صورت گرفت ولی سرانجام نعمت و برکت را بارمغان برد.

یکی از مظاهر اسلام که در افکار مردمان پاکستان رسوخ کامل نمود تصوف اسلامی بود. اصول درویشی مانند فنا فی الله و وحدت وجود در این سرزمین رسوخ بسیار نمود. صوفیان معروف که زمینه را برای ارشاد مناسب میدیدند از ایران بپاکستان رفتند و بساط ذکر و موعظه را گستردند و از طرف مردمان با استقبال گرم روبر شدند. اسلام بیشتر وسیلهٔ آنان رواج کامل یافت - چون زبان شیرین

فارسی تنها زبانی بود که میتوانست جولانگاه تصوف باشد و احساس و معانی لطیف آن را در خود بپروراند لهذا مشایخ بزرگ صوفیه تنها این زبان را مورد قبول قراردادند و تمام آثار و نوشته و اشعار خود را بر این زبان جاری نمودند و همین زبان را نیز در بین مردمان پاکستان ترویج نمودند. امروز در بیشتر نواحی پاکستان مشایخ بزرگ صوفیه وجود دارند و حلقه‌های ذکر و موعظت آنان همه با اشعار سنائی، مولانا جلال‌الدین مولوی، عطار، عراقی و سایر شعرای مشهور متصوفه مزین است و اصولاً از قرن پنجم هجری تا امروز زبان ادب و اخلاق و فلسفه و تصوف اسلام در پاکستان زبان فارسی است. اشعاری که قوالان میخوانند خیلی از آنها فارسی است. مشایخ بزرگ صوفیه همواره مورد علاقه و احترام باطنی مردم پاکستان بوده‌اند. خانقاهها و مزار پیشوایان تصوف و پیران طریقت و عرفان که از ایران آمده‌اند زیارتگاه خاص و عام میباشد.

عامل اصلی مهم دیگری که در ترویج فرهنگ و تمدن و زبان فارسی خصوصاً در شبه قاره تأثیر کلی داشته است وجود خاندانهای سلطنتی بود که از ایران بآن خطه رفته بودند. از سال ۳۶۹ هجری تا سال ۱۲۷۵ هجری نزدیک به سی و دو خانوادهٔ مسلمان ایرانی نژاد در نواحی مختلف شبه قاره حکمرانی کردند که معروفترین آنها عبارتند از غزنویان، غوریان، غلامان، خلجیان، تغلقیان، لودیان، سوریان، سلاطین بنگال، آل بلبن، الیاس شاهیان، جامان سند، سلاطین بهمنی، قطب شاهیان، نظام شاهیان، گورکانیان بابری، فاروقیان، عادلشاهیان، برید شاهیان وغیره. دربار این شاهان همیشه مرکز تجمع مشاهیر علم و ادب و شعراء و نویسندگان فارسی گو بود. زبان رسمی دربار آنان فارسی بود و خود بادشاهان آشنائی کاملی به شعر و ادب فارسی داشتند و اشعاری بزبان فارسی میسرودند و حتی سئوال و جوابهای خود را با شعر رد و بدل می‌نمودند. همهٔ آنان سخندان و سخن سنج و سخن پرور بودند. زبان فارسی نه تنها زبان دربار بود بلکه زبان محاکم رسمی و دفاتر دولتی بود و تا سال ۱۸۵۰ میلادی حتی عمال کمپانی انگلیسی هند شرق هم مکاتبات خود را بفارسی انجام میداد. مهمترین و مشهورترین خاندان سلاطین خاندان گورکانی بابری بود. بابر و پسرش همایون و نوه‌اش اکبر و پسر او جهانگیر و اعقاب آنان بزرگترین حامیان علوم و ادبیات ایرانی و طرفداران زبان فارسی بودند و تحصیلات آنان بفارسی بود و آثار و اشعار و تصانیف سخنوران را میخواندند و در ترویج سخن فارسی جهد بسیار داشتند. دربارشان مرکز تجمع اربابان ذوق و هنر و صنعت و حرفت ایرانی و شعراء و علماء و ادباء و صوفیان و هنرمندان بود. از بنیان‌گذاران فرهنگ و زبان فارسی در پاکستان و شبه قاره را باید غزنویان و غوریان، غلامان آنان مانند قطب‌الدین ایبک و شمس‌الدین و غیاث الدین بلبن و جلال الدین فیروز شاه و علاءالدین خلجی و غیاث الدین تغلق و ملوک سوری و بهمنی و بابری را نام بریم. هزاران شاعر ایرانی از فیض دربار آنان بشهرت و

جاه و مقام و ثروت و مال رسیدند . سلاطین شبه قاره حتی شعرای معروف را از ایران بدربارهای خود دعوت مینمودند و هزینهٔ سفر آنان را می‌پرداختند تا از فیض حضور آنان مستفیض شوند . از جمله سلطان غیاث الدین بن اسکندر از شاهان بنگاله و محمود بهمنی در دکن از حافظ دعوت نمودند که بآن دیار رود . همراه با قدرت سلاطین بابری که بالغ بر سیصد سال در سراسر شبه قاره حکومت کردند زبان فارسی در سراسر شبه قاره راه یافت و در تمام زبانهای محلی نفوذ کرد .

لغات فارسی در اکثر زبانهای محلی مانند پنجابی ، سندی ، پشتو ، بنگالی ، دراویدی و تلگو رسوخ نمود . الفبای فارسی جای کتابت سانسکریت را گرفت ، خط نسخ و خط نستعلیق در پاکستان رواج یافت . هرچه ذوق و هنر در اصفهان و سایر بلاد ایران بود بعداً در این سرزمینها دورهٔ تکامل را طی نمود و در حقیقت یک ایران دیگری در شبه قاره بوجود آورد که عناصر ترکیب دهندهٔ آن همه کلاً ایرانی بودند ، فی المثل کشمیر را ایران صغیر می‌خواندند که در آن هزاران شاعر فارسی گو وجود داشت . خطاطان و نقاشان و قالی‌بافان همه و همه آثار ایرانی را در کشمیر رواج دادند . اختلاط عنصر ایرانی با عنصر هندی و ترکیب این دو با یکدیگر تمدن و فرهنگ جدیدی را بنیاد گذارد که معروف است بفرهنگ هند و ایرانی و این همان فرهنگی است که مسلمانان هند را از سایر طبقات جدا و ممتاز کرد و پاکستان امروزی را پی ریزی نمود . در اثر پیوستگی قلبی که بعدها بین مردمان این سرزمین با مردمان ایران فراهم آمد دانشمندان و اربابان علم و ادب از یک کشور بکشور دیگر رفتند . مسافران و مهاجران ایرانی ناقل فرهنگ و تمدن اسلامی از ایران بآن سامان شدند و میراث فرهنگی مشترکی را بنانهادند . این همان میراث گرانبهائی است که امروز تعلق بهر دو کشور دارد و استوارترین پیوند بین دو ملت برادر گردیده است . ابو معشر بلخی اولین دانشمند ایرانی است که بعد از اسلام بشبه قاره رفته و در آنجا تحصیل نجوم نموده . ابوریحان محمد بن احمد البیرونی همراه سلطان محمود غزنوی بشبه قاره رفت و زبان سانسکریت آموخت و بعداً کتاب معروف خود را بنام تحقیق ماللهند را تقدیم دنیای علم نمود . مشهورترین علماء و دانشمندان ایران که بشبه قاره هند و پاکستان رفته و در آنجا رحل اقامت افکندند عبارتند از ابوالفرج بن مسعود رونی ، ابوالحسن علی بن عثمان بن ابی علی الجلابی هجویری، ابو محمد عبدالله محدث، معین الدین چشتی، شمس الدین سبزواری ، فریدالدین شکر گنج ، بهاء الدین زکریا ، منهاج السراج مؤلف کتاب طبقات ناصری ، شیخ محمود بن محمد اسفراینی ، مولانا شرف الدین ولوالجی ، قطب الدین کاشانی ، عبدالقادر بدایونی ، مولانا شرف الدین عراق ، کمال ترمذی و صدها دانشمند دیگر که نام آنان در کتب تاریخ و تذکره‌ها آمده است .

زبان شعر و ادب مسلمانان شبه قاره از قرنها پیش زبان فارسی بود و در دوران متمادی علوم

دینی و فلسفی و عرفانی بفارسی نوشته میشد و زبان تألیف نیز زبان فارسی بود . امروز در کتابخانه های عمومی و کتابخانه های دانشگاهها و کتابخانه‌های خصوصی در سراسر پاکستان هزاران نسخهٔ خطی گرانبها از کتب فارسی موجود است که امید است با کوشش اربابان فضل و بخصوص دوست، دانشمندم جناب آقای دکتر جعفری، رئیس محترم مؤسسهٔ تحقیقات فارسی وسائل تحقیق و چاپ آنان فراهم آید .

شعرای فارسی‌گوی در شبه قاره از حد و حصر بیرونند. معروفترین آنها عبارتند از امیر خسرو دهلوی مسعود سعد سلمان ، نورالدین محمد عوفی ، خواجه حسن دهلوی ، نظیری نیشاپوری ، ظهیرالدین بابر ، اسمعیل عادلشاه ، جهانگیر پادشاه ، فیضی اکبر آبادی ، فیضی دکنی ، طالب آملی ، نورجهان ملکهٔ هند ، شاه جهان و پسرانش اورنگ زیب و دارا شکوه ، غنی کشمیری ، میرزا عبدالقادر بیدل ، میرزا غالب ، علامه محمد اقبال و صدها و هزارها شاعر دیگر که برای توجه بیشتر میتوان بتذکرهٔ شعرای هند و پنجاب و کشمیر مراجعه نمود . عامل دیگری که در ترویج زبان فارسی در شبه قاره مؤثر بود مهاجرت و مسافرت پناهندگان سیاسی خاندانهای ایرانی و شاهزادگان و امراء بزرگ ایرانی بود که پس از حملهٔ مغل و بجهات دیگر در سرزمین پهناور شبه قاره مستقر شدند و تشکیل کلونی‌های سیاسی و فرهنگی دادند . معروفترین این خاندانها خانوادهٔ بیرم خان بود که خود و پسرانش امرالله خان و امان الله خان شعر فارسی را در کمال روانی میسرودند . خاندان سپهسالار ، شاه جهان ، خانوادهٔ اعتمادالدوله میرزا غیاث بیگ پدر نورجهان ، خانوادهٔ قزلباش ، نظام ، سالار جنگ و صدها خانوادهٔ دیگر که یا خودشان و یا اعضاء خانوادهشان همه شاعر و یا از دوستداران شعر و ادب فارسی بودند . در زمان پادشاهان گورکانی لغات فارسی بیحد و حصر در زبان پاراکریت راه یافت و زبان مخلوطی بنام اردو بوجود آورد که بخط نستعلیق نوشته میشد و چون در اردوی گورکانیان تکوین شده بود بنام اردو خوانده شد ، ولی نباید فراموش کرد که این زبان قبل از گورکانیان هم بود ولی بهمت آنان رواج کامل یافت . این زبان که بدون اغراق شاید پنجاه در صد لغات آن فارسی است و در محاورات عمومی مردم بکار میرود در سراسر پاکستان و مغرب هندوستان رواج پیدا نمود و بعدها زبان مشترک مسلمانان هند و پاکستان گردید . زبان اردو غیر از قواعد دستوری آن در سایر جهات شبیه بفارسی است و لغات علمی و ادبی آن همه فارسی است و از لحاظ قوانین شعری و عروضی از زبان فارسی تبعیت میکند . امثال و حکم و تعبیرات لطیف و استعارات و کنایات فارسی در زبان اردو مورد استعمال است و بحق باید گفت هر ادیب و شاعر و نویسندهٔ اردو ناگزیر است که فارسی بداند و زبان اردو وقتی خوب دانسته و فهمیده میشود که فارسی با آن همراه باشد و هر کس که بخواهد اردو را خوب بفهمد ناچار است که از زبان فارسی استمداد گیرد . هر شاعر اردو زبان بفارسی هم شعر میسراید چه بسا که نتواند بفارسی تکلم کند . زبان اردو در حقیقت حافظ مواریث فارسی در شبه قاره است و این زبان در بیداری مسلمانان شبه قاره

نقش اساسی داشته است، مخصوصاً اشعار علامه محمد اقبال و دیگران در استقلال مسلمانان و ایجاد پاکستان فوق‌العاده مؤثر بوده است. بعد از انقراض سلطنت بابری زبان فارسی در پاکستان و شبه قاره رونق و رواج سابق خود را از دست داد و زبان بیگانهٔ دیگری جانشین فارسی گردید و میرفت که این زبان کم‌کم در بوتهٔ فراموشی قرار گیرد که مشیت الهی بر چیز دیگری قرار گرفت و شخصیت بارزی در پاکستان ظهور کرد که برای نشر عقائد و تبلیغ نظرات خود زبان فارسی را برگزید و نقشهٔ تأسیس پاکستان را طرح نمود، این شخصیت بزرگ علامه محمد اقبال لاهوری بود. تأثیری که زبان فارسی از لحاظ تماس با مردمان و فرهنگ و ادب شبه قاره پیدا کرده چنان عمیق و جاودانی است که هرگز زوال نمی‌پذیرد. زبان اردو ناقل بسیاری از کلمات هندی و حتی لغات خارجی اروپائی بزبان فارسی شده و از این راه خدمتی بزبان فارسی کرده. شبه قارهٔ هند و پاکستان طی قرون متمادی پناهگاه شعراء و سخنوران و گهوارهٔ شعر و ادب فارسی بوده تا آنجا که یکی از سبک‌های شعر فارسی بنام سبک هندی مشخص شده است. هم اکنون هم در قسمتهائی از شبه قاره و بخصوص پاکستان در نواحی مختلف و بین عشایر و قبایل زبان فارسی زبان رایج محاوره است، مانند سوات، دیر، چترال، کویته، پیشاور، و ایل هزاره که همه بفارسی صحبت میکنند و مانند اسلاف خود بزبان فارسی دری طبع آزمائی میکنند. نباید فراموش کرد که اولین روزنامهٔ فارسی در شبه قاره چاپ شده و فرهنگهای ممتاز و کتب بیشمار ادبی و تاریخی همه و همه بوسیلهٔ دانشمندان فارسی گوی این سرزمین تألیف و تصنیف گردیده است.

مشایخ صوفیه در پاکستان در همه‌جا با اشعار فارسی آشنا هستند. در مساجد و کتیبه‌های ابنیه و آثار تاریخی پاکستان و مقابر و زیارتگاهها همه جا آثار فارسی مشهود است. پزشگان قدیمی اغلب نسخه‌های خود را بفارسی مینویسند. وعاظ و مرثیه خوانان و قوالان همه اشعار فارسی را ازبر دارند و ابیات آن را زینت بخش سخن خود قرار میدهند. در تمام دانشگاههای پاکستان و کالج‌ها بخش‌های فارسی وجود دارد. در مجالس مشاعره شاعران بیشتر اوقات اشعار فارسی را قرائت مینمایند. انجمنهای زبان فارسی و بزم‌های مختلف و آکادمی‌ها همه و همه بنشر و ترویج آثار ادبی فارسی اشتغال دارند. هم اکنون در سراسر پاکستان نزدیک به پنجهزار دبیر و استاد زبان فارسی اشتغال بکار دارند. سال‌گذشته هزارها نفر دانشجوی رشتهٔ فارسی در امتحانات لیسانس و تعدادی در حدود سیصد نفر در رشتهٔ فوق لیسانس فارسی در سراسر پاکستان شرکت نموده بودند. بطور کلی این احساس همیشه در پاکستان مشهود است که برای تکمیل زبان اردو که یکی از دو زبان ملی پاکستان است مطالعهٔ ادبیات و نظم و نثر فارسی ضروری بوده‌است و بعبارت دیگر زبان اردو فرزند خلف فرهنگ و زبان فارسی است و این زبان نشانهٔ فضل و دانش و مورد کمال علاقهٔ طبقهٔ فاضله و دیندار مردم پاکستان است. در خاتمه توفیق همهٔ شما دانشمندان ارجمند را که پاسداران زبان فارسی میباشید از خداوند متعال مسئلت دارم و من الله التوفیق.

ڈاکٹر سید محمد اکرم
رکن مجلس عاملہ انجمن دوستی ایرن و پاکستان

پاکستان میں جدید و قدیم فارسی کا مسئلہ

پاکستان میں فارسی کا دور عام طور پر چوتھی صدی ہجری میں محمود غزنوی کے حملوں کے ساتھ شروع ہوا اور اس کی پے در پے فتوحات اور اسلامی حکومتوں کی مسلسل تشکیل کے بعد یہ سرزمین خراسانی سپاہیوں، شاعروں، عالموں، صوفیوں، ادیبوں، صنعت گروں اور دیگر فنکاروں کی آماجگاہ بن گئی جن کی شمشیر و قلم نے یہاں کے مذہب ، اخلاق ، تمدن ، ثقافت ، ادب اور زبان پر گہرا اثر چھوڑا۔ یہ اثر مرور زمان کے ساتھ ساتھ درہ خیبر سے لگاتار داخل ہونے والے ان ایرانیوں کے بڑھتے ہوئے اختلاط کی بنا پر روز بروز قوی سے قوی تر ہوتا چلا گیا۔ مغلیہ دور سلطنت میں کابل ، غزنہ ، قندھار ، پشاور ، لاہور اور دہلی مذکورہ اثر و نفوذ کے تحت گویا ایک ہی وحدت میں منسلک ہو چکے تھے۔ اس طرح اس علاقے میں جو فارسی محاورہ اور تلفظ مروج ہوا وہ خراسانی تھا۔

پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد جب ہمارے تعلقات ایران کے دارالسلطنت تہران سے براہ راست قائم ہوئے تو ہمیں وہاں کا فارسی محاورہ اور تلفظ بالکل اجنبی اور جدید محسوس ہوا ، جس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ مغلیہ سلطنت کے زوال سے لے کر پاکستان کے بننے تک یعنی تقریباً ڈیڑھ سو سال کے انحطاط اور استعمار کے دور میں ہمارا کسی طرح کا کوئی رابطہ ایران سے نہیں رہا تھا۔ چنانچہ اس نسبتاً طولانی دور میں ایرانی محاورے کی زبان ہماری کتابی فارسی سے بہت مختلف ہو گئی تھی۔ خصوصاً ان آخری پچاس ساٹھ سالوں میں جہاں زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں تبدیلیاں واقع ہوئیں وہاں فارسی بھی ایک زندہ زبان کی حیثیت سے جدید تقاضوں کے پیش نظر کسی حد تک بدل گئی جس کی چند وجوہ ہیں :

ایک تو یہ کہ جب ایران کے تعلقات مغربی ممالک سے بڑھے تو اہل ایران نے مغربی طرز تمدن

اور طرز فکر کو اپنانا شروع کیا ، اس طرح یورپی خصوصاً فرانسیسی کتابوں کے تراجم کے وسیلے سے فارسی زبان بہت حد تک متأثر ہوئی ۔ بعض مغربی الفاظ براہ راست فارسی میں لے لیے گئے جیسے اتوبوس ، تلویزیون ، تلفن ، ماشین وغیرہ بعض خارجی الفاظ کا فارسی میں عیناً ترجمہ کر لیا گیا مثلاً سیکنڈ ہینڈ کا ترجمہ دست دوم ، لاؤڈ سپیکر کا بلند گو ، بائیسکل کا دوچرخہ ، وائرلیس کا بی‌سیم وغیرہ ۔

دوسرے وطن پرستی اور جذبہ قومیت کے تحت جس کا اظہار شاعروں اوز ادیبوں کی تحریروں میں شدت سے پایا جاتا ہے ، فارسی ادب میں ''سرہ نویسی'' یعنی خالص فارسی لکھنے کی تحریک شروع ہوئی جس کا مقصد یہ تھا کہ فارسی کو عربی الفاظ سے پاک کیا جائے اور ان عربی الفاظ کے مترادفات فارسی یا پہلوی سے تلاش کیے جائیں یا انہیں فارسی سے از سر نو وضع کیا جائے ۔ سرہ نویسی کی عمدہ مثالیں ہمیں احمد کسروی کی تحریروں میں ملتی ہیں جو بڑی مہارت سے عربی الفاظ کے مترادفات یا تلاش کر لیتا ہے ورنہ اختراع کر لیتا ہے ۔

فارسی زبان میں تبدیلی کا ایک اہم سبب مشروطیت یعنی آئینی حکومت کا نفاذ تھا جس کے مطابق سلطنتی دربار کی استبداد اور آمریت کا طلسم ٹوٹ گیا اور حکومت عوام کی امنگوں اور ان کے تقاضوں کی ترجمان بن گئی ، چنانچہ شاعروں اور ادیبوں کے قلم اب درباری مدح سرائیوں اور عبارت آرائیوں کی بجائے عوامی رجحان کی ترجمانی اور عکاسی کے لیے وقف ہو گئے ۔ چونکہ مخاطب عوام تھے ، لہٰذا وہ زبان بھی عوام کی تحریر کرنے لگے ۔ اب زبان محض چند معمہ بازوں اور لفظ پردازوں کے لیے نہیں تھی بلکہ عوام اور ان کے خیالات و جذبات کے اظہار کے لیے مخصوص ہو گئی جس کے نتیجے کے طور پر مشکل عربی الفاظ کی جگہ سادہ اور روزمرہ کے الفاظ نے لے لی ، خصوصاً افسانوں ، ناولوں اور عام جریدوں اور اخباروں میں لکھی جانے والی فارسی علمی اور ادبی کتب فارسی سے یکسر مختلف ہوگئی ۔ اس طرح ایران میں فارسی معاشرتی تقاضوں کے مطابق ایک جدید رنگ اختیار کر چکی تھی اور اس کے برعکس ہماری تکلمی زبان ہمارے ہاں قطع رابطہ کی اس مدت مدید میں تکلمی حیثیت سے گر کر محض شعر تک محدود ہو چکی تھی اور یہ شعری صورت بھی ان الفاظ و امثال سے تشکیل ہوئی تھی جو قدیم خراسانی محاورے سے مقتبس تھے ۔

نتیجہ یہ ہوا کہ جب ہمارے سیاسی اور ادبی روابط ایران کے مرکزی شہر سے قائم ہوئے تو ہمیں ایک ایسے فارسی لب و لہجے سے آشنا ہونے کا موقع ملا جس سے ہم کافی حد تک نابلد تھے ۔ اب ایرانی فارسی ہمارے لیے ایک جدید زبان اور ایرانیوں کے لیے ہماری فارسی قدیم فارسی تھی ، البتہ بعد مکان اور مرور زمان کے تحت یہ تفاوت ایک فطری اور ناگزیر امر تھا جو خود ایران میں بھی پایا جاتا ہے ۔ ایک بیرونی ملک میں اس تفاوت کا ہونا کوئی باعث تعجب بات نہیں ۔ اس کے متعلق استاد مجتبیٰ مینوی لکھتے ہیں :—

''این اندازہ گاهی در کتاب‌ها و اشعاری نیز کہ در ولایات مختلف ایران نوشتہ و سرودہ

شده است مشهود میشود ، چنانچہ در عصر غزنویان و سلجوقیان کتابی که در قم نوشته میشد با شعری که در اصفهان سروده میشد و شعری که در طوس گفته میشد با کتابی که در هرات تصنیف میشد از حیث استعمال کلمات و معانی برخی از الفاظ قدری متفاوت بود ۔"

بہر حال اس اختلاف سے یہ نتیجہ نکال لینا کہ ہماری فارسی قدیم ہے اور ایرانیوں کی فارسی جدید ہے صحیح نہیں ، کیونکہ جیسا کہ بیان کیا گیا ہماری فارسی تکلمی حیثیت سے گر کر محض ادبی حد تک محدود رہ گئی اور اس کے برعکس اہل ایران کی تکلمی فارسی جدید تقاضوں کے مطابق افسانوں ، ناولوں اور اخباروں وغیرہ میں کتبی اور تحریری زبان بن گئی ۔ چنانچہ جب ہمارے فضلائے فارسی ایران پہنچے تو انھوں نے بالعموم فارسی کے تہرانی تلفظ اور عام محاورہ کی زبان یا اخباروں اور افسانوں کی زبان کو ادبی اور معیاری فارسی تصور کرتے ہوئے اسے جدید فارسی کا نام دے دیا جو صریحاً اشتباہ تھا ۔ کیونکہ جب ہم معیاری ادبی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم پر جدید فارسی کا بھرم بالکل کھل جاتا ہے اور ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہم سطحی امواج کے مد و جزر کو تحول سے بیجا تعبیر کر رہے ہیں ۔ جب ہم ادب کے اس اقیانوس کے اعماق میں نظر ڈالتے ہیں جہاں فردوسی ، سنائی ، عطار ، رومی ، عراقی ، سعدی ، امیر خسرو ، حافظ ، جامی ، نظیری ، عرفی ، طالب کلیم ، صائب ، غالب اور اقبال جاگزیں ہیں تو ہمیں فارسی زبان کی ہم رنگی اور وحدت کا پورا پورا احساس ہو جاتا ہے اور جدید و قدیم کا سطحی اختلاف بھی ہم پر روشن ہو جاتا ہے ۔ عصر حاضر کے بہترین ایرانی شعراء مثلاً پروین اعتصامی، ملک الشعراء بہار ، ایرج میرزا ، رہی معیری اور محمد حسین شہریار وغیرہ کے کلام کا مطالعہ جب ہم کرتے ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ عصر حاضر کی فارسی بھی وہی سعدی و حافظ کی فارسی ہے اور اس میں بعض ہیئتوں کے اختلاف کے سوا کوئی بین اختلاف نہیں پایا جاتا ۔ یہی حال آج کے بہترین ادبی نثر نگاروں کا ہے جن میں ملک الشعراء بہار، استاد فروزانفر، سعید نفیسی استاد جلال ہمائی ، علی دشتی اور دکتر ذبیح اللہ صفا وغیرہ کے نام پیش کیے جا سکتے ہیں ۔

جہاں تک افسانوں اور ناولوں کی زبان کا تعلق ہے جس کے لکھنے والوں میں صادق ہدایت اور جمال زادہ پیش پیش ہیں تو یہ زبان فقط عامیانہ محاورے کی زبان ہے اور مقامی ضرب الامثال اور محاورات اور الفاظ سے متعلق ہے جو نہ صرف ہمارے لیے نئی اور انوکھی ہے بلکہ خود اہل ایران کے لیے بھی بعض حالتوں میں اجنبی ہے اور وہ خود متعدد الفاظ اور محاورات کے معنی سمجھنے سے قاصر ہو جاتے ہیں ۔ پس ایسی صورت میں جو محاورہ خود اہل ایران کے لیے دشوار اور جدید ہو اس سے ہم کیا اور کس حد تک استفادہ کر سکتے ہیں اور اس کے سیکھنے میں ہم اجبار سے کیوں کام لیتے ہیں ۔

ثانیاً ادب کا یہ حصہ عموماً ایران کی سماجی زندگی اور اس کے تقاضوں سے بحث کرتا ہے اس میں

دینی ، عرفانی ، اخلاق اور دیگر اعلیٰ ادبی قدریں بہت کم ہیں ، جب کہ فارسی کے ساتھ ہماری دلچسپی اور وابستگی انہی ادبی اور وجدانی قدروں کی وجہ سے ہے اور درحقیقت یہی فارسی زبان و ادب کا روائتی حسن ہے جس پر ہم نے دل دیا ہے -

ایرانی دانشگاہوں میں ادب کا یہ حصہ جسے ہم جدید فارسی کے نام سے تعبیر کرتے ہیں چنداں قابل اعتنا تصور نہیں کیا جاتا - وہاں زیادہ تر کلاسیکی متون کی تدریس پر زور دیا جاتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہی متون ادبی میراث ہیں ۔

اب چونکہ ہم اپنے ملی تقاضوں کے مطابق اپنے گذشتہ علم و ادب کے بجھتے ہوئے چراغوں کو روشن کرنا چاہتے ہیں اور اپنی دینی ، اخلاق ، ادبی ، فکری اور معاشرتی قدروں کو محفوظ کرنا چاہتے ہیں ، لہٰذا ہماری تمام تر توجہ کلاسیکی متون کی تدریس پر مرکوز ہونی چاہیے -

اس سلسلے میں موجودہ فارسی نصاب پر تجدید نظر کی اشد ضرورت ہے - یہ نصاب نہایت غیر متوازن ہے - اس کی اصلاح کے لیے ایک تو جدید فارسی عنصر کو حتی‌الامکان کم کر دینا چاہیے ، تاکہ ہمارے طالب علم فارسی کو ایک عجیب و غریب زبان سمجھ کر اس سے روگردانی نہ کریں -

دوسرے نصاب کو آسان بنانا چاہیے - مثلاً آٹھویں جماعت میں رومی ، عطار ، سعدی اور ناصرالدین شاہ کی فارسی پڑھائی جاتی ہے جو بچوں کی استعداد سے زیادہ مشکل ہے - اس طرح نویں ، دسویں کی کتاب میں فردوسی ، فرخی ، ناصر خسرو ، مسعود سعد سلمان ، سنائی ، انوری ، رومی ، نظامی گنجوی اور عطار پڑھائے جاتے ہیں جو طلبہ کی سطح فکر سے کہیں کہیں بالاتر ہیں - یہ امر جہاں طلبہ کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے وہاں خود فارسی کے ساتھ بھی نا انصافی ہے - یہی کیفیت ایف - اے اور بی - اے کے نصاب کی ہے -

جدید تلفظ اور محاورہ ایم - اے کی کلاسوں میں ایک حد تک پڑھایا جائے اور جدید فارسی سے بھی طلبہ کو اسی کلاس میں متعارف کرایا جائے ، تاکہ ان میں اتنا شعور ہو کہ وہ پہچان سکیں کہ لفظ میری میروی کی عامیانہ صورت ہے اور بشین بنشین کی عامیانہ صورت ہے - یہ امر ہمارے لیے موجب مسرت ہے کہ حکومت شاہنشاہی ایران کی طرف سے پاکستان کے اکثر بڑے بڑے شہروں میں ایران کے ثقافتی مرکز کھولے گئے ہیں جہاں فارسی کی باقاعدہ تدریس ہوتی ہے اور جدید محاورہ اور تلفظ کافی حد تک سکھایا جاتا ہے - البتہ ان ثقافتی مرکزوں میں پڑھائی جانے والی فارسی کتابوں میں ایک بنیادی نقص ہے اور وہ یہ کہ یہاں کا نصاب ان ابتدائی فارسی کتابوں پر مشتمل ہے جو ایرانی بچے ایران میں پڑھتے ہیں یعنی بابا آب داد ، ماماں نان داد وغیرہ - پھر ان کتابوں میں رسم الخط کے سکھانے کی بھی مشق کرائی گئی ہے - جب کہ ہمارے ہاں خانۂ فرہنگ میں پڑھنے والے طالب علم سب کے سب رسم الخط سے بخوبی واقف ہوتے ہیں اور ذہنی طور پر وہ ان پانچ سالہ ایرانی بچوں کے برابر

نہیں ہوتے جن کے لیے یہ ابتدائی کتب لکھی گئی ہیں - چنانچہ ان فارسی کتب کو بھی بدلنے کی ضرورت ہے - اس سلسلے میں بہتر ہوگا اگر ایرانی اور پاکستانی معلمین طلباء کی مشکلات کو پیش نظر رکھتے ہوئے مل کر کوئی فارسی کی کتاب لکھیں - اس ضمن میں مجھے ایرانی ادیبوں سے ایک اختلاف یہ ہے کہ وہ جہاں یہ چاہتے ہیں کہ فارسی پاکستان ، افغانستان ، تاجیکستان ، ازبکستان اور ہندوستان وغیرہ میں محفوظ رہے وہ خود آئے دن اپنی اصطلاحات بدلتے اور انھیں جدید سے جدید تر بناتے چلے جا رہے ہیں جن کے ساتھ ہماری ہم آہنگی اور ہم قدمی بہت مشکل ہے - قدیم معروف اصطلاحوں کو جدید خالص فارسی اصطلاحوں سے بدلنے کا مطلب یہ ہے کہ ایرانی ادبا اپنی فارسی کو تو اپنے مزاج کے مطابق بناتے چلے جا رہے ہیں ، لیکن ان کا تعلق ہمارے کلاسیکی ادب سے منقطع ہوتا چلا جا رہا ہے اور اس طرح وہ خود ہی اپنا دائرہ محدود سے محدود تر کرتے چلے جا رہے ہیں -

پاکستان میں فارسی اکیڈمی یا فرہنگستان کی تأسیس ایک نہایت نیک فال ہے - فرہنگستان جہاں پاکستان کے کلاسیکی ادب کو منتشر کرے وہاں بہتر ہوگا کہ سب سے پہلے ایک فارسی ڈکشنری تیار کرے جو ہمارے ہاں کے جدید و قدیم نصاب کی روشنی میں مرتب ہو تاکہ معلم بھی اور شاگرد بھی اس سے استفادہ کر سکیں - بہت مناسب ہوگا اگر یہ فرہنگستان ایک عام نشریے سے فارسی کی جدید اصطلاحات کو متعارف کرائے تاکہ فارسی کی اصطلاحیں اور بعض عمدہ کلمات جو ہمارے مزاج کے مطابق ہوں اردو میں ضبط کیے جائیں - کیونکہ اردو کو اس وقت بیشمار علمی ، فنی اور معاشرتی اصطلاحوں کے تراجم کی ضرورت ہے ، اور یہ عظیم خدمت گذشتہ کی طرح اب بھی فارسی انجام دے سکتی ہے - جس طرح اردو زبان فارسی کے بغیر کوئی مستقل وجود قائم نہیں کر سکتی ، اس طرح آج پاکستان میں مختلف حالات کے تحت فارسی اردو کی نشو و نما کے لیے مددگار ثابت ہو سکتی ہے ، یعنی یہ کہ فارسی کی تدریس کے ساتھ ساتھ فارسی کے الفاظ و اصطلاحات کی زیادہ سے زیادہ آمیزش اردو میں کی جائے ، اس سلسلے میں مناسب ہوگا کہ اردو کے نصاب میں ایف - اے ، بی - اے اور ایم - اے تک فارسی کا کچھ مواد لازمی طور پر رکھا جائے - نیز اس تجویز سے اہل اردو کو اتفاق ہونا چاہیے کیونکہ اب پاکستان میں علاقائی تعصب یا رجحان کے تحت سندھی ، بلوچی ، پشتو اور پنجابی وغیرہ اپنے اپنے علاقوں میں مستقل درسی زبانوں کی حیثیت حاصل کرنے کے درپے ہیں - لہٰذا اس وقت ہمیں زیادہ سے زیادہ توجہ فارسی کی طرف دینی چاہیے ، کیونکہ جب فارسی علاقائی زبانوں اور مقامی بولیوں میں خلط ملط ہوگی تو وہ علاقائی اور مقامی زبانیں خود بخود اردو کی صورت اختیار کر لیں گی اور جیسا کہ ارباب دانش جانتے ہیں اردو زبان کی تشکیل کی یہی تاریخ ہے -

ڈاکٹر اے ۔ ڈی ۔ ارشد
استاد فارسی، اسلامیہ کالج ، ریلوے روڈ ،
لاہور

پاکستان میں فارسی زبان کے انحطاط کی وجوہ اور ان کا تدارک

فارسی ایسی زبان کو جو صدیوں تک برصغیر پاک و ہند میں نہ صرف سرکاری زبان رہی ہو بلکہ جس نے علم و تہذیب کے جملہ شعبوں کو غیر معمولی طور پر متأثر کیا ہو ، جس سے واقفیت مہذب ہونے کی دلیل سمجھی جاتی رہی ہو ، جو پاکستان کی قومی زبان اردو کی ماں اور اسے تربیت دینے والی ہو، جو پاکستان کے دلی دوست ایران کی ملکی اور قومی زبان ہو اور جو ہمارے آباء و اجداد کی علمی میراث کی امین اور ہماری ثقافت کی علمبردار ہو ، چھ سال کے اندر اندر پاکستان کی درسگاہوں سے نکال باہر کرنا ایک کرشمہ ہے ۔ بیک وقت تعجب خیز بھی ہے اور غم انگیز بھی ۔ یہ سانحہ قدرت کا کھیل نہیں بلکہ ہمارے مصلحان قوم اور مدبران ملک کی بزعم خویش اصلاح و تدبیر کا نتیجہ ہے :

من از بیگانگان ہرگز نہ نالم   کہ با من ہرچہ کرد آن آشنا کرد

اس مرحلہ پر یہ داستان دہرانے کی ضرورت نہیں ہے کہ پاکستان میں فارسی ازمنۂ قدیم سے رائج ہوئی ۔ پہلے سندھ ، پھر بلوچستان ، پھر ملتان اور پھر پنجاب میں اس کے مرکز قائم ہوئے ۔ حکومت کے ساتھ لاہور سے دہلی پہنچی اور سارے ہندوستان پر چھا گئی ۔ غزنویوں ، غوریوں ، غلاموں ، خلجیوں اور مغلوں سبھی نے اسے فروغ دیا ۔ حتیٰ کہ پنجاب میں سکھوں نے بھی اسے اپنایا اور انگریزوں نے بھی اسے علی حالہا رہنے دیا ۔ مگر آج ہم نے خود اسے ایسا رخصت کر دیا ہے گویا یہ اجنبی ہو گئی ۔

سبھی جانتے ہیں کہ انگریزی عملداری سے قبل برصغیر کی درسگاہوں میں ، خواہ وہ اسلامی تھیں یا غیر اسلامی ، جو نظام تعلیم رائج تھا ، اس میں فارسی کی تدریس کو مرکزی حیثیت حاصل تھی ۔ یہی وہ محور تھا جس سے علم و ادب کا ہر خط برآمد ہوتا تھا اور یہی وہ دائرہ تھا جس کے ساتھ مرکز

سے نکلا ہوا ہر خط زندگی منتہی ہوتا تھا - ملازمت کی خاطر ہو یا تقریب شاہی کے لیے، مقصد ترویج تجارت ہو یا حصول اقتدار ، ناموری کی خواہش ہو یا سرچشمۂ علوم بننے کی ، سبھی اغراض کے لیے فارسی سیکھی جاتی تھی - لاکھوں طلباء فارسی پڑھ کر ہی پروان چڑھتے تھے اور لاکھوں انسان اس کے ذریعہ سے اظہار خیالات کرتے تھے - مسلمان فارسی پڑھتے تھے ، ہندو فارسی پڑھتے تھے ، سکھ پڑھتے تھے - یہاں تک کہ شاہی فرمان جاری ہو جاتا ہے : جو فارسی نہ جانتا ہوگا ، سرکاری ملازمت میں نہ لیا جائے گا -

پاکستان کی پہلی یونیورسٹی ، پنجاب یونیورسٹی ، بہت غور و خوض کے بعد ۱۸۹۶ع میں قائم ہوتی ہے - ڈاکٹر لائٹنر جو پہلے کنگز کالج لندن میں عربی اور محمڈن لاء کے پروفیسر تھے اور لاہور میں گورنمنٹ کالج قائم ہونے پر اس کے پہلے پرنسپل مقرر ہوئے ، پنجاب یونیورسٹی کی تشکیل کے موقعہ پر اپنے ہم نواؤں سمیت مصر تھے کہ یونیورسٹی کا نام اورینٹل یونیورسٹی ہو اور اس میں مشرقی زبانوں کی تدریس کو فوقیت دی جائے - بالآخر سمجھوتہ کی شکل یہ ہوئی کہ یونیورسٹی کا نام تو پنجاب یونیورسٹی ہو مگر مشرقی زبانوں کی تدریس خاص کے لیے اورینٹل کالج کے نام سے الگ ادارہ قائم کر دیا جائے - گویا انگریزی عہد حکومت میں بھی جدید نظام تعلیم کی بنیاد رکھتے وقت فارسی کی سرپرستی کو مقدم تسلیم کیا گیا - اس کے بعد جو سلیبس مقرر ہوتا چلا گیا ، اس میں پورے پورے مواقع تھے کہ طلباء ، سکول ، کالج اور یونیورسٹی کی سطحوں پر فارسی بڑے اطمینان سے پڑھ سکیں - یہ نظام پاکستان بن جانے کے بعد بھی کئی سال تک قائم و دائم رہا - تا آنکہ پاکستان میں اصلاح نظام تعلیم کے نام سے تبدیلیوں کا دور دورہ شروع ہوا اور یکے بعد دیگرے کئی قومی تعلیمی کمیشن تشکیل پذیر ہوئے ، جنھوں نے اپنی ضخیم رپورٹوں میں اہم سفارشات پیش کیں - یونیورسٹی میں کچھ نئے اصول و ضوابط وضع ہوئے جن کا مقصد تعلیم کی حدود اور اس کے دائرہ کو وسیع کرنا تھا - قصر حکومت میں کچھ نئے لائحہ ہائے عمل مرتب ہوئے جن سے غرض اردو کی حیثیت کو مستحکم کرنا تھا - بیشک یہ عوامل ملکی ثقافت کے لیے بیش بہا نعمتیں تھے مگر ان سب نے بالواسطہ فارسی پر ضرب کاری لگائی - بدیں تفصیل :

۱ - کالجوں میں یہ دستور چلا آ رہا تھا کہ آرٹس کے ہر طالب علم کو عربی یا فارسی زبان لازمی طور پر لینی ہوتی تھی - جس سے عربی لینے والے طلباء (جو تھوڑی تعداد میں ہوتے تھے) کے علاوہ تمام طلباء فارسی پڑھتے تھے - چنانچہ ہر بڑے کالج میں فارسی بطور اختیاری مضمون لینے والوں کی تعداد ایک ہزار یا اس سے بھی زیادہ ہوتی تھی - ۱۹۵۱ع میں اردو کو بھی بطور اختیاری مضمون شامل نصاب کر لیا گیا ـــــ اس کا کوٹہ فارسی میں سے منہا کرکے پورا ہوا - ۱۹۷۶ع میں فارسی کی تدریس کے متعلق قانون و ضوابط میں دور رس تبدیلیاں پیدا کی گئیں - ان میں سے ایک یہ تھی کہ آرٹس کے

طالب علموں کے لیے نصاب مشکل کر دیا گیا ۔ ایف ۔ اے کی سطح پر بھی اس میں مضمون نگاری ، حکایت نگاری ، نامہ نگاری ، اور مفصل گرامر کے عناصر داخل کر دیئے گئے جس نے ان طلباء کے لیے جو سکول میں فارسی پڑھتے تھے ، کچھ مشکلات پیدا کیں اور اس کے پڑھنے والوں کی تعداد قلیل رہ گئی ۔ تیسری بات یہ کی گئی کہ اردو کا نصاب جو شروع کے سالوں میں معیاری تھا بہت سہل کرکے اسے لازمی مضمون کا درجہ دے دیا گیا ۔

۲ ۔ حمود الرحمن تعلیمی کمیشن کی رپورٹ میں یہ سفارش کی گئی کہ جن مضامین میں داخلہ لینے والے طلباء کی تعداد ایک خاص حد تک کم ہو ، اس کی کلاسیں جاری نہ رکھی جائیں ۔ چنانچہ بعض سکولوں اور کالجوں میں اس پر عمل درآمد ہوا ۔ اور جہاں اکا دکا طالب علم فارسی پڑھنے کا خواہاں تھا وہاں فارسی کی تدریس بند کر دی گئی ۔

۳ ۔ گذشتہ چند ہی سال ہوئے یونیورسٹی اور ثانوی تعلیم بورڈ نے اعلان کیا کہ ایم ۔ اے ، بی ۔ اے اور ایف ۔ اے کے امتحانات براہ راست پرائیویٹ حیثیت میں دیئے جا سکتے ہیں ۔ اس سے قبل اس غرض کے لیے مشرقی زبانوں کے فاضل اور عالم امتحانات پاس کرنا ضروری تھے بلکہ یہ مشرقی زبانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تھا کہ ان کے فاضل ، انگریزی میں امتحان پاس کرکے گریجوایٹ بن سکتے تھے ۔ قرارداد مذکور کا اثر یہ ہوا کہ مشرقی زبانوں کے عالم و فاضل امتحانات پاس کرنے کی ضرورت ہی نہ رہی اور ان کی کلاسیں جو ملک میں جا بجا قائم تھیں قطعاً بند ہو گئیں ۔

۴ ۔ فارسی کی اس گرتی ہوئی حالت کو دیکھ کر بعض کالجوں کے پرنسپل صاحبان نے مرے کو مارے شاہ مدار کے مصداق یہ کرم فرمائی کی کہ اسے بعض زیادہ مقبول مضامین مثلاً اکنامکس وغیرہ کا متبادل قرار دے دیا ۔ یعنی جس گروپ میں سے ایک مضمون لینا لازمی تھا ، اس میں عربی ، فارسی ، ایڈوانس اردو اور اکنامکس مضمون رکھ دیئے ۔ ظاہر ہے کہ ہر طالب علم اکنامکس کا مضمون لینے کی خواہش کرتا تھا اور ترغیب و تحریص کے باوجود عربی ، فارسی میں داخلہ بمشکل چند طلباء ہی لیتے تھے ۔

۵ ۔ بعض فنی اداروں میں فارسی کے ساتھ بی ۔ اے پاس کرنے والوں کو داخلہ کے لیے قبول نہ کیا جاتا ۔ مثلاً بی ۔ ایڈ میں ۔ اس سلوک سے فارسی پڑھنے والوں کی مزید حوصلہ شکنی ہوئی ۔

۶ ۔ چونکہ کالجوں میں فارسی پڑھنے والوں کی تعداد بہت گر گئی اور نتیجتاً فارسی کے لیکچراروں کی مانگ ختم ہوگئی ۔ اس لیے یونیورسٹی میں ایم ۔ اے فارسی پڑھنے والے بہت کم ہو گئے ۔ جو لوگ منشی فاضل اس واسطے پڑھتے تھے کہ سکولوں میں اوریئنٹل ٹیچر بن جائیں گے ، ٹیچروں کی مانگ نہ رہنے کے باعث اس ارادے کو ترک کر بیٹھے ۔

۷ ۔ پاکستان میں صنعت کو فروغ دینے کی اشد ضرورت تھی ۔ چنانچہ ملک میں صنعت و حرفت اور

تجارت سے متعلق ادارے ، فیکٹریاں ، کارخانے ، بینک ، بیمہ کمپنیاں اور برآمدی و درآمدی کاروبار ، جہاز رانی اور ہوائی سروس وغیرہ کے ادارے کثیر تعداد میں قائم ہوئے اور ہو رہے ہیں - ان اداروں کے لیے بہت سی عمارتیں بنیں - چنانچہ فن تعمیر کو بھی فروغ ہوا - ان تمام جدید اداروں ، کاروباروں اور منصوبوں کے تحت ملازمتیں حاصل کرنے کے لیے ریاضیات ، شماریات ، معاشیات وغیرہ کے علوم کے مطالعہ کی ضرورت لاحق ہوئی - صرف فارسی جاننے والوں کے لیے ایسے اداروں میں کھپنے کی گنجائش نہیں ہے - لہٰذا فارسی کو درخور اعتنا نہ سمجھا گیا -

۸ - سب سے بڑی بات یہ کہ ایشیا میں علوم و فنون حکومت کی سرپرستی میں پروان چڑھتے رہے ہیں - جب کبھی حکومت نے فارسی پڑھنے والوں کی قدردانی کی ، انہیں عہدے اور ملازمتیں دیں - فارسی نہ جاننے پر سرکاری ملازمت سے نکال دینے کی تہدید کی تو فارسی پڑھنے والوں کا حوصلہ بڑھا اور انھوں نے بڑھ چڑھ کر فارسی کی تعلیم پائی - موجودہ دور میں ملازمتیں مہیا کرنا تو درکنار ، ثانوی تعلیم بورڈ ، یونیورسٹی اور حکومت نے ایسے قواعد نافذ کر دیئے ہیں جو فارسی کے لیے موت کے پروانے کی حیثیت رکھتے ہیں -

اب کیا کرنا چاہیے ؟

گذرے ہوئے واقعات کا مرثیہ کہنا کچھ سودمند نہیں - حالات حاضرہ کا جائزہ لے کر فکر فردا کرنی چاہیے - فارسی کے انحطاط کے تدارک کے لیے فی الفور مناسب اقدام کی ضرورت ہے - اس سعی میں حسب ذیل عوامل کا تعاون ضروری ہے : (۱) پاکستانی شہری (۲) طلباء (۳) درسگاہیں (۴) ثانوی تعلیم بورڈ (۵) یونیورسٹی (۶) حکومت پاکستان اور (۷) حکومت ایران - ان سب کی ذمہ داریاں اور فرائض انہیں تفویض ہونے چاہیئیں -

۱- پاکستان کے شہریوں پر یہ واضح کرنا چاہیے کہ فارسی زندہ زبان ہے - کئی لاکھ بلکہ کروڑوں انسانوں کے اظہار و خیال کا ذریعہ ہے - ایران ، افغانستان ، ازبکستان ، تاجکستان وغیرہ کی ملکی زبان ہے - ان دنوں ہمارے روابط دوسرے ممالک سے بڑھ رہے ہیں - ایران کے ساتھ تو بھائی چارہ ہے ، افغانستان سے دوستی کی تجدید ہو رہی ہے - اور دوسرے ممالک سے بھی میل ملاپ ہے - اس لیے ایسے لوگ جو فارسی بول سکیں اور اچھی طرح لکھ سکیں ، ہمارے ملک کی سیاسی ضرورتوں کے لیے درکار ہوں گے -

پاکستان میں روحانی ترقی بھی بیشتر حد تک فارسی کی رہین منت ہے - یہاں شیخ علی ہجویری المعروف بہ حضرت داتا گنج بخشؒ اور بابا فرید الدین گنج شکر جیسے بزرگوں کی تبلیغی سرگرمیاں اور تألیفات فارسی کے وسیلہ سے معرض وجود میں آتی رہیں - فارسی کے زوال کے ساتھ تصوف بھی جو اخلاقیات کا سرچشمہ ہے ، خطرے کی زد سے باہر نہیں رہا - پاکستان اور ہندوستان کے تمام اکابر صوفیاء

کے اظہار کا ذریعہ یہی زبان رہی ہے - ان کے ملفوظات فارسی میں مرتب ہوئے ہیں - ان کے تذکرے اسی زبان میں لکھے گئے ہیں - ان سے استفادہ اس وقت ممکن ہے جب کہ فارسی جاننے والے یہاں موجود ہوں -

علاوہ ازیں صاحبان علم شہریوں پر یہ واضح کرنا بھی ضروری ہے کہ فارسی کا مطالعہ خالص علمی نقطہ نظر سے ہونا چاہیے- یورپ کے مختلف ملکوں میں علوم مشرق کا مطالعہ خالص علمی مقاصد کے لیے ہو رہا ہے - یہ چیز ہمارے لیے عبرت کا باعث ہے کہ اہل یورپ ہماری ہی چیزوں کے لیے ہم سے زیادہ قدردان ہیں لیکن ہم انھیں پستی کی نشانی سمجھتے ہیں -

۲ - طلباء :

ہمارے طلباء کا تعلیم کے متعلق نقطہ نظر تاجرانہ ہو چکا ہے - وہ علم بالعموم ملازمت کے حصول ، ذاتی منفعت اور وقتی اقتدار کے لیے حاصل کرتے ہیں - ان میں علم کا جذبہ پیدا کرنا چاہیے اور ان پر واضح کرنا چاہیے کہ دیگر مضامین کی بہ نسبت ان کے لیے فارسی میں زیادہ کامیابی کے امکانات ہیں - بہت سے مشرق علوم فارسی کے ذریعے حاصل ہوں گے - خصوصاً عہد وسطی کے ہندوستان کی تمام تر تاریخیں فارسی میں ہیں - اور دیگر اسلامی علوم کا مواد بھی فارسی میں ہے -

۳ - درسگاہیں :

سکولوں کے ہیڈ ماسٹر اور کالجوں کے پرنسپل صاحبان کو چاہیے کہ وہ نئے داخلہ کے وقت مضامین کی گروہ بندی کرتے وقت فارسی کو صرف زبانوں کے مقابلے میں رکھیں - دیگر زیادہ مقبول مضمونوں کا اسے متبادل قرار نہ دیں - نیز اس ایثار سے کام لیں کہ فارسی پڑھنے والوں کی تعداد اگر کافی نہ ہو تو کلاس بند نہ کریں بلکہ جاری رکھیں - درسگاہوں میں اندرونی طور پر یہ انتظام بھی ہو سکتا ہے کہ جب تک عربی ، فارسی کی کلاسوں میں معقول حد تک داخلہ نہ ہو ، دیگر متبادل مضامین میں داخلہ روکے رکھیں - دیہاتی مدارس اور چھوٹے شہروں کے کالجوں میں اس بارہ میں زیادہ کامیابی حاصل ہو سکتی ہے - فنی تعلیم کے اداروں میں ایسے طلباء کو داخلہ دینے سے انکار نہیں کرنا چاہیے جو فارسی کے ساتھ بی - اے کیے ہوئے ہوں -

۴ - ثانوی تعلیم بورڈ :

میٹرک کے درجہ پر یہ قاعدہ وضع کرکے نافذ کرنا چاہیے کہ فارسی کو ڈرائنگ وغیرہ مضامین کا متبادل قرار نہ دیا جائے بلکہ ہیومینٹی کے ہر طالب علم کے لیے عربی یا فارسی بطور زائد مضمون (Optional) (۱۰۰ نمبر کا) مقرر کر دیا جائے جسے آرٹس کے ہر طالب علم کو لینا ضروری ہو - اگرچہ اس میں پاس ہونا ضروری نہ ہوگا - اتنے اقدام سے ہی فارسی پڑھنے والوں کی تعداد کہیں سے کہیں جا پہنچے گی -

عوام میں تقسیم کرے ۔ نیز فارسی میں ریسرچ کرنے والوں کو عندالضرورت وظائف دے ۔

۷ ۔ حکومت ایران :

حکومت ایران کو بھی پاکستان میں اپنی ثقافت کے تحفظ کے لیے پاکستانیوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں ایران آنے کی دعوت دینی چاہیے ۔ انھیں سیر و سیاحت کی سہولتیں بہم پہنچانی چاہییں ۔ تعلیم و تدریس کی سہولتیں زیادہ سے زیادہ دینی چاہییں ۔ **حکومت پاکستان کے تعاون سے ایسے قوانین کا اجرا کرانا چاہیے جن سے پاکستانی درسگاہوں میں فارسی زیادہ سے زیادہ طلباء کو پڑھائی جا سکے ۔** پاکستان میں ایسے ادارے قائم کرنے چاہییں جن کے ذریعے فارسی میں ریسرچ کا کام ہو ۔ اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل کاموں کا انتظام کرنا چاہیے :

(۱) قلمی کتابوں کی فراہمی اور ان کا ذخیرہ کرنا جس سے پبلک مستفید ہو سکے ۔

(۲) مفید قلمی کتابوں کو تصحیح و ترتیب کے بعد شائع کرنا ۔

(۳) ایران میں شائع ہونے والی کتابوں کو پاکستان کے سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی لائبریریوں میں ہدیتاً دینا ۔

(۴) فارسی پڑھانے والے استادوں کو جدید فارسی سے روشناس کرانے کے لیے **ریفریشر کورسوں** کا اہتمام کرنا ۔

(۵) ریڈیو پاکستان اور ٹیلی ویژن پر آسان اور دلچسپ فارسی نشریات کا اہتمام کرنا ، جس میں فارسی گیت ، نظمیں اور ڈرامے سبھی کچھ ہو سکتے ہیں ۔

(۶) اپنے مراکز پر فارسی میں ایسی تقریروں کا انتظام کرنا جو پاکستانیوں کے مزاج کے مطابق ہوں ۔

آخر میں ارباب حل و عقد کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس انحطاط کو روکنے کی پوری کوشش نہ کی گئی تو فارسی زبان پاکستان میں ختم ہو جائے گی ۔ جس کے نقصانات سیاسی و قومی ، تہذیبی و تمدنی اور علمی و لسانی سطحوں پر ابھی سے بھانپ لیے جا سکتے ہیں ۔ مثلاً

(۱) سرکاری زبان ہونے کی وجہ سے سارے کاروبار فارسی کے توسط سے عمل میں آتے تھے ۔ شاہی فرامین ، سرکاری دستاویزات اور حکومت کے دوسرے اہم کاغذات فارسی میں لکھے جاتے تھے ، جن کے ذخائر ہمارے پاس مختلف ریکارڈ آفسوں میں موجود ہیں اور ان پر ملک کے بہت سے مسائل کا دارومدار ہے ۔ انھیں اگر کام میں نہ لایا جا سکا تو یہ قیمتی ملکی و قومی سرمایہ فنا ہو کر رہ جائے گا اور ملک کے بہت سے مسائل کے حل میں دشواریاں ہوں گی ۔

(۲) علمی زبان ہونے کے اعتبار سے مختلف علوم میں قابل قدر کتابیں فارسی میں لکھی گئیں ۔

تاریخ کی اعلیٰ پایہ کی کتابیں اور عارفانہ تصانیف فارسی میں ہیں - ان سے استفادہ فارسی جانے بغیر نا ممکن ہوگا -

(۳) فارسی کے تہذیبی اثرات بہت سے ہیں - سب سے بڑا یہ کہ اس نے پاکستان کی قومی زبان اردو کو جنم دیا - یہاں کی دوسری زبانوں مثلاً پنجابی ، بلوچی ، سندھی اور پشتو پر بھی خوشگوار اثر ڈالا ہے - یہ یاد رہے کہ گیسوئے اردو ابھی منت پذیر شانہ ہے - اردو کے استحکام کے لیے بھی فارسی کی بقا ضروری ہے - فارسی جاننے کے بغیر نوبت یہ آ جائے گی کہ غالب اور اقبال کے کلام کو سمجھنا دشوار ہوگا - یہ معلوم ہونا چاہیے کہ برصغیر کا ہر مقتدر اردو شاعر اولاً فارسی شاعر ہے ثانیاً اردو شاعر ہے - تمام بڑے شعراء نے فارسی میں بھی بلند پایہ کلام کہا ہے جس پر انہیں ناز تھا - اگر غالب نے یہ کہا تھا کہ

فارسی بین تا ببینی نقش ھائے رنگ رنگ　　بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگ من است

تو یونہی نہیں کہہ دیا تھا - اس کے پیچھے ٹھوس حقیقت موجود تھی - فارسی افکار کا سہارا لیے بغیر شعراء کا اردو کلام مبہم اور بے مزہ ہو کر رہ جائے گا -

و ما علینا الا البلاغ

دکتر انعام الحق کوثر
رئیس دانشکده دولتی، مستونگ ، کویته

دوره‌های تخصیصی موجود برای تربیت آموزگاران و دبیران و دانشیاران و استادان زبان و ادبیات فارسی

وطن عزیز پاکستان کے تہذیبی اور تمدنی ورثہ پر ایک نظر ڈالیں تو فارسی زبان اور ادب کی افادیت اور اہمیت اظہر من الشمس ہو جاتی ہے - تاریخ کے اوراق اس امر کا انکشاف کرتے ہیں کہ آج سے ڈھائی ہزار سال پیشتر ایران اور مغربی پاکستان کے مابین سیاسی رشتے کی بنیاد پڑ چکی تھی - ان دنوں اس علاقے کی گنجان آبادی اور خوش حالی کا بھی پتہ چلتا ہے -

ساسانی دور میں (۲۲۹-۲۰۶ع) مغربی پاکستان ایرانی سلطنت کا جزو بنا - پروفیسر سعید نفیسی مرحوم ''تاریخ تمدن ایران ساسانی'' میں تحریر فرماتے ہیں : (ص ۱۶) ''از سوی مشرق ایران همواره با هندوستان همسایه بود و رابطه نزدیک داشته است و در زمان ساسانیان این رابطه بیش از همیشه بوده است و نه تنها رابطه بازرگانی درمیان بوده بلکه در موارد بسیار روابط معنوی و فرهنگی به اصطلاح امروز هم برقرار بوده است -''

محمد بن قاسم کی فوجوں میں ایرانی سپاہی موجود تھے - سلطان محمود غزنوی بلوچستان کی راہ سے ہندوستان کے دوسرے نواحی علاقوں پر حملہ آور ہوا کرتا تھا - اس کے سب سپاہی فارسی زبان بولا کرتے تھے - سلطان ان جنگی سفروں میں دربار غزنوی کے اکثر معروف شعرا جیسے عنصری ، فرخی ، عسجدی وغیرہ کو اپنے ہمراہ لایا کرتا تھا اور اس طرح غزنوی عہد کے فارسی اشعار مغربی پاکستان کی سر زمین کے حالات پر ہیں - ان دنوں کا حال ایک تذکرہ نگار کی زبان سے سنیے (تذکرہ سلاطین آل غزنین—قلمی ، صفحہ ۳۲) -

''و جوق جوق تشنگان علوم از سائر بلاد هند و ولایتهای کاشغر و ماوراء النهر و عراق و بخارا و سمرقند و خراسان و غزنین وغیر ذالک ازان خیرات منیف منتفع می‌شدند - چنانکه یک آبادانی نو در حدود لاهور پدید آمد'' -

اسی زمانے میں لاہور ''غزنین خرد'' کے نام سے موسوم ہوا ۔ الغرض مغربی پاکستان میں فارسی ادب ترق پذیر رہا ۔ پروفیسر سعید نفیسی کا کہنا ہے کہ بارہ سو سال کے عرصہ میں یا کم از کم گیارہ سو سال کی مدت میں ہمیشہ ایران و پاکستان میں بہت ہی قریبی تعلق رہا ہے ۔ صرف دو سو سال کے عرصہ میں اس میں کچھ کمی رونما ہوئی ۔

رابعہ خضداری ، جس کے بارے میں ایک نقاد لکھتے ہیں : ''نویں صدی عیسوی (تیسری صدی ہجری) میں جب ابھی محمود ہندوستان کی اسٹیج پر نمودار نہیں ہوا تھا اور صرف بلوچستان اور سندھ ہی اسلام کے دائرہ میں تھے ، اس وقت بلوچستان محض ایک فوجی علاقہ نہ تھا بلکہ ایک تہذیبی خطہ بھی تھا جہاں فارسی ادبی اظہار کا ذریعہ تھی ۔ قلات کے جنوب میں خضدار شہر میں رابعہ چہچہاتی تھی''. فارسی کی عظیم شاعرہ ''بلوچستان کی قرۃالعین'' ابو عبداللہ روزبہ لاہوری ، ابوالفرج رونی ، اور مسعود سعد سلمان نے جن ادبی روایات کی بنا ڈالی انہیں امیر خسرو ، فیضی ، گل محمد ناطق مکرانی ، مرزا غالب اور علامہ اقبال نے بام عروج تک پہنچا دیا ۔ ان کی عظمت کو ایرانی نقاد بھی تسلیم کرتے ہیں ۔ مرحوم ڈاکٹر لطف علی صورتگر نے علامہ اقبال کے بارے میں (اقبال نامہ ص ۲۷) لکھا ہے کہ انہوں نے قدیم فارسی الفاظ اور صوفیانہ اصطلاحوں کو اپنے دلکش اشعار کے ذریعے ایک بار پھر ایران سے روشناس کرایا ہے ۔ ان الفاظ کی حیثیت جدید فارسی محاورے میں ان پیران جہاں گرد کی سی ہے جو ایک طویل سفر کے بعد خاندان کے جوان افراد سے آملے ہوں ۔

بقول ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا :

''زبان فارسی بدرجہ ای در ہندوستان رخنہ کرد و آنقدر شاعر و نویسندہ و کتاب و غزل و قصیدہ و مثنوی فارسی در آن قطعہ پہناور پدید آمد کہ گوئی آنجا منشاء اصلی و واقعی زبان فارسی است ۔''

مشہور بزرگ علی بن عثمان ہجویری عالم شباب میں ہی لاہور تشریف لائے ۔ لوگوں نے انہیں ''داتا گنج بخش'' کا لقب دیا ۔ آپ نے اپنی معروف کتاب ''کشف المحجوب'' یہیں تصنیف کی ۔ ۷۷۴ھ میں علی بن شہاب ہمدانی ایران کے محترم بزرگ جو آٹھویں صدی میں ایران کے نامور علماء میں سے تھے ، اپنے سات سو ایرانی دوستوں اور مریدوں کی معیت میں کشمیر میں وارد ہوئے ۔ آپ کی شخصیت سے کثیر لوگ متأثر ہوئے اور دائرہ اسلام میں جوق در جوق داخل ہوئے ۔

پاک و ہند کے حکمرانوں کی فیاضیوں کے باعث متعدد شعرا یہیں پروان چڑھے جن میں نظیری نیشاپوری ، عرفی شیرازی اور طالب آملی شامل ہیں ۔ بابا فغانی شیرازی جو فارسی شعر کے تیسرے دبستان یعنی سبک ہندی یا سبک فغانی ہندی کے موجدوں میں سے ہیں ، یہیں اپنا مقام پا سکے ۔

اردو جو پاکستان کی ملی زبان ہے ، اس کے الفاظ ساٹھ فی صد فارسی زبان سے ہی لیے گئے ہیں اور

اردو کے کم و بیش تمام اسماء اور افعال فارسی زبان کے ہیں ۔ مولانا محمد حسین آزاد نے اپنی مشہور کتاب ''سخندان فارس'' میں ان زبانوں کی لغت اور گرامر کی مماثلت پر قابل قدر بحث کی ہے ۔

پاک و ہند میں فارسی کی قدر و منزلت کا اندازہ اس واقعہ سے کیجیے کہ انگریزی حکومت پچاس سال کے بعد فارسی کی جگہ انگریزی کو رائج کر سکی ۔

جب نواب بھوپال اللہ کو پیارے ہو گئے تو ان کا بیٹا جانشین ہوا ۔ قاعدے کی رو سے وائسرائے ہند نے فرمان جاری کیا ۔ فرمان انگریزی میں تحریر کیا گیا تھا ۔ نواب کے فرزند نے اسے قبول نہ کیا اور کہا کہ گذشتہ حکومتوں کے احکام جو میرے باپ دادا کے لیے صادر ہوئے وہ فارسی زبان میں ہوتے تھے ۔

بلوچستان میں سابقہ ریاست قلات کی سرکاری زبان آج سے چالیس سال پہلے تک فارسی زبان ہی تھی ۔ وہاں کی علاقائی زبانوں پر فارسی کا بڑا گہرا اثر ہے، جبھی تو اب تک ابتدائی گھریلو تعلیم فارسی زبان میں ہی دی جاتی ہے ۔ بندہ نے اپنی کتاب ''بلوچستان میں فارسی شاعری'' میں اس خطے میں فارسی کی ترویج و اشاعت کا ایک جائزہ پیش کیا ہے ۔ ان نامور شعرا میں سے چند ایک براہوئی ، بلوچ اور پٹھان شاعر فارسی کے جید عالم بھی تھے ۔ ان میں قاضی نور محمد گنج آبوی (مصنف جنگ نامہ میر نصیر خان اول) ناطق مکرانی ، پیر محمد کاکڑ ، ملا محمد حسین براہوئی ، اخوند زادہ عبدالعلی ، مولاداد ، یوسف عزیز مگی ، مولانا محمد یعقوب ، مرزا احمد علی ، علیم اللہ علیم ، زیب مگسی وغیرہ خاص طور پر شہرت کے مالک ہیں ۔

بلوچی کا معروف رزم نگار مکدر گام وشی کہتا ہے :

اگر قارون بہ موسیٰ مہربان بت　　پلنگ اشترانی پاسان بت
شپ بست و نہم گر ماہکان بت　　اگر آتش گون پنہ ہم لسان بت
در و کیس گرگ نگہوان بسان بت　　زرؔ ماہی بہ ڈن و ہم تجان بت
مگر گڈا منی صلح و تران بت

(اگر قارون موسیٰ پر مہربان ہو سکتا ہے، اگر پلنگ شتروں کا پاسبان ہو سکتا ہے، اگر انتیسویں رات چاند رات ہو سکتی ہے ، اگر آتش و پنبہ ہم وجود ہو سکتے ہیں ، اگر بھیڑیا بکریوں کا نگہبان ہو سکتا ہے اور اگر مچھلی چٹیل میدان میں تیر سکتی ہے تو پھر میں بھی اپنے عدو کے ساتھ صلح و آشتی کر سکتا ہوں) ان اشعار سے فارسی اثر ظاہر ہوتا ہے ۔ یہ ناگزیر تھا اور اس کے تحت بلوچ اپنے قبائلی وجود سے نکل کر ملی شعور کی پہنائیوں سے آشنا ہوتے تھے ۔ بالکل ایسے ہی جیسے علامہ اقبال نے اسی ملی شعور میں شاعری کرنے کے لیے اردو کی بجائے فارسی میں لکھنا شروع کیا اور ان کی اردو پر بھی فارسی کی نمایاں چھاپ تھی ۔

اس مختصر سے خاکے سے پتہ چلتا ہے کہ فارسی زبان کا اپنی جنم بھومی کے علاوہ برصغیر پاک و ہند میں گہرا اثر رہا ہے ۔ لیکن موجودہ ایرانی فارسی اور یہاں کی فارسی پر ایک نظر ڈالیں تو وسیع فرق نظر آتا ہے ۔ وہاں یہ زبان ایک زندہ زبان کی حیثیت سے ترقی پذیر رہی اور اب تک ہے ۔ لیکن ہمارے ہاں اظہار خیال کے لیے فارسی کے الفاظ اور اصطلاحوں کا کم و بیش وہی مفہوم ہے جو سعدی و حافظ کے دور میں تھا ۔ ایک نقاد نے لکھا ہے ۔ ''جب اس برصغیر میں فارسی کا دور دورہ تھا تو یہاں زبان نے ایک منفرد اور مستقل حیثیت اختیار کر لی تھی اور اس کے محاورات و اصطلاحات میں کئی تبدیلیاں ہوئیں ۔ یہ الفاظ اور اصطلاحیں یہاں کے مخصوص تہذیب و تمدن ، سرکاری نظم و نسق ، جغرافیائی اور تاریخی حالات ، ذوق جمالیات اور صوتیاتی رحجانات کا نتیجہ تھیں ۔ آج بھی ان الفاظ سے خالص فارسیت کی بو آتی ہے ۔ مثلاً خوشدامن ، برشگال ، غسل خانہ ، سالگرہ ، رواداری ، جاگیردار وغیرہ'' (جدید فارسی کا تاریخی اور لسانی پس منظر ۔ پروفیسر عبدالشکور احسن ۔ مجلہ انجمن عربی و فارسی ۔ اگست ، نومبر ۱۹۷۷ء ، فروری ۱۹۷۸ء ص ۴۰) ۔

ہمارے ہاں سکولوں اور کالجوں میں فارسی پڑھانے کا اہتمام موجود ہے ۔ عام طور پر سکولوں کے فارسی پڑھانے والے اساتذہ کی تعلیمی لیاقت منشی فاضل یا فاضل فارسی پر مبنی ہوتی ہے ۔ لیکن وہ تنخواہ اور دوسری مراعات کے سلسلے میں انگریزی پڑھانے والے اساتذہ سے فروتر ہیں ۔ وہ ریفریشر کورسوں کی سہولتوں سے بھی محروم ہیں ۔ البتہ کالجوں کے فارسی پڑھانے والے اساتذہ دوسرے مضامین پڑھانے والے اساتذہ کے برابر شمار کیے جاتے ہیں اور ان کے لیے ترقی کے مواقع بھی بہم پہنچائے جاتے ہیں ۔ وہ فارسی زبان و ادب سے اچھی طرح واقفیت رکھتے ہیں ۔ ان میں سے بعض اچھی فارسی لکھ بھی لیتے ہیں لیکن گفتگو میں وہ مہارت نہیں رکھتے جو ہونی چاہیے ۔

پیشنهادات زیر برای بهبود تدریس زبان فارسی بنظرم ضروری است :

۱- باید موقعیت اجتماعی و اقتصادی و تحصیلی معلمین زبان فارسی در سطح معلمین زبان انگلیسی قرار بگیرد ۔

۲- معلمین زبان فارسی باید مانند معلمین زبان انگلیسی دارای دوره های کارآموزی و وسائل تدریس باشند ۔

۳- تمام معلمین زبان فارسی باید کتاب لغت فارسی و اردو و بالعکس دارا باشند ۔

۴- در دورهٔ تربیت معلم و دانشکده‌های پاکستان و بخصوص در کویته به توجه بر وضع منطقه ای باید کلاسهای محاوره و سخنرانیهای فارسی ترتیب داده شود ۔

۵- نمایش فیلمهای آموزنده و مستند بزبان فارسی فراهم گردد ۔

۶- کتابهای مخصوص برای تدریس پاکستانیها باید تهیه گردد و یا جزوههائی مانند جزوههائی

که خانه فرهنگ ایران در کویته تهیه کرده است، بطور مرتب در اختیار دانشجویان و محصلین زبان فارسی قرار بگیرد ـ

۷- وسائل سمعی و بصری و استفاده از ضبط صوت و وسائل آموزشی ضروری است ـ

۸- بورسهای تحصیلی باید به دانشجویان زبان فارسی از طرف دولت ایران داده شود ـ

۹- دوره های کار آموزی مخصوص برای استادان و دبیران بطور جداگانه باید ترتیب داده شود ـ

۱۰- استادان زبان فارسی باید که از بورسهای تحصیلی و کوتاه مدت برخوردار باشند ـ

۱۱- گردشهای دسته‌جمعی استادان و شاگردان زبان فارسی بایران باید ترتیب داده شود و لو اینکه برای دوره کوتاهی باشد ـ

۱۲- باید خانه‌های فرهنگی تقویت گردند تا بتوانند کلیه احتیاجات و نیاز مندیهای استادان و دبیران را در مورد تدریس و وسائل لازم برآورد نمایند و مرتب از کلاسهای فارسی بازدید نمایند ـ

۱۳- وضع زبان فارسی در مدارس و دانشکده ها باید بصورت چند سال قبل در آید که زبان عربی و فارسی جزو دروس بوده است ـ

۱۴- برای اطلاعات زبان فارسی جدید باید مجلات هانند خانه فرهنگ ایران در کویته بطور مرتب تهیه و در اختیار استادان و دبیران و معلمین زبان فارسی قرار گیرد ـ

۱۵- هفته ای یک روز کلاسهای بحث و مذاکرات بزبان فارسی جدید در خانه های فرهنگی برای استادان زبان فارسی باید ترتیب داده شود ـ

میں اپنے اس مضمون کو ملک الشعراء بہار کے ان الفاظ پر ختم کرتا ہوں جو انہوں نے پاکستان کے قیام کے بعد کہے تھے جب ہمارے دیرینہ روابط کی تجدید و تحکیم ہوئی تھی (اقبال نامہ ـ ضمیمہ مجلہ دانش ، تہران ، ۱۳۱۳ خورشیدی) :

''بعد از ایجاد این دولت بزرگ اسلامی (پاکستان) یکباره پردۂ ضخیم و هنگفت صد و پنجاه ساله که میان ما و برادران ما فرو کشیده بودند، برداشته شد ـ ناگاه محسوس گردید که این صد و پنجاه سال جدائی و عدم حشر و آمیزش و تحریکات ماهرانه شیطانی نتوانسته است ذره‌ای از روابط همدردی و هم خونی و هم کیشی و هم زبانی ما و برادران ما بکاهد ـ''

شاعر ملی پاکستان علامہ اقبال چہ خوب سرورده :

حلقہ گرد من زنید ای پیکران آب و گل   آتشی در سینہ دارم از نیاگان شما

ڈاکٹر محمد کلیم سہسرامی
سینئر لیکچرار ، راجشاہی یونیورسٹی
راجشاہی ، مشرق پاکستان

فارسی زبان کے تدریسی اور معاشی مسائل کا تجزیہ

اس سے پہلے کہ میں اپنے موضوع پر گفتگو کروں ، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انجمن دوستی ایران و پاکستان اور اس کے وسیلے سے سفارت شاہنشاہی ایران اور حکومت ایران کا شکریہ ادا کروں جس کے زیر اہتمام یہ مجلس مذاکرہ منعقد ہو رہی ہے اور آج پاکستان کے دانشور اور فارسی کے اساتذہ پہلی بار ایک مرکز پر جمع ہوئے ہیں تاکہ فارسی زبان و ادب کی ترویج و توسیع پر سنجیدگی سے غور و فکر فرما سکیں ۔

فارسی زبان و ادب کی تہذیبی و ثقافتی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ ایک ایسا آئینہ ہے جس میں ہماری صدیوں کی تہذیب و ترقی اور شان و شوکت کا عکس نظر آتا ہے ، لیکن ہمارے ملک کی موجودہ سیاسی ، سماجی اور معاشی تبدیلیوں کے پیش نظر یہ ضروری ہے کہ فارسی زبان و ادب بھی اس کے شانہ بہ شانہ ہمارا ساتھ دے ۔ فارسی کا موجودہ نصاب تعلیم ، اس میں شک نہیں ، کہ طلبہ کو اس امر کی ترغیب دیتا ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق اس کا مطالعہ کریں اور اس کی بدولت امتحان میں کامیابی حاصل کر لیں ، لیکن دراصل ان میں نہ تو خاطر خواہ صلاحیت پیدا ہوتی ہے اور نہ مزید تحقیق و جستجو کا مادہ پیدا ہوتا ہے ۔ اس طرح تعلیم کا اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے ۔

جہاں تک مشرقی پاکستان کا تعلق ہے ، یہ حقیقت ہے کہ یہاں سکول کی پہلی منزل سے لے کر یونیورسٹی کی منزل تک فارسی زبان و ادب کی تدریس کا انتظام برسوں سے ہے ، لیکن رفتہ رفتہ اس مضمون سے دلچسپی کی بجائے بد دلی اور بد ذوقی بڑھتی جا رہی ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ متعدد مراحل اور مختلف ادوار میں اساتذہ نے اس کی ترقی کی سعی و کوشش کی لیکن ایک طرف اگر دوسرے مضامین کی روز افزوں ترقی ہو رہی ہے تو دوسری طرف اس کے برعکس فارسی روز بروز انحطاط اور

زوال سے دوچار ہو رہی ہے - میری اس مختصر سی گفتگو کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں فارسی زبان کی درسی کتابوں کی خامیوں کا جائزہ لیا جائے اور ان نقائص کو دور کرنے کی تدابیر پر غور کیا جائے تاکہ تدریس فارسی کا نظام و نصاب اسے دوسری زبانوں کی طرح طلبہ میں مقبول بنا سکے - اس کے دوش بدوش ان معاشی مسائل کا بھی جائزہ لیا جائے جس سے فارسی کے فارغ التحصیل طلبہ دوچار ہوتے ہیں -

میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے نصاب کی کتابیں عام طور پر نہ تو اچھے کاغذ پر چھپی ہوتی ہیں اور نہ ان کا متن کامل طور پر صحیح ہوتا ہے - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طالب علم کی تمام تر توجہ درس کی طرف نہیں ہوتی اور بعض اوقات متن کے درست نہ ہونے کی وجہ سے سبق کا پورا مفہوم نہ طلبہ سمجھتے ہیں اور نہ اساتذہ - ایسی صورت میں فارسی کی تدریس کو سب سے زیادہ نقصان اسی منزل میں پہنچتا ہے اور اس مضمون سے طلبہ کی دلچسپی کم ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ ڈگری اور ایم-اے کی کلاسوں کے لیے طلبہ کی تعداد کم ہو جاتی ہے - اس منزل میں نصاب کی تیاری کا کام عام طور پر منتخب اساتذہ کی ذاتی رائے اور مصلحتوں پر مبنی ہوتا ہے - بعض حالتوں میں ایسا ہوتا ہے کہ ان میں سے سب کے سب اساتذہ فارسی کے ماہر یا سند یافتہ نہیں ہوتے، چنانچہ ان کی توجہ کے باوجود درسی کتابوں اور نصاب تعلیم میں خامیاں رہ جاتی ہیں -

میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی کلاسوں میں ضروری ہے کہ طلبہ کی عمر، ذہنی دلچسپی اور نفسیات کو پیش نظر رکھا جائے جس کا بلا شبہ میرے یہاں فقدان ہے - ان کلاسوں کے لیے جو کتابیں مرتب کی جائیں، ان کا انداز کتابت ایران کے موجودہ انداز کتابت کے مطابق ہو تاکہ آگے چل کر طلبہ اس انداز تحریر سے آشنا ہو جائیں - مثلاً ایران اور ایران کی چھپی ہوئی کتابوں میں ''دانش کدہ'' اور ''ھیئت'' کا انداز کتابت (سبک املا) اس طرح ہے ''دانشکدہ'' اور ''ہیأت''

بی - اے کی درسی کتابوں کا جہاں تک تعلق ہے، اس کے بارے میں بھی یہ کہے بغیر نہیں رہا جا سکتا کہ برسوں سے جو کتابیں داخل نصاب ہیں، انہیں میں ہر سال ذرا سی یا برائے نام تبدیلی کر دی جاتی ہے - زمانے کے تقاضوں یا بدلتی ہوئی قدروں کو پیش نظر نہیں رکھا جاتا - بعض ایسی کتابیں نصاب میں داخل کر دی جاتی ہیں جو عام طور پر کالجوں کی لائبریریوں میں نہیں ملتیں - چنانچہ طلبہ کو گوناگوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور امتحانات کی تیاری کے لیے مختلف اشخاص اور کتابخانوں کی خاک چھاننی پڑتی ہے - اس ضمن میں ایک دلچسپ بات جو قابل ذکر ہے، وہ یہ کہ خصوصاً مشرقی پاکستان کے بعض سرکاری اور غیرسرکاری کالجوں میں فارسی زبان و ادب کی تدریس کے لیے کسی مدرسے یا عربی مکتب کا سند یافتہ ہونا کافی سمجھا جاتا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طلبہ نہ صرف اپنی تعلیم کی طرف سے غیر مطمئن ہو جاتے ہیں، بلکہ انہیں مضمون سے کوئی دلچسپی

بھی پیدا نہیں ہوتی۔ لاہور کے علاوہ مغربی پاکستان میں فارسی کتابوں کے معقول پبلشر کے نہ ہونے کی وجہ سے درسی کتابوں کا مسئلہ اور بھی ناقابل اطمینان ہے کیونکہ تجربہ کار اور باصلاحیت اساتذہ درسی کتابوں کی تالیف و ترتیب کا کام انجام دینے پر مجبور ہیں اور جو کتابیں مرتب کرتے ہیں انہیں ان کی طباعت کا انتظام خود ہی کرنا پڑتا ہے۔

ہمارے ملک میں ایم۔ اے کی تعلیم کا مقصد اب تک یہی سمجھا جاتا رہا ہے کہ ایک ایسا طالب علم تیار کیا جائے جو فارسی کی تدریس کے فرائض انجام دے سکتا ہو یا کسی دفتر میں قلم کی جنبش سے روزی حاصل کر سکتا ہو۔ زمانے کے بدلنے کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ سوچنا ہے کہ فارسی کا نصاب اس نہج پر درست کیا جائے کہ ایک طالب علم ایم۔ اے پاس کرنے کے بعد مدرسی کے فرائض انجام دینے کے علاوہ ایران اور اس کے متعلقہ موضوع پر لکھنے پڑھنے کی بخوبی صلاحیت رکھتا ہو تاکہ اس کے معاشی مسائل کا حل اس طرح ہو سکے کہ وہ صحافت کے میدان میں بھی کامیاب رہے، سفارت خانوں میں بھی مترجم کے فرائض انجام دے سکے، شعبۂ تاریخ میں ایران کے موضوعات پر بھی تدریس کر سکے، حکومت پاکستان کے غیر ملکی شعبے میں اور ثقافتی و تحقیقی اداروں میں بھی کامیاب زندگی گزار سکے۔ اس سلسلے میں ایک امر توجہ طلب ہے کہ ثقافت اسلامیہ کے پرچے کی بجائے ایک پرچہ ایران کے سیاسی و تمدنی موضوعات پر داخل نصاب کیا جائے۔ تکلمی فارسی کا بھی ایک پرچہ اضافہ کیا جائے کیونکہ مترجم کے فرائض انجام دینے کے لیے اور ایرانی وفد کے اراکین سے گفتگو کے سلسلے میں اس سے ایک اہم ضرورت پوری ہو سکے گی۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے فارسی کے سند یافتہ اساتذہ کو تقریباً ایک سال کی تربیت کے لیے ایران بھیجا جائے اور جب تک کوئی استاد اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے شعبے میں نہ ہو، اس وقت تک ایران کے مقامی خانۂ فرہنگ سے رابطہ قائم کیا جائے کہ وہ اس باب میں معاونت کرے۔ سردست جو کتابیں نصاب میں داخل ہیں، موجودہ زمانے کے پیش نظر، ہماری ضرورتوں کو پورا نہیں کرتیں، اس لیے ان میں تبدیلی کی نہایت سخت ضرورت ہے۔ چنانچہ اس تبدیلی کے سلسلے میں ''خانۂ فرہنگ ایران'' ایک اہم کارنامہ انجام دے سکتا ہے۔ وہ یہ کہ ایران سے تازہ ترین مطبوعات اور ان کی فہرست مہیا کرے تاکہ ایران کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے معیار اور نصاب کو سامنے رکھ کر یہاں کا نصاب تیار کیا جائے۔

اس ضمن میں ایک بات اور بھی قابل توجہ ہے، وہ یہ کہ تمام پاکستانی یونیورسٹیوں کا نصاب ایک دوسرے سے قریب تر اور معیار کے لحاظ سے یکساں ہو اور اساتذہ اپنی محدود ضرورتوں کے پیش نظر ایک یونیورسٹی کا نصاب دوسری یونیورسٹی سے زیادہ مختلف نہ بنائیں۔ اس میں طلبہ کے لیے یہ فائدہ ہے کہ ایک جگہ سے تعلیم کا سلسلہ منقطع کر کے اگر دوسری جگہ جائیں تو انہیں

دشواری پیش نہ آئے اور اساتذہ کو امتحانات کے سوالات کی تیاری کے سلسلے میں لائبریریوں کی خاک نہ چھاننی پڑے ۔

نصاب کے ماہرین کی کمیٹی کا فرض ہونا چاہیے کہ وہ طلبہ کی آسانی کے پیش نظر اس امر کا فیصلہ کر سکے کہ کس کلاس کے لیے کون کون سے مصنفین کے رشحات قلم لازمی ہیں ، کیونکہ نصاب کے تدریجی ارتقا کے لیے مصنفین کے ناموں کا تعین ضروری ہے تاکہ نصابی کتابوں کی ترتیب و تدوین کے وقت اس کو پیش نظر رکھا جا سکے ۔ اس کے علاوہ سکول کی منزل سے یونیورسٹی کی منزل تک ہر کلاس میں مختلف مصنفین کے افکار عالی داخل کیے جائیں تاکہ طالب علم رفتہ رفتہ آخری منزل تک تمام مصنفین اور ان کے انداز تحریر سے آشنا ہو جائے ۔

شعبۂ اردو کے آنرز اور ایم ۔ اے کے طلبہ کے لیے پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں میں فارسی کا ایک پرچہ لازمی قرار دیا جائے جیسا کہ مدتوں سے ڈھاکہ یونیورسٹی میں عملی صورت اختیار کر چکا ہے ۔ اسی طرح فارسی پڑھنے والے طلبہ کے لیے عربی کا ایک پرچہ لازمی قرار دیا جائے تاکہ عربی کی صرف و نحو اور ابتدائی مسائل سے آگاہی طلبہ کے تحقیقی کاموں میں ان کی رہنمائی کر سکے ۔ پاکستانی یونیورسٹیوں کے ارباب حل و عقد سے گزارش کی جائے کہ شعبۂ تاریخ کے آنرز اور ایم ۔ اے کے طلبہ کے لیے فارسی کا ایک پرچہ لازمی قرار دیا جائے تاکہ عہد مغلیہ پر تحقیقی کام کرنے والوں کو مزید سہولت بہم پہنچ سکے ورنہ فارسی نہ جاننے کی صورت میں عام طور پر ریسرچ اسکالر انگریزی ماخذوں پر اعتماد کرتے ہیں جس سے ان کی تحقیق میں خامیاں رہ جاتی ہیں ۔

اس ضمن میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کے ارباب حل و عقد اور ایرانی خانۂ فرہنگ کے ذریعے حکومت ایران سے گزارش کی جائے کہ فارسی پڑھنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے انھیں وظیفے دیے جائیں ۔

میں حکومت پاکستان کی توجہ اس امر کی طرف متوجہ کرانا چاہتا ہوں کہ پاکستان و ایران کے فرہنگی و تمدنی روابط کی بڑھتی رفتار کو بہتر اور خوشگوار بنانے کے لیے ایران میں کلچرل اتاشی کی اسامی پریس اتاشی سے مختلف اور علیحدہ معرض وجود میں لائی جائے تاکہ تمدنی اور فرہنگی امور کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جا سکے اور دونوں ممالک کے تعلقات استوار اور مضبوط ہو سکیں ۔ اس سلسلے میں ایک اور بات حکومت پاکستان کی توجہ کی مستحق ہے وہ یہ کہ تہران یونیورسٹی میں اردو زبان کی تدریس کے لیے صرف ایسے اساتذہ مامور نہ کیے جائیں جو صرف اردو کے ایم ۔ اے ہوں بلکہ ان کے لیے جدید فارسی میں لکھنا پڑھنا اور گفتگو کرنا بھی لازمی قرار دیا جائے اور اگر اردو کا سندیافتہ استاد ایران سے فارسی زبان و ادب میں بھی تکمیل کی منزلیں طے کر چکا ہو تو وہ ایران و پاکستان کے تعلقات کو خوشگوار اور لکھنے والوں کے روابط کو بہتر بنانے میں مفید

ثابت ہو سکتا ہے ۔ اس طرح فارسی زبان کے ایک فارغ التحصیل طالب علم کے معاشی مسئلہ کا حل بھی ممکن ہے ۔

آخر میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ فارسی زبان کے سیمینار کی کامیابی اور اس میں پیش کردہ تجاویز پر عمل کرنے کے لیے ایک ایسی کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جائے جس کی نگرانی میں یہ تمام امور انجام دیے جا سکیں ۔

ڈاکٹر سید محمد اکرم

رکن مجلس عاملہ انجمن دوستی ، ایران و پاکستان

گزارش سیمینار هفت روزۀ فارسی
پاکستان میں فارسی زبان و ادب کے تعلیمی مسائل کا جائزہ
(لاہور ، جون ۱۹۷۰ع)

یہ امر تشریح طلب نہیں کہ فارسی زبان و ادب ہی میں ہماری تمام ثقافتی ، فکری ، ملی ، اخلاق اور ادبی قدریں محفوظ ہیں ، لہذا اس زبان و ادب کا پاکستان میں محفوظ رکھنا ہمارا ملی فریضہ ہے ، لیکن مقام انسوس ہے کہ اس تمام اہمیت اور افادیت کے باوجود یہ گراں مایہ ادب رو بہ انحطاط ہے -

فارسی کے اس انحطاط کا مکمل جائزہ لینے اور اس کے دوبارہ فروغ کے لیے جہاں پاکستان کی دانشگاہوں اور دیگر درس گاہوں میں ایک احساس ابھر رہا تھا وہاں ''انجمن دوستی ایران و پاکستان،، نے بھی اپنا یہ فرض سمجھا کہ وہ پاکستان میں فارسی زبان و ادب کے احیا کے لیے مناسب اقدام کرے - چنانچہ یہ فیصلہ کیا گیا کہ لاہور میں ایک ہفت روزہ فارسی سیمینار منعقد کیا جائے ، جس میں فارسی زبان و ادب کے انحطاط سے متعلقہ مسائل کا صحیح اور مکمل جائزہ لیا جائے اور پاکستان کے اطراف و اکناف سے یونیورسٹیوں ، کالجوں اور ایران کے ثقافتی مرکزوں اور دیگر درسگاہوں کے اساتذہ کو دعوت دی جائے تاکہ وہ ایک جگہ جمع ہو کر اپنے تجربوں اور مشوروں سے ایک لائحۂ عمل تیار کرنے میں راہنمائی کریں ، جس سے پاکستان میں فارسی زبان و ادب کا تحفظ ہو سکے اور اس کے دوام و بقاء کی مستقل راہیں متعین کی جا سکیں - چنانچہ اس مقصد کے حصول کے لیے جو قدم پہلے اٹھایا گیا وہ یہ تھا کہ ملک کی تقریباً تمام نمائندہ درسگاہوں کے معلمین فارسی کو ایک مراسلہ بھیجا گیا ، جس میں مندرجہ ذیل چار استفسارات کیے گئے :

۱- گذشتہ چند سالوں میں فارسی زبان آپ کی درس گاہ میں کس نسبت سے رو بہ انحطاط ہوئی ہے یا نہیں ہوئی ؟

۲- طلباء فارسی پڑھنے میں کس خاص وجہ سے متردد ہیں ؟

۳- فارسی کا تعلیمی نصاب کیسا ہے ؟ اس کے مشکل یا غیر متوازن ہونے کی بنا پر طلباء اس سے کہاں تک احتراز کرتے ہیں ، نیز اسے کس حد تک بدلنے کی ضرورت ہے ؟

۴- فارسی کو زیادہ سے زیادہ مروج کرنے کے لیے ہمیں کیا کیا قدم اٹھانے چاہئیں ؟

ان استفسارات کے جواب ہمیں کافی تعداد میں موصول ہوئے ، جن کے مطالعہ سے متعلقہ درس گاہوں میں فارسی کے زوال و انحطاط اور اس کی تعلیم میں مشکلات و موانع کا اندازہ لگانے میں کافی مدد ملی ۔

اس ابتدائی جائزے کے پیش نظر انجمن نے ہفت روزہ سیمینار منعقد کرنے کے لیے ۲۲ جون سے ۲۸ جون ۱۹۷۰ع تک تواریخ متعین کیں اور سیمینار کے انعقاد کے لیے ہوٹل انٹرکانٹی نینٹل لاہور، انتخاب کیا گیا ۔ انجمن کے ۱۰ جون ۱۹۷۰ع کے مشاورتی جلسے میں ڈاکٹر عبدالشکور احسن کو سیمینار کا جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا اور مندرجہ ذیل پانچ کمیٹیاں سیمینار کی تنظیم و ترتیب کے لیے تشکیل کی گئیں :

دبیر خانہ

۱- ڈاکٹر سید محمد اکرم	(رئیس)
۲- ڈاکٹر ظہورالدین احمد	(رکن)
۳- ڈاکٹر محمد بشیر حسین	,,

استقبالیہ کمیٹی

۱- کرنل شہباز خان	(رئیس)
۲- خانم مہر انگیز زہرا شیرازی	,,
۳- خانم سرتاج واجد علی	,,
۴- جناب علی حضور نجفی	,,

نمائش کمیٹی

۱- ڈاکٹر محمد بشیر حسین	(رئیس،
۲- ڈاکٹر مس ممتاز طفیل	(رکن)
۳- جناب محمود الحق جعفری	,,

پروگرام کمیٹی

۱- جناب سجاد حسین مہکری	(رئیس)
۲- سید ذوالفقار علی	(رکن)

۳- جناب محمد اکرم ,,

۴- جناب علی حضور نجفی ,,

پریس کمیٹی

۱- جناب ممتاز احمد خان (رئیس)

۲- جناب علی حضور نجفی (رکن)

۳- ڈاکٹر سید محمد اکرم ,,

انجمن کے دعوت ناموں کو قبول فرماتے ہوئے مندرجہ ذیل ارباب دانش نے اس سیمینار میں مندوبین کی حیثیت سے شرکت کی :

۱- ڈاکٹر علی اکبر جعفری ، رئیس فارسی اکیڈمی ، اسلام آباد

۲- آقای محمد جعفر جوان ، رئیس خانۂ فرہنگ ایران ، کراچی

۳- خانم ایران تاج ، رئیس خانۂ فرہنگ ایران ، کوئٹہ

۴- آقای پرویز یغمائی ، رئیس خانۂ فرہنگ ایران ، راولپنڈی

۵- ڈاکٹر غلام حسین ریاحی ، رئیس خانۂ فرہنگ ایران ، پشاور

۶- پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر ، پرنسپل ، یونیورسٹی اوریئنٹل کالج ، لاہور

۷- ڈاکٹر نبی بخش قاضی ، صدر شعبۂ فارسی و السنۂ خارجی ، دانشگاہ حیدر آباد ، سندھ

۸- ڈاکٹر عبدالحمید عرفانی ، پرنسپل ، اسلامیہ کالج ، گوجرانوالہ

۹- ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی ، صدر شعبۂ فارسی و اردو ، دانشگاہ ڈھاکہ

۱۰- ڈاکٹر سبط حسن رضوی ، صدر شعبۂ فارسی ، گورنمنٹ کالج ، راولپنڈی

۱۱- ڈاکٹر محمد کلیم سہسرامی ، استاد شعبۂ فارسی ، دانشگاہ راجشاہی

۱۲- ڈاکٹر کے - بی - نسیم ، صدر شعبۂ فارسی ، دانشگاہ پشاور

۱۳- ڈاکٹر انعام الحق کوثر ، پرنسپل ، انٹر کالج ، مستونگ

۱۴- ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی ، میونسپل کالج ، لائل پور

۱۵- کرنل نذیر احمد ، راولپنڈی

۱۶- سرگرد پرتوی ، معلم فارسی راولپنڈی

ان حضرات کے علاوہ دانشگاہ پنجاب اور دیگر مقامی کالجوں کے اکثر معلمین فارسی نے سیمینار میں شرکت کی اور مباحث میں حصہ لیا ۔

۲۲ جون ۱۹۷۰ع بروز پیر پانچ بجے شام سیمینار کا افتتاحی جلسہ جناب ڈاکٹر محمد حسین مشائخ فریدنی ، سفیر شاہنشاہ آریا مہر کی صدارت میں منعقد ہوا ۔ سفیر معظم نے اپنی صدارتی تقریر میں فرمایا

کہ فارسی زبان و ادب اہل پاکستان کا گراں بہا ملی ورثہ ہے جس کی اخلاق ، ادبی اور دیگر اعلیٰ اقدار تشکیل پاکستان کے پس منظر میں کارفرما نظر آتی ہیں۔ لہذا اس زبان و ادب کا تحفظ و دوام اہل پاکستان کا اہم فریضہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اس سلسلے میں حکومت شاہنشاہی ایران ہر ممکن امداد اور تعاون کرنے کے لیے ہر وقت آمادہ ہے۔

اس جلسے میں پروفیسر نامدار خان ، سیکرٹری محکمہ تعلیم ، مغربی پاکستان نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ، انہوں نے سفیر معظم کی تقریر کے جواب میں فرمایا کہ ہمیں فارسی زبان و ادب کے اس ملی ورثے کی اہمیت کا پورا پورا احساس ہے اور حکومت مغربی پاکستان اس کے تحفظ و بقاء کے لیے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتی ہے۔

ازاں بعد خانم مریم بہنام ، رئیس خانۂ فرہنگ ایران ، لاہور نے پاکستان میں فارسی زبان کے تابناک ماضی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر فی الواقع اس سرزمین میں آج فارسی ادب رو بہ انحطاط ہے تو امید ہے کہ اس سیمینار کے مندوبین اور دیگر فاضل اساتذہ حقیقت حال کا گہرا مطالعہ کرکے اس کی چارہ جوئی کے لیے مناسب تدابیر پیش کریں گے تاکہ ان کی روشنی میں فارسی کو دوبارہ فروغ دینے کے لیے لائحۂ عمل تیار کیا جائے۔

جلسے کے آخر میں مہمان خصوصی نے کتابوں کی نمائش کا افتتاح کیا ، جو دو دن تک حاضرین کی توجہ کا مرکز بنی رہی۔ سیمینار کا دوسرا جلسہ ۲۰ جون ۱۹۷۰ء بروز منگل ہوا ، جس کی صدارت جناب پروفیسر علامہ علاء الدین صدیقی ، رئیس دانشگاہ پنجاب ، لاہور نے فرمائی۔ اس جلسے میں پروفیسر ڈاکٹر نبی بخش قاضی نے اپنا مقالہ پڑھا ، جس میں انہوں نے سندھ میں فارسی زبان و ادب کی تاریخ اور سندھ کے ایران کے ساتھ قدیم ترین روابط کی نشاندہی کی۔ سندھ میں فارسی کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے اس کے نشو و نما کے لیے فرمایا کہ اردو کے نصاب میں پچاس فیصد فارسی مواد شامل کیا جائے۔ مزید انہوں نے کہا کہ فارسی کی تدریس میں عربی کی تدریس بھی ایک حد تک ضروری قرار دی جائے۔

ڈاکٹر وحید قریشی استاد زبان اردو ، دانشگاہ پنجاب ، لاہور نے ''لزوم تجدید نظر در تدریس فارسی در پاکستان'' کے موضوع پر مقالہ پڑھا ، جس میں انہوں نے فرمایا کہ ہمارے ہر درجے کے نصاب کی تدوین میں مقصد کو پیش نظر رکھا جائے۔ دوسرے یہ کہ نصاب کی تدوین اور درجہ بندی کو احتیاط سے ملحوظ رکھا جائے۔ تیسرے یہ کہ تعلیم کی طرف ہمارا رجحان قدیم سے جدید فارسی کی طرف ہونا چاہیے۔

تیسرا مقالہ ڈاکٹر عبدالشکور احسن استاد زبان فارسی ، دانشگاہ پنجاب نے ''فارسی سرمایۂ فرہنگی ما'' کے موضوع پر پڑھا ، جس میں انہوں نے پاکستان میں فارسی زبان و ادب کی اہمیت پر

تفصیل سے روشنی ڈالی اور فرمایا کہ مختلف پہلوؤں سے اس کی اہمیت کے پیش نظر اس ملک میں فارسی زبان و ادب کا تحفظ ہمارا فرض ہے ۔ مزید آپ نے مثالیں دے کر بتایا کہ ایرانی بہت سے عربی کے کلمات و تراکیب استعمال کرتے ہیں جب کہ ہمارے ہاں ان کے مترادفات خالص فارسی میں موجود ہیں۔

آخر میں صدر جلسہ جناب رئیس دانشگاہ نے فرمایا کہ فارسی زبان و ادب کے فروغ کے لیے سیمینار کی طرف سے جو قراردادیں دانشگاہ پنجاب سے متعلق ہوں گی ، انہیں عملی جامہ پہنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی ۔

تیسرا جلسہ ۲۴ جون ۱۹۷۰ع بدھ کے روز جناب ڈاکٹر جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمٰن کی صدارت میں منعقد ہوا ۔ اس اجلاس میں جناب ڈاکٹر عبادت بریلوی ، صدر شعبۂ اردو ، دانشگاہ پنجاب نے ''نقش فارسی در ترویج زبان و ادبیات اردو'' کے موضوع پر مقالہ پڑھا اور اردو زبان پر فارسی کے نہایت گہرے اثرات کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا کہ اردو کی ترویج میں فارسی نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے اور اردو شاعری کی بیشتر رنگینی اور رعنائی فارسی ہی کی مرہون منت ہے ، لہذا اس کی حفاظت ہم پر واجب ہے ۔ دوسرا مقالہ ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی نے پڑھا ، عنوان تھا ''اردو کی تشکیل میں فارسی کا حصہ''۔ انہوں نے بتایا کہ اردو کے افعال اور متعلقات فعل تک فارسی سے لیے گئے ہیں اور لفظ سازی کے نقطۂ نظر سے بھی اردو زبان فارسی کی مرہون منت ہے ، اردو سے فارسی سابقوں اور لاحقوں کا نکالنا ناممکن ہے ۔ تیسرا مقالہ جناب ڈاکٹر علی اکبر جعفری نے ''تاریخ زبان در پاکستان و مقام فارسی در آن'' کے موضوع پر پڑھا ، جس میں آپ نے قدیم الایام سے آج تک مختلف ادوار میں پاکستان کی مختلف زبانوں کے نقطۂ آغاز اور ان کے تدریجی ارتقا پر تحقیقی بحث کی اور نتیجہ اخذ کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستان کی اکثر زبانوں میں فارسی کا عنصر نمایاں حیثیت رکھتا ہے ۔

آخر میں صدر جلسہ جناب ڈاکٹر جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمٰن نے فرمایا کہ کسی زمانے میں جو شخص فارسی لکھا پڑھا نہیں ہوتا تھا ، اسے مہذب تصور نہیں کیا جاتا تھا ، انہوں نے مزید فرمایا کہ ہمارے قومی شاعر علامہ محمد اقبال کے کلام کو سمجھنے کے لیے بھی اردو کے طلباء فارسی پڑھیں اور تجویز پیش کی کہ ایم ۔ اے اردو کے نصاب میں ایک یا دو پرچے فارسی کے ہونے ضروری ہیں ۔ ضمناً فرمایا کہ فارسی پڑھنے والوں کے لیے عربی ضروری قرار دی جائے ۔

جلسے کے آخر میں صدر محترم نے تصاویر کی نمائش کا افتتاح فرمایا ۔

چوتھا جلسہ ۲۵ جون ۱۹۷۰ع بروز جمعرات پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر پرنسپل یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کی صدارت میں منعقد ہوا ۔ اس جلسے میں پہلا مقالہ ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی نے ''فارسی کے زوال و انحطاط کے اسباب'' کے موضوع پر پڑھا ۔ آن کے خیال میں فارسی کا انحطاط دراصل فورٹ ولیم کالج کلکتہ کی تأسیس اور انجمن پنجاب کے قیام سے شروع ہوا تھا اور جب سے انگریزی ادب

کے ترجمے اردو میں ہونے شروع ہوئے تھے اس وقت سے نامحسوس طور پر مشرقی ادب خصوصاً فارسی کی طرف توجہ کم ہونے لگی ۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اقتصادی امداد سے کہیں زیادہ اخلاقی اور روحانی مدد کی ضرورت ہے اور یہ مدد ہمیں غزالی ، سعدی ، رومی اور حافظ کے ہاں سے مل سکتی ہے ۔ دوسرا مقالہ پروفیسر ڈاکٹر احمد علی پناہی استاد فارسی ، دانشگاہ پنجاب لاہور نے ''سابقۂ تاریخی زبان فارسی در پاکستان'' کے موضوع پر پڑھا ۔ انہوں نے برصغیر پاک و ہند میں فارسی زبان کے آغاز و ارتقا کی پوری داستان بیان کی اور بتایا کہ مختلف شاہی خاندانوں میں فارسی کے فروغ کے لیے آج بھی سرحد ، چترال ، قبائلی ہزارہ اور قزلباش خاندانوں میں فارسی گفتگو کا رواج ہے ۔

تیسرا مقالہ ڈاکٹر سید محمد اکرم استاد فارسی ، دانشگاہ پنجاب نے ''مسئلۂ فارسی قدیم و جدید'' کے موضوع پر پڑھا ، جس میں انہوں نے یہ واضح کیا کہ فی الحقیقت جو فارسی ہمارے ہاں جدید فارسی کے نام سے متعارف کرائی گئی ہے وہ ایران کی تکلمی اور اخباری زبان ہے اور افسانہ ناول اور ڈرامہ تک محدود ہے ورنہ اعلیٰ سطح کی تصانیف کی زبان بہت حد تک وہی ہے ، جو ہمیں کلاسیکی ادب میں ملتی ہے ۔

مقالہ نگار نے تجویز کیا کہ ہمارے ملک کی ابتدائی کتب نصاب میں سے جدید عنصر زیادہ حد تک خارج کر دیا جائے ۔ عام طور پر تہرانی تلفظ کو بھی جدید فارسی تصور کر لیا گیا ہے حالانکہ وہ ایک مقامی لہجے سے زیادہ کچھ بھی نہیں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ درسی مواد کو کم کرکے حتی الامکان آسان کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلباء اس کی طرف مائل ہوں ۔ نیز تجویز پیش کی کہ ملک میں ایران کے ثقافتی مرکزوں میں جو فارسی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں انہیں یہاں کے معیار اور ضرورت کے مطابق تدوین کیا جائے ۔ آخر میں صدر جلسہ پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر نے ''پاکستان میں فارسی کی اہمیت'' کے موضوع پر مقالہ پڑھا ۔ اس مقالے میں آپ نے تیمرگڑھ اور بغلان میں آثار قدیمہ کی دریافت سے پاک و ہند کے ایران سے قدیم روابط پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ فارسی میں ہماری تاریخ کو صحیح طور پر سمجھنے اور لکھنے کے لیے اصل مآخذ سے استفادہ کرنے کی خاطر فارسی کا سیکھنا ضروری ہے ۔ آخر میں آپ نے اس بات کی طرف توجہ مبذول کرائی کہ فارسی کے فارغ التحصیلوں کے لیے روزگار مہیا جائے ۔

آخر میں ایک دستاویزی پاکستانی فلم دکھائی گئی ۔ اسی شب خانۂ فرہنگ ایران ، گلبرگ میں پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی اور سید محمد اکرم کے اہتمام سے ایک محفل مشاعرہ ترتیب دی گئی جس میں اردو اور فارسی کے متعدد نامور شعرا نے شرکت کی ۔

پانچواں جلسہ ۲۶ جون ۱۹۷۰ع بروز جمعہ ڈاکٹر عبدالحمید عرفانی کی صدارت میں منعقد ہوا ، جس میں پہلا مقالہ ڈاکٹر اے ۔ ڈی ۔ ارشد نے ''پاکستان میں فارسی کے انحطاط کے اسباب اور ان کا

تدارک'' کے موضوع پر پڑھا ۔ انہوں نے انحطاط کے اسباب کا جائزہ لینے کے بعد تدارک کے لیے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کیں :

۱- میٹرک کے آرٹس گروپ میں فارسی اور عربی کو لازمی قرار دیا جائے ۔

۲- ایف ۔ اے میں فارسی کو اقتصادیات کے ساتھ ایک گروپ میں نہ رکھا جائے ۔

۳- فاضل فارسی کی کلاسیں دوبارہ جاری کی جائیں ۔

۴- مخطوطات فارسی کی تصحیح کرکے انہیں شائع کیا جائے ۔

۵- محکمہ اوقاف صوفیا کی تصانیف کو شائع کرنے کا اہتمام کرے ۔

۶- حکومت ایران سے درخواست کی جائے کہ وہ ہمارے سکولوں اور کالجوں کے اساتذہ کو وظائف دے کر ایران آنے کا موقع دے تاکہ وہ جدید لہجہ اور الفاظ کا استعمال سیکھ کر بچوں کو پڑھا سکیں ۔

۷- ریڈیو اور ٹیلیویژن کے توسط سے بھی تدریس فارسی کا انتظام کیا جائے ۔

دوسرا مقالہ ڈاکٹر انعام الحق کوثر نے ''فارسی زبان و ادب کی تاریخ اور اہمیت'' کے متعلق پڑھا اور خاص طور پر بلوچستان میں فارسی کے رواج اور فروغ کی تاریخ پر روشنی ڈالی اور آخر میں چند تجاویز بھی پیش کیں ، جو حسب ذیل ہیں :

۱- سکولوں میں فارسی کے اساتذہ کو بھی انگریزی کے استادوں کے برابر تنخواہ ملے ۔

۲- طلباء کے لیے سمعی و بصری وسائل مہیا کیے جائیں ۔

۳- استادوں کو وظیفے دے کر ایران بھیجا جائے تاکہ وہ معلومات کے علاوہ جدید لہجہ بھی سیکھ سکیں ۔

ان دو مقالوں کے بعد سیمینار کے علمی و ادبی مسائل پر بحث کے لیے چند حضرات کو دعوت دی گئی ۔ بحث کا آغاز جناب سید ذوالفقار علی نے فرمایا اور ان کے بعد ڈاکٹر محمد کاظم سہسرامی نے ملک میں فارسی کے فروغ کے لیے عموماً اور مشرق پاکستان کے لیے خصوصاً مندرجہ ذیل تجاویز پیش کیں :

۱- مشرق پاکستان میں تکمی فارسی کا ایک پرچہ ضرور ہونا چاہیے ۔

۲- مشرق پاکستان میں ایرانی فرہنگ و ہنر اور تاریخ کا ایک پرچہ شامل نصاب کیا جائے تاکہ ایک فارسی کا فارغ التحصیل کسی اخبار یا وزارت خارجہ میں بھی کام کر سکے ۔

۳- نصاب کی کتابوں کی صحیح طباعت اچھے کاغذ پر ہو ۔ ان کتابوں میں طرز املا ایرانی ہو ۔

۴- ایم ۔ اے فارسی کے لیے عربی کا پرچہ لازمی ہو ۔

۵- ایم ۔ اے اردو کے لیے فارسی کا پرچہ ہو ۔

۶- علم عروض و بلاغت کو بھی شامل نصاب کیا جائے ۔

۷- تمام یونیورسٹیوں کے نصاب میں یکسانیت ہونی ضروری ہے -

۸- ایران کے ثقافتی مرکز کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تکلمی فارسی پڑھانے میں مدد دیں -

آخر میں صدر جلسہ ڈاکٹر عبدالحمید عرفانی نے فرمایا کہ فارسی زبان و ادب ہمارا ملی اور معنوی سرمایہ ہے ، جو ہمیں اپنے دین اور ایمان کی طرح عزیز ہے - چنانچہ اس سرمائے کے تحفظ کی خاطر ہمیں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے - آپ نے مزید فرمایا کہ معاشرے میں صرف معلم ہی اعلی انسانی اقدار کی حفاظت کے فرائض انجام دے سکتا ہے اور آدم گری صرف اسی کا کام ہے - لہذا ایک قوم کے لیے ضروری ہے کہ وہ معلم کا صحیح مقام اور احترام ملحوظ رکھے - ضمناً اساتذہ کے لیے بھی یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے وقار کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر طرح کی مادی قربانی دینے سے دریغ نہ کریں -

جلسے کے آخر میں ایک دستاویزی ایرانی فلم دکھائی گئی -

سیمینار کا چھٹا جلسہ ڈاکٹر علی اکبر جعفری کی صدارت میں بتاریخ ۲۷ جون ۱۹۷۰ع بروز ہفتہ منعقد ہوا جس میں سید وزیر الحسن عابدی استاد زبان فارسی ، دانشگاہ پنجاب نے ''اصلاح روش تدریس فارسی'' کے موضوع پر مقالہ پڑھا اور بتایا کہ نصابی کتابوں میں مصرعوں اور جملوں کی تجزیاتی ترتیب ملحوظ رکھی جائے تاکہ پڑھنے اور پڑھانے والوں کو آسانی رہے - مکرر یہ کہ اسباق میں اسلوبیاتی توضیحات مندرج کی جائیں نیز قدیم الفاظ کی تشریح میں جدید مروج الفاظ دیے جائیں - تاکہ قدیم و جدید کا فرق واضح ہو سکے -

دوسرا مقالہ ڈاکٹر سید سبط حسن رضوی نے پڑھا اور بتایا کہ ہماری زندگی ہمارے اپنے ادب کے احیاء میں ہے اور بیگانوں کی ثقافت سے احتراز کرنا چاہیے - نیز یہ جاننا چاہیے کہ ہماری ثقافت کا تشخص قطعی طور پر فارسی ادب ہے -

ان دو مقالوں کے بعد تجاویز پیش کرنے کی دعوت دی گئی - چنانچہ ڈاکٹر محمد بشیر حسین استاد زبان فارسی ، دانشگاہ پنجاب نے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ چھٹی سے آٹھویں جماعت تک فارسی کو لازمی قرار دیا جائے اور نویں سے بارھویں جماعت تک فارسی اور عربی میں سے ایک مضمون کو پڑھنا ضروری ہو اور بی - اے میں فارسی ، اردو اور عربی میں سے کسی ایک مضمون کا پڑھنا لازمی قرار دیا جائے - آپ نے مزید فرمایا کہ بی - ایس سی میں فارسی اختیاری مضمون کی حیثیت سے کما فی السابق جاری رہے اور ملک کے تمام ٹریننگ کالجوں میں فارسی کی تعلیم دیگر مضامین کی طرح لازمی ہو - بعد ازاں پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی نے تجاویز پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ ایم - اے فارسی کے فارغ التحصیلوں کو سکولوں میں تدریس کا موقع فراہم کیا جائے -

۲- فارسی کے معلمین کے لیے اورینٹل کالج میں تین ماہ کا ریفریشر کورس رکھا جائے -

۳۔ اسی کالج میں فارسی کو دیگر خارجی زبانوں کی طرح تدریس کیا جائے اور اس پر ڈپلوما دیا جائے۔

۴۔ پاکستان میں ایرانی مطبوعات کی فروخت کا مناسب انتظام ہونا چاہیے، جو سستے داموں دستیاب ہو سکیں۔ اردو کی تدریس کے ساتھ ساتھ ابتدائی جماعتوں میں فارسی زبان کی تدریس ضروری قرار دی جائے۔

۵۔ ایم۔اے اردو میں فارسی زبان و ادب کے کم سے کم دو پرچے لازمی طور پر پڑھائے جائیں۔

جناب جعفر قاسمی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ سمعی و بصری وسائل سے فارسی سکھانے کا اہتمام بالخصوص دور افتادہ نقاط میں کیا جائے۔ نیز انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں میں رومی پروفیسر کی ایک کرسی قائم کی جائے۔

جناب اقبال میرزا استاد فارسی ایف۔سی کالج لاہور نے موجودہ نصاب کی مشکلات پر توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ ہمارا تدریسی مواد موجودہ صورت میں نہایت مشکل ہے اور اسے آسان بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے تجویز کیا کہ ایف۔اے کے نصاب سے انشا پردازی کا حصہ حذف کر دیا جائے۔ مزید فارسی کے فروغ کے لیے بہتر ہوگا اگر بی۔ایس سی کے امتحانات میں اردو کو ذریعہ امتحان قرار دیا جائے۔ تاکہ امیدوار فارسی زبان و ادب سے متعلق سوالات کا جواب انگریزی کی بجائے اردو میں لکھ سکیں۔ آخر میں ڈاکٹر ظہور الدین احمد صدر شعبۂ فارسی، گورنمنٹ کالج لاہور نے تجویز پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستان کی ہر دانشگاہ میں پی ایچ۔ڈی کی کلاسیں شروع کی جائیں اور صاحب استعداد طلباء کو وظائف دے کر انہیں تحقیق کی تربیت دی جائے۔ نیز بعض فاضل اشخاص کو دو دو سال کے لیے یونیورسٹی میں سکالر کی حیثیت سے معقول تنخواہ پر متعین کیا جائے تاکہ وہ ایک منصوبے کے تحت مختلف علمی و ادبی موضوعات پر تحقیق کریں یا مخطوطات کو تصحیح و تعلیقات کے ساتھ اشاعت کے لیے مرتب کریں۔ ایف۔اے میں فارسی کو حسب سابق اضافی مضمون کی حیثیت سے شامل کیا جائے۔ نیز ہر یونیورسٹی میں فارسی مخطوطات اور تحقیقی مقالات کی طباعت کے لیے ایک فنڈ مختص کیا جائے۔

آخر میں صدر جلسہ نے ایران و پاکستان کے محکم روابط پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ ایران و پاکستان کی مشترک میراث کو بھی مشترک نہیں کہنا چاہیے کیونکہ اس سے بھی شرک کی بو آتی ہے۔ بلکہ اسے میراث یگانہ کے نام سے یاد کرنا چاہیے۔

رات کو خانم بہنام نے مندوبین اور دیگر شرکائے سیمینار کے اعزاز میں خانۂ فرہنگ ایران، گلبرگ، کے دلکش اور مزین چمن میں ایک پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا جس میں بعض دیگر ممتاز افراد نے بھی شرکت کی۔ ضیافت کے بعد مہمانوں کو قوالی سے محظوظ کیا گیا۔

سیمینار کا ساتواں اور آخری اجلاس جناب پروفیسر حمید احمد خاں صاحب کی زیر صدارت ۲۸ جون ۱۹۷۰ء بروز یکشنبہ منعقد ہوا ۔

ڈاکٹر سید محمد اکرم نے سیمینار کی رپورٹ پیش کی ۔

جعفر قاسمی صاحب نے تجویز کیا کہ سیمینار کا اگلا جلسہ مشرق پاکستان میں منعقد کیا جائے ۔

ڈاکٹر عبدالشکور احسن نے سیمینار کی قراردادیں جلسہ میں پیش کیں، جنہیں متفقہ طور پر منظور کیا گیا ۔

پروفیسر حمید احمد خاں صاحب نے قراردادوں کا خیر مقدم کیا اور فارسی زبان کی کامیابی کے لیے جسے ایسٹ انڈیا کمپنی نے ۱۸۳۵ء میں سرکاری حیثیت سے محروم کر دیا تھا کامیابی کی دعا کی ۔

ڈاکٹر عبداللہ مظاہری، مستشار فرہنگی مفارت ایران نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے سیمینار کی رونق بڑھائی ۔ انہوں نے جعفر قاسمی صاحب کی اس تجویز کا خیر مقدم کیا کہ اگلا سیمینار مشرق پاکستان میں منعقد کیا جائے ۔ سیمینار کے خاتمے پر ڈاکٹر عبدالشکور احسن نے انجمن دوستی ایران و پاکستان کی طرف سے جناب صدر ، ڈاکٹر مظاہری اور باقی تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا ۔

یہ روداد خانہ ہای فرہنگ ایران لاہور کی ممتاز ڈائرکٹر سرکار خانم بہنام کے ذکر کے بغیر تشنۂ تکمیل رہے گی جن کی مستقل اور کامل توجہ ، ہر ممکن امداد و راہنمائی اور مساعی جمیلہ کے بغیر سیمینار کو یہ زبردست کامیابی نہیں ہو سکتی تھی ۔ حقیقت یہ ہے کہ خانم بہنام سیمینار کی روح رواں تھیں جنہوں نے بے پناہ جوش و خروش ، ہمت ، فہم و فراست اور مہمان نوازی سے سیمینار کو کامیاب کرانے میں نہایت ممتاز کردار ادا کیا ۔ انجمن سرکار خانم بہنام کی ہر ممکن مدد و راہنمائی اور حوصلہ افزائی پر صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتی ہے ۔

هفت روزہ سیمینار فارسی کی منظور شدہ قراردادیں

ہفت روزہ سیمینار فارسی کے انعقاد سے پہلے انجمن دوستی ایران و پاکستان کی طرف سے مختلف کالجوں اور سکولوں کے فارسی کے اساتذہ کے نام فارسی زبان کے نصاب اور اس کی موجودہ صورت حال کے متعلق ایک مختصر سوالنامہ ارسال کیا گیا تھا تاکہ ان کے جوابات کی روشنی میں آئندہ فارسی کی ترویج و اشاعت کے لیے ایک لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ اس سلسلے میں انجمن کو متعدد جواب موصول ہوئے۔ خود سیمینار میں پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں اور متعدد کالجوں کے فارسی اور اردو کے اساتذہ نے ان موضوعات پر مقالے پڑھے اور تجاویز کی روشنی میں سیمینار نے فارسی زبان کے تحفظ اور اس کے فروغ کے لیے مندرجہ ذیل قراردادیں منظور کیں :

۱۔ مڈل کی جماعتوں میں جدید فارسی الفاظ و اصطلاحات کا استعمال صرف ناگزیر حالات میں کیا جائے اور ایسے کلمات استعمال کرنے کی کوشش کی جائے جن سے طلبا پہلے سے مانوس ہیں اور بڑی کلاسوں میں انہیں تدریجاً جدید الفاظ و محاورات سے آشنا کیا جائے۔

۲۔ چھٹی جماعت کی موجودہ درسی کتاب میں فارسی گرامر کے تمام قواعد کا استعمال سکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس عمر کے طالب علم کے لیے ایک تعلیمی سال میں ان تمام قواعد کا سمجھنا اور یاد رکھنا نہایت مشکل ہے۔ آئندہ ان قواعد کا استعمال ایک سال کی بجائے مڈل کی تین جماعتوں میں سکھایا جائے۔

۳۔ درسی کتب کی طباعت میں املا، اعراب، اوقاف کی صحت کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ بچے کو کتاب پڑھنے اور سمجھنے میں آسانی ہو۔

۴۔ چھوٹی اور بڑی سب جماعتوں کی درسی کتب میں آسان زبان استعمال کی جائے اور موضوعات کے انتخاب میں اخلاقی اقدار کو پیش نظر رکھا جائے۔

۵۔ بی۔ اے تک انشا کا حصہ نصاب سے خارج کر دیا جائے اور اسے صرف ایم۔ اے تک محدود رکھا جائے۔

۶۔ جہاں تک ممکن ہو ہر جماعت کے لیے فارسی کی ایک ہی درسی کتاب ہو۔ تمام یونیورسٹیوں میں ایم۔ اے فارسی کا نصاب یکساں ہو۔

۷۔ حکومت پاکستان سے درخواست کی جائے کہ وہ ان قراردادوں کی روشنی میں فارسی کی

درسی کتب کی تدوین کے لیے ایک کمیٹی نامزد کرے ۔

۸- موجودہ نظام تدریس میں سکولوں میں طلباء ڈرائنگ کو فارسی اور عربی پر ترجیح دیتے ہیں جس کی وجہ سے ان مضامین کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اس صورت حال کے پیش نظر عربی، فارسی میں سے طلباء کو ایک زبان اختیاری مضمون کی حیثیت سے پڑھنے کی اجازت دی جائے اور ڈرائنگ کو ان کا متبادل قرار نہ دیا جائے ۔

۹- اردو زبان میں فارسی عنصر کی اہمیت کے پیش نظر میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے اردو کے کورس میں پچیس فی صد فارسی کا نصاب شامل کیا جائے ۔

۱۰- انٹرمیڈیٹ میں حسب سابق فارسی کو اضافی مضمون کی حیثیت سے پڑھنے کی اجازت دی جائے ۔

۱۱- بی ۔ اے میں تاریخ اسلام اور تاریخ پاکستان و ہند کے طلباء کے لیے اضافی فارسی کا پرچہ لازمی قرار دیا جائے ۔

۱۲- اردو آنرز میں فارسی کے دو پرچے شامل کیے جائیں ۔

۱۳- تاریخ اور اردو ایم ۔ اے کے نصاب میں فارسی زبان و ادب کا ایک پرچہ لازمی قرار دیا جائے ۔

۱۴- پاکستانی یونیورسٹیوں میں تحقیقی وظائف کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور تحقیق کرنے والے طلباء کو معقول وظیفہ دیا جائے تاکہ فارسی زبان و ادب کے مختلف موضوعات پر تحقیق ہو سکے اور اہم مخطوطات کی تصحیح کی جا سکے ۔

۱۵- فارسی کے تحقیقی مقالات اور مخطوطات کی اشاعت کے لیے ہر یونیورسٹی میں مناسب رقم مخصوص کی جائے ۔

۱۶- یونیورسٹیوں میں جدید فارسی زبان کے لیے دوسری خارجی زبانوں کی طرح ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کلاسیں کھولی جائیں ۔

۱۷- بی ۔ ای ڈی اور ایم ۔ ای ڈی امتحانات میں فارسی کو (School Subject) قرار دیا جائے ۔

۱۸- پاکستان کی تمام یونیورسٹیوں کے ایم ۔ اے فارسی کے امتحان میں تکمی فارسی کا ایک پرچہ شامل کیا جائے ۔

۱۹- حکومت پاکستان سے درخواست کی جائے کہ :

۱- سکولوں میں فارسی کے اساتذہ کو وہی مقام اور تنخواہ دی جائے جو دوسرے مضامین کے اساتذہ کے لیے مقرر ہے ۔

٢- میٹرک کے فارسی کے اساتذہ کے پاس ایم - اے فارسی کی سند ہونی چاہیے -

٣- ایرانی کتب و رسائل کی درآمد کے لیے کتب فروشوں کو زیادہ سے زیادہ لائسنس اور زر مبادلہ کی سہولتیں مہیا کی جائیں -

٤- فارسی زبان و ادب کے اساتذہ اور طلباء کو ایران میں جانے اور فارسی سیکھنے کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جائیں -

٥- بیرونی ملکوں کے کتب خانوں کے اہم فارسی مخطوطات کی مائیکرو فلمیں حاصل کرنے کا اہتمام کیا جائے -

٦- ممتاز ایرانی دانشمندوں کو گاہے گاہے پاکستان میں آنے کی دعوت دی جائے -

